[illegible]



فہرست ظفر جلیل

[illegible]

[illegible]

بسم الله الرحمن الرحیم

حمد بیشمار ہی اوس پاک پروردگار کی لئی کہ ہمکو توفیق دی اپنی ذکر کی اور سپاس بیانتہا اوسی
شکر کی یا الٰہی درود و سلام بیحد نازل کر خاتم النبیین شفیع المذنبین رسول امین پر اور اونکی
اصحاب ابرار اور آل اطہار پر اور سب پر اور اس عاجز کو دنیا مین اتباع اونکا نصیب کر
اور حشر مین اونکی خادمون مین منسوب کر آمین آمین آمین یا اله العالمین بعد اسکی ضعیف
العباد محمد قطب الدین غفر الله له ولوالدیه بہائی مسلمانون کی خدمت مین التماس کرتا ہی
کہ کتاب مستطاب حصن حصین کہ مشتمل ہی حدیثون اور دعاؤن فرمائی ہوئی سرور عالم صلی الله
علیہ وسلم کی کو لائق اسکی ہی کہ اگر اوسکو تعویذ جان کا کرین بجا ہی اور آب زر سی لکہین تو
سزا ہی کیونکہ جو برکت اور کثرت ثواب کی اون دعاؤن وغیرہ مین ہو گی کہ زبان مبارک
رسول مقبول صلی الله علیہ وسلم کی سی نکلی ہوئی آیا ہوئی ہین ممکن نہین کہ غیر مین ہو پس ہر مومن کو
چاہئی کہ اوسکو وسیلہ نجات دارین کا کری کہ الله تعالی فرماتا ہی لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللهِ
اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِّمَن كَانَ يَرْجُو اللهَ وَالْيَوْمَ الْآخِرَ یعنی البتہ تمہاری لئی بیچ افعال رسول خدا کی

بڑی اچھی واسطی اوسکی کہ امید رکہتا ہی اللہ تعالی کی اور دن آخرت کی اس لیئی اس عاجز نی واسطی نفع
چاہنی مسلمانون کی اور وسیلہ کرنی مغفرت اپنی کی ترجمہ اوسکا ہندی مین موافق شرحون کے
لکہا اور فائدی اوسکی مشکوۃ اور شرح ملا علی قاری اور شرح شیخ فخر الدین رحمہما اللہ کیسی کہ اولاد
حضرت شیخ عبد الحق محدث دہلوی رحمہ اللہ کیسی ہین لکہی یعنی بعد ترجمہ دعا وغیرہ کی فضیلت اور حل
مطلب اوسکی لکہی اور دعائین بہی کہ خوب ہین اوسمین درج کین اور علامت فائدہ کے
ف کا لکہا اور بعد تمام ہونی کی اکثر جا ہی **کذا ذکر** کرنا م اوس کتاب کا یا کتاب والی کا
لکہا کہ جس سے وہ نقل کیا اور اخیر کتاب مین ایک خاتمہ لکہا کہ مشتمل ہی حدیثون خوش مضمون
اور بکار آمدنی کو کہ مشکوۃ وغیرہ مین سی چنکر اسی طرح ترجمہ اور فائدی اوسکی بہی لکہی اور وجہ اون
حدیثون کی لکہنی کے یہہ ہی کہ پرہیزگاری اور آراستگی نفس کے ہر کسی کو لازم ہی تا عبادت اچہی طرح
مقبول ہو چنانچہ امام غزالی رحمہ اللہ نی منہاج العابدین مین لکہا ہی کہ حاصل عبادت مین تین چیزین ہین
ایک توفیق اور مدد اللہ تعالی کی اور وہ پرہیزگارون کو ہوتی ہی جیسی کہ فرمایا اللہ تعالی نی
اِنَّ اللّٰہَ مَعَ الْمُتَّقِیْنَ یعنی مدد اور حفاظت اللہ تعالی کی ساتھ پرہیزگارون کے ہی اور دوسری اصلاح عمل کی
اور وہ بہی پرہیزگارون کی لیئی ہی جیسی کہ فرمایا اللہ تعالی نی یَا اَیُّہَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰہَ وَقُوْلُوْا قَوْلًا
سَدِیْدًا یُّصْلِحْ لَکُمْ اَعْمَالَکُمْ وَیَغْفِرْ لَکُمْ ذُنُوْبَکُمْ یعنی ای ایمان والو ڈرو اللہ سی اور پرہیزگاری کرو اور
کہو بات سنوار سنوار دیگا خدا تمہاری لیئی عمل تمہاری اور بخشیگا تمہاری لیئی گناہ تمہاری اور
تیسری قبول عمل اور وہ بہی پرہیزگارون کی لیئی ہی چنانچہ فرمایا ہی اِنَّمَا یَتَقَبَّلُ اللّٰہُ مِنَ الْمُتَّقِیْنَ یعنی
قبول نہین کرتا ہی خدا تعالی عمل کو مگر پرہیزگارون سی پس مدار عبادت کا ان تین چیزون پر ہوا اول
توفیق چاہئی تا عمل کرے بعد اوسکی سنوارنا چاہئی تا عمل بی نقصان ہووی بعد ازان قبول چاہئی تا فائدہ عبادت کا
حاصل ہو اور ان تین چیزون کی لیئی ہی تضرع اور سوال سب عابد و بکا رَبَّنَا وَفِّقْنَا لِطَاعَتِكَ وَتَمِّمْ تَقْصِيْرَنَا وَتَقَبَّلْ

اعمالنا یعنی ای رب ہماری توفیق دی ہمکو اپنی طاعت کی اور تمام کر تقصیر ہماری اور قبول کر عمل
ہماری اور یہہ تینون باتین تقوی سی میسر ہوتی ہین تمام ہوا کلام امام غزالی کا اور یہی مضمون سرور عالم
صلی اللہ علیہ وسلم کی دعاؤن سی بہی سمجہا جاتا ہی اور مصنف نی بہی اسپر اشارہ کیا ہی آداب
دعا مین پس اسی لئی اخیر مین ایسی حدیثین لاحق کی گئین کہ بیدار کرین خواب غفلت سی اور اونکی تاثیر
آدمی پرہیزگار ہوجاوی پس چاہئی یون کہ جسکو اللہ تعالی توفیق اس کتاب کی دعاؤن کی پڑہنی کی
دیوی وہ بعد اپنی تمام وظیفہ کی جسقدر ہوسکی پڑہا کرے اوسکا بہی اپنی پر لازم کری اور اہل علم خیال
اسکا نکرین کہ ہندی عبارت کو دیکہہ کر کیا کرینگی بلکہ یہہ دیکہین کہ جب عجائب و غرائب اسکی معلوم
ہونگی کہ ہر کسی کا مطلب اور حاجت برآری ہر امر کی اسمین موجود ہی آپ اپنی ہزار کام چہوڑ کر مشغول ہو
اپنی کو اسمین غنیمت اور بہبودی سمجہین گی کسواسطی کہ کوئی کام دین و دنیا کا ایسا نہین کہ اسمین
عقدہ کشائی اوسکی نہو اور زیادہ خوبی یہہ ہی کہ جب بہت سی کتابین دیکہین گی تب اتنی مطالب
معلوم کرینگی اسمین بی محنت موجود ہین اور حکیم خیر اللہ شاہ نی کہ احباء عاجز کی سی ہین تاریخ اس
شرح کی اتمام کی **ظفر جلیل** کہی اور یہی نام اسکا رکہا گیا یعنی اسپر عمل کرنی سی آدمی مطلب پائی
و فتحیاب دارین کا ہوتا ہی اور بعد طیار ہونیکی اول سی آخر تک بیچ حضرت مخدومی مکرمی استاذی
مولوی محمد اسحق صاحب زاد اللہ شرفا کی عرض کی اور از راہ کرم عمیم کی باوجود بی استعدادی
میرکی پسند فرمائی پس بعد اسکی بہی اگر کوئی صاحب غلطی ملاحظہ فرماوین شرحون سی تحقیق کر کر بنا دین
کہ بندہ بہر حال تقصیروار ہی رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَا اِنْ نَّسِيْنَا اَوْ اَخْطَاْنَا رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَا اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ
عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ وَاعْفُ عَنَّا وَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا اَنْتَ مَوْلٰنَا
فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ آمین رب العالمین اور جسکو اللہ تعالی توفیق دی اسکی
رواج دینی مین قصور نکری کہ حدیث شریف مین آیا ہی اَلدَّالُّ عَلَى الْخَيْرِ كَفَاعِلِهٖ یعنی جو اچھی بات کا

...تا ہی اوسکو بہی ثواب مثل ثواب کرنی والی اوسکی کی ہوتا ہی یا اللہ تو اس عاجز کو اور میری والدین
کو اور سب مسلمانون کو اس سی بہرہ مند کر اور اپنی رحمت خاص سی بخش دی اور ہماری گناہون پر
خیال نفرما اور اس کتاب کو قبول فرما اور خالص اپنی خوشنودی کی لئی گردان اور وہ کام کرا
ہمسی کہ جسمین تو راضی ہووی آمین یا معبود العالمین اور سند کتاب حصن حصین کی یہہ ہی کہ پڑہی
یہہ کتاب فقیر محمد قطب الدین بن محمد محی الدین بن عبد المجید معروف بہ شاہ حاجی احرار الدہلوی
غفر اللہ لہم نی حضرت مخدومی مکرمی معظمی مولوی محمد اسحق رحمۃ اللہ سی اور اونکو سند ہی حضرت
شیخ عبد العزیز رحمہ اللہ سی اور اونکو حضرت شیخ ولی اللہ محدث دہلوی سی اور اونکو شیخ ابو طاہر
مدنی سی اور اونکو شیخ ابراہیم کردی سی اور اونکو شیخ احمد قشاشی سی اور اونکو شیخ احمد بن عبد القدوس
شناوی سی اور اونکو شیخ شمس الدین احمد بن محمد رملی سی اور اونکو شیخ زین الدین زکریا انصاری
اور اونکو حافظ وقت تقی الدین محمد بن محمد بن محمد بن فہد الہاشمی المکی سی اور اونکو مؤلف
کتاب ابو الخیر محمد بن محمد بن محمد الجزری الشافعی سی اور احوال اس کتاب کی مؤلف کا
مولانا عبد العزیز محدث رحمہ اللہ نی بستان المحدثین مین یہہ لکہا ہی کہ نام انکا قاضی القضاۃ
شمس الدین محمد بن محمد بن محمد بن علی بن یوسف بن عمر ہی اور کنیت انکی ابو الخیر اصل مین دمشقی
ہین پہر شیرازی اور مشہور ساتہہ ابن الجزری کی باپ انکا سوداگر تہا ایک مدت دراز
اوسکی ہان فرزند نہوا جب حج کو گئی آب زمزم پیا اور دعا اولاد کی لئی کی حق تعالی نی
اونکو یہہ فرزند بزرگوار عطا فرمایا پچیسوین رمضان المبارک کی ہفتی کی رات مین بعد نماز
تراویح کی سنہ ۷۵۱ سات سو اکیاون ہجری مقدس مین دمشق مین پیدا ہوئی اور وہین نشو و نما
پایا اور فقہ اور حدیث خوب حاصل کی اور علم قرأت کو کامل کیا کہ اوسمین مہارت کلی پیدا
کی ... بنایا اوسکا نام دار القرآن رکہا بعد اوسکی شہر روم مین داخل ہوئی

اور اوس ملک وسیع مین علم قرأت اور حدیث کو پہیلایا اور لوگون کو نفع عظیم اوس سی پہونچا اور
ریاست علم قرأت کی ملکون اسلامیہ مین انکو مسلّم ہوئی اور تہی خوش شکل اور خوش لباس اور
زبان آور اور فصیح و بلیغ ملک روم مین انکو امام اعظم لقب دیا تہا اور بارہا ساتہ طواف
کعبہ کے مشرف ہوئی اور آخر شیراز مین استقامت پکڑی اور اوقات اونکی معمور
ساتہ ان تین شغلون کی قرأت قرآن کی یا سنانا حدیثون کا یا عبادت اور اونکی اوقات
مین ایک برکت محسوس تہی باوجودیکہ لوگ واسطی طلب ان دو علم شریف کی اوسپر ہجوم رکہتی تہی
اور مہمات اور اوراد و عبادات بہی کرتی تہی اور پہر اوس قدر تصنیف کرتی کہ ایک کاتب جید زود نویس
لکہہ سکی اور سفر اور حضر مین بیدار اور قائم اللیل رہتی اور ہرگز روزہ پیر اور جمعرات کا اونسی فوت
ہوتا اور تین روزی ہر مہینی کی بہی رکہتی اور کتابین اونکی سے نافع ترین النشر فی القرأۃ العشر کہ
بہت شہرت رکہتی ہی اور بہت کتابین کہ بعضون کی اوسنا لیس کہی ہین تصنیف کین سنہ ۸۳۳
آٹہ سو تینتیس مین وفات پائی الحمد للہ اولاً و آخراً و ظاہراً و باطناً کہ دیباچہ اسکا تمام ہوا اور
متن اور شرح اوسکی شروع ہوتی ہی منہ الاستعانۃ وعلیہ التکلان
وصلی اللہ علی خیر خلقہ محمد و آلہ و اصحابہ اجمعین برحمتک یا ارحم الراحمین

بسم اللہ الرحمن الرحیم

شروع کرتا ہون مین ساتہ نام اللہ بخشش کرنی والی مہربان کے
لا الہ الا اللہ عدۃ للقائہ کلمہ توحید کا سامان ہی واسطی دیدار خدا کی ف یہہ اشارہ
ہی حدیث قدسی کی مضمون پر لا الہ الا اللہ حصنی فمن دخل حصنی امن من عذابی یعنی
اللہ تعالی فرماتا ہی کلمہ توحید قلعہ میرا ہی جو کوئی داخل ہوا قلعہ میری مین امن مین ہوا عذاب میری سے اللہم
صل علی سید الخلق محمد وآلہ واصحابہ وسلم قال الفقیر العبد الضعیف المسکین

المنقطع الى الله الراجي من كرمه ان ينجيه من القوم الظالمين محمد بن محمد بن محمد بن
الجزري الشافعي لطف الله تعالى به في شدته یا اللہ رحمت نازل ہو اوپر سردار خلق
کی نام پاک اونکا محمد ہی اور اوپر اولاد اونکی کی اور اصحاب اونکی کی اور سلام ہو کہتا ہی محتاج
ضعیف مسکین جو ڈرنی والا لوگون کو رجوع کرنی والا طرف اللہ کی امیدوار کرم اوسکی کی
یہہ کہ خلاصی دی اوسکو قوم ظالمون سی محمد بیٹا محمد بیٹا محمد بیٹا جزری کا کہ شافعی ہی مہربانی کری
بلند بسبب اس کتاب کی بیچ سختی اوسکی کی ف مصنف نی اپنی کو فقیر کہا بسبب اس آیت کی
والله الغني وانتم الفقراء یعنی اللہ تونگر ہی اور تم محتاج اور مسکین کہا بسبب اس حدیث کی اللهم
احيني مسكينا وامتني مسكينا واحشرني في زمرة المساكين یعنی یا اللہ زندہ رکھ
مجکو مسکین اور مار مجکو مسکین اور حشر کر میرا مسکینون مین اور لفظ ضعیف کا اشارہ ہی اس آیت پر خلق
الانسان ضعيفا یعنی پیدا کیا گیا آدمی ضعیف اور دعا مین اشارہ کیا اپنی حال پر کہ ایک ظالم نی گھیر
رکھا تھا اور جزری نسبت جزیرہ ابن عمر رض کی طرف ہی جسمین مصنف رہتا تھا اما بعد حمد الله
الذي جعل الدعاء لرد القضاء والصلوة والسلام على محمد سيد الانبياء وعلى اله
وصحابه الاتقياء الاصفياء فان هذا الحصن الحصين من كلام سيد المرسلين
وسلاح المؤمنين من خزانة النبي الامين والهيكل العظيم من قول الرسول
الكريم والحرز المكنون من لفظ المعصوم المامون بذلت فيه النصيحة اي بعد
تعریف خدا کی جسنی گردانا دعا کو واسطی پھیرنی تقدیر کی اور پیچھی بھیجنی رحمت خاص اور سلام
اوپر محمد کی کہ سردار نبیون کی ہین اور اوپر اولاد اور اصحاب اونکی کی کہ پرہیزگار برگزیدہ ہین
پس تحقیق یہہ قلعہ محکم کلام سردار رسولون کی ہی اور یہہ ہتیار مومنون کا خزانہ نبی امانت دار کی ہی اور یہہ
تعویذ بڑا قول رسول بزرگ کی ہی اور یہہ گنڈا محفوظ کلام سچا نبی کی کہ گناہون سی بچی گئی ہی خرچ کی

یعنی سمین نصیحت ف تقدیرین دو ہین ایک معلق دوسری مبرم یعنی قطعی تقدیر معلق دعا
دواسی بدل جاتی ہی اور تقدیر مبرم کسی چیز سی نہین بدلی جاتی یہان معلق سی مراد ہی اور کلام مذکور
یعنی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی کلام سی ہی کہ امن پیچھے گناہون سی اور نصیحت خرچ کی یعنی اس کتاب کی
تصنیف کرنی مین خیرخواہی مسلمانونکی کی ہی کہ سبکو فائدہ دیگی وَاَخْرَجْتُہٗ مِنْ اَحَادِیْثِ الصَّحِیْحَۃِ
اَبْرَزْتُہٗ عُدَّۃً عِنْدَ کُلِّ شِدَّۃٍ وَجَرَّدْتُہٗ جُنَّۃً تَقِیْ مِنْ شَرِّ النَّاسِ وَالْجِنَّۃِ اور نکالا
مین اسکو حدیثون صحیح سی ظاہر کیا مینی اسکو دوحالی کہ سامان ہی نزدیک ہر سختی کی اور خالص کیا مین
اسکو دوحالی کہ سپر ہی کہ بچاتی ہی برائی آدمیون اور جنون کی سی ف یعنی اس کتاب کی حدیثون کو
بچنی کی لئی بلاؤن سی اور حدیثون مین سی کہ اونمین دعائین نہین مین چھانٹ لیا مینی تَحَصَّنْتُ بِہٖ فِیْمَا دَہَمَنِیْ مِنَ
الْمُصِیْبَۃِ وَاعْتَصَمْتُ مِنْ کُلِّ ظَالِمٍ بِمَا حَوٰی مِنَ السِّہَامِ الْمُصِیْبَۃِ روک کیا مینی ساتھ اسکی
بیچ اوس چیز کی کہ پیش آئی مصیبت سی اور بچاؤ کیا مینی ہر ظالم سی سبب اوس چیز کی کہ جمع کیا اس
کتاب نی تیرون پہنچنی والون سی ف یعنی نشانہ پر مار دیتی ہین سی دعائین اس کتاب کی
کہ جیسا تیر کام کرتا ہی نشانی پر ویسی ہی یہہ دعائین کام کرتی ہین اس لئی کہ رسول مقبول کی فرمانی مین ہرگز
احتمال خطا کا نہین پس اونکا ضرورتا کیون نہ تاثیر کری وَقُلْتُ شِعْرًا اَلَا قُوْلُوْا لِشَخْصٍ قَدْ
تَقَوّٰی عَلٰی ضَعْفِیْ وَلَمْ یَخْشٰی رَقِیْبَہٗ خَبَاْتُ لَہٗ سِہَامًا فِی اللَّیَالِیْ وَاَرْجُوْ
اَنْ تَکُوْنَ لَہٗ مُصِیْبَۃً اور کہا مینی شعر خبردار ہو کہو تم اوس شخص کو کہ تحقیق قوت ظاہر کی
اوپر ناتوانی میری کی اور نہ ڈرا نگہبان اپنی سی چھپا رکھی مینی واسطی اوسکی تیر راتون مین اور امید
رکہتا ہون مین یہہ کہ ہوین تیر اوسکو پہنچنی والی ف رقیب اوس نگہبان کو کہتی ہین
جس سی کوئی چیز پوشیدہ نہو یہہ صفت پروردگار ہی مین پائی جاتی ہی بفحوای قول اللہ تعالی کی
وَلَا تَحْسَبَنَّ اللّٰہَ غَافِلًا عَمَّا یَعْمَلُ الظّٰلِمُوْنَ اِنَّمَا یُؤَخِّرُہُمْ لِیَوْمٍ تَشْخَصُ فِیْہِ الْاَبْصَارُ یعنی اللہ تعالی کو

خلاصی پاوین ظالمون کی عداوت سی لیکن تاخیر دیتا ہی اونکو اوسدن تک کہ ٹہر جاوینگی آنکہین کہ وہ قیامت
ہی اور حیران اوپر دستی دعائین پہلی لکہی ہین کہ بہت قبول ہوتی ہین ایسی دعائین بادشاہون کی ظلم کی
تیرون کی ہین اوسکی دفع کی لئی کہین یعنی أَسْأَلُ اللّٰهَ الْعَظِيمَ أَنْ يَنْفَعَ بِهِ وَأَنْ يُفَرِّجَ عَنْ كُلِّ
مُسْلِمٍ بِسَبَبِهِ عَلَى أَنَّهُ مَعَ اقْتِصَارِهِ وَاخْتِصَارِهِ لَمْ يَدَعْ حَدِيثًا صَحِيحًا فِي بَابِهِ إِلَّا
اسْتَحْضَرَهُ وَأَتَى بِهِ مانگتا ہون مین اللہ بڑی سی یہہ کہ نفع دی سبب اس کتاب کی یعنی
مسلمانون کو ہر حالت مین اور یہہ کہ دور کری غم ہر مسلمان کی سبب اسکی مانگتا ہون بنا اسکی کہ تحقیق
اسنی باوجود اسکو تاہی اور چہوٹی ہونی اپنی کی نہین چہوڑی کوئی حدیث صحیح بیچ باب اپنی کی یعنی دعا
وغیرہ کی مگر کہ جمع کیا اوسکو اور لائی اوسکو **ف** ۔ اقتصار کہتی ہین لفظ اور معنی کی تہوڑی
ہونی کو اور اختصار کہتی ہین اوسکو کہ لفظ تہوڑی ہون اور معنی بہت وَلَمَّا أَكْمَلْتُ تَرْتِيبَهُ وَتَهْذِيبَهُ
طَلَبَنِي عَدُوٌّ لَا يُمْكِنُ أَنْ يَدْفَعَهُ إِلَّا اللّٰهُ تَعَالَى فَهَرَبْتُ مِنْهُ مُخْتَفِيًا وَتَحَصَّنْتُ
بِهٰذَا الْحِصْنِ الْحَصِينِ فَرَأَيْتُ سَيِّدَ الْمُرْسَلِينَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا جَالِسٌ
عَلَى يَسَارِهِ وَكَأَنَّهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَا تُرِيدُ فَقُلْتُ لَهُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ
ادْعُ اللّٰهَ لِي وَلِلْمُسْلِمِينَ فَرَفَعَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَيْهِ الْكَرِيمَتَيْنِ وَأَنَا أَنْظُرُ إِلَيْهِمَا
فَدَعَا ثُمَّ مَسَحَ بِهِمَا وَجْهَهُ الْكَرِيمَ ۔ اور جب پوری کی مینی ترتیب اور اصلاح اسکی طلب کیا
مجکو دشمن نی کہ نہین ممکن تہا یہہ کہ دفع کری اوسکو کوئی مگر اللہ سو بہاگا مین اوس سی چہپکر
اور محافظت کی مینی ساتہہ اس قلعہ محکم کی یعنی ساتہہ پڑہنی اور ہمیشہ وظیفہ کرنی اسکی کی پس دیکہا
مینی سردار رسولون کی کو خواب مین رحمت فرماوی ان پر اللہ اور سلام اور مین تہا بیٹہا ہوا
بائین طرف اونکی اور گویا کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم فرماتی ہین کیا چاہتا ہی تو پس عرض کیا
مینی اوسنی ای رسول خدا دعا کرو اللہ تعالی سی میری لئی اور سب مسلمانون کی لئی پس اوٹہائی ہاتہہ

صلی اللہ علیہ وسلم نے دونو ہاتھ بزرگ اپنے یعنی جیسے ادب دعا کا ہے اور مین دیکھتا ہون طرف دونو
ہاتھون کی پس دعا کی پھر پھیری دونو ہاتھ مونھ بزرگ اپنے پر **ف** بیٹھنا بائین طرف اپنے
تھا کہ جانب دل کی ہے اور اشارہ ہے یہ یعنی آسمانی پر اور اُدْعُ اللّٰهَ لِي وَلِلْمُسْلِمِينَ سے معلوم ہوتا ہے
کہ وہ شخص دشمن دین کا تھا یا ظلم کرنے والا سب پر وَكَانَ ذٰلِكَ لَيْلَةَ الْخَمِيسِ فَهَرَبَ الْعَدُوُّ
لَيْلَةَ الْأَحَدِ وَفَرَّجَ اللّٰهُ عَنِّي وَعَنِ الْمُسْلِمِينَ بِبَرَكَةِ مَا فِي هٰذَا الْكِتٰبِ عَنْهُ صَلَّى اللّٰهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ رَمَزْتُ لِلْكُتُبِ الَّتِي خَرَّجْتُ مِنْهَا هٰذِهِ الْأَحَادِيثَ بِحُرُوفٍ
تَدُلُّ عَلٰى ذٰلِكَ سَلَكْتُ فِيهَا أَخْصَرَ الْمَسَالِكِ اور تھا یہ خواب جمعرات کی رات
مین بھاگا دشمن اتوار کی رات مین اور دور کیا غم اللہ تعالیٰ نے مجھ سے اور سب مسلمانون سے بسبب برکت
اوس چیز کی کہ اس کتاب مین ہے روایت کی گئی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور تحقیق اشارہ کیا مین
واسطے اون کتابون کی کہ روایت کین مینے اونسے یہہ حدیثین سات حرفون کی کہ دلالت کرین اون کتابون
پر چلا مین بیچ ان رمز کتابون کی بہت مختصر راہ فَجَعَلْتُ عَلَامَةَ صَحِيحِ الْبُخَارِيِّ خ وَمُسْلِمٍ
م وَسُنَنِ أَبِي دَاوُدَ د وَالتِّرْمِذِيِّ ت وَالنَّسَائِيِّ س وَابْنِ مَاجَهْ الْقَزْوِينِيِّ
ق وَهٰذِهِ الْأَرْبَعَةِ عه وَهٰذِهِ السِّتَّةِ ع وَصَحِيحِ ابْنِ حِبَّانَ حب وَ
الْمُسْتَدْرَكِ لِلْحَاكِمِ مس وَأَبِي عَوَانَةَ عو وَابْنِ خُزَيْمَةَ مه وَالْمُوَطَّا طا
وَسُنَنِ الدَّارَقُطْنِيِّ قط وَمُصَنَّفِ ابْنِ أَبِي شَيْبَةَ مص وَمُسْنَدِ الْإِمَامِ
أَحْمَدَ أ وَالْبَزَّارِ ر وَأَبِي يَعْلَى الْمَوْصِلِيِّ ص وَالدَّارِمِيِّ مي وَمُعْجَمِ الطَّبَرَانِيِّ
الْكَبِيرِ ط وَالْأَوْسَطِ طس وَالصَّغِيرِ صط وَالدُّعَاءِ لَهُ طب وَلِابْنِ
مَرْدُوَيْهِ مر وَالْبَيْهَقِيِّ ق فِي السُّنَنِ الْكَبِيرِ لَهُ يقي وَعَمَلِ الْيَوْمِ وَاللَّيْلَةِ
لِابْنِ السُّنِّيِّ سي پس کا یہی نشانی صحیح بخاری کی خ اور مسلم کی م اور سنن ابی داؤد

ترمذی کی ت اور نسائی کی س اور ابن ماجہ قزوینی کی ق اور ان چاروں کی یعنی
ابوداؤد ترمذی نسائی ابن ماجہ کی عہ اور ان چھوں کی یعنی بخاری مسلم ترمذی ابوداؤد نسائی
ابن ماجہ کی کہ جنکو صحاح ستہ کہتی ہین ع اور نسائی صحیح ابن حبان کی حب اور صحیح مستدرک حاکم
کی مس اور صحیح ابی عوانہ کی عو اور ابن خزیمہ کی خز اور موطا کی طا اور سنن دار
قطنی کی قط اور مصنف ابن ابی شیبہ کی مص اور نسائی مسند امام احمد کی ا اور بزار کی ز اور
ابویعلی موصلی کی ص اور مسند دارمی کی می اور معجم کبیر طبرانی کی ط اور معجم اوسط طبرانی کی طس اور معجم
صغیر طبرانی کی طص اور نسائی کتاب دعاء طبرانی کی طب اور کتاب دعاء ابن مردویہ کی مر
اور کتاب دعاء بیہقی کی ق اور نسائی سنن کبیر بیہقی کی سق اور نسائی کتاب عمل الیوم واللیلۃ
ابن سنی کی سی وَاَقَلُّ مَرْمُوْزٍ لَهُ اللَّفْظُ اور پہلی لایا ہوں اشارہ اوسکا کہ واسطی اوسکی
لفظ ہی ف جہان اختلاف ہوتا ہی لفظوں مین تو رمز اوسکی پہلی لاتا ہی جسکی لفظ حدیث کی
روایت کی ہین اگرچہ رتبہ مین کم ہو جیسی ایک حدیث بخاری مین بھی آئی ہی اور ترمذی مین بھی
اور لفظون مین فرق ہی اور اسمین ترمذی کی لفظ روایت کی ہین تو ت پہلی لاویگا اور اگر
لفظوں مین اتفاق ہی تو ترتیب مذکوری لاویگا کذا قال الملا علی القاری وَاِنْ كَانَ الْحَدِيْثُ
مَوْقُوْفًا جَعَلْتُ قَبْلَ رَمْزِهٖ مو لِيُعْلَمَ اَنَّهٗ مَوْقُوْفٌ لِمَا بَعْدَهٗ مِنَ الْكُتُبِ
وَذٰلِكَ قَلِيْلٌ حَيْثُ عُدِمَ الْمُتَّصِلُ اَوِ اخْتُلِفَ فِيْهِ عَلٰى اَنِّيْ لَمْ اَجْعَلْ هٰذِهِ الرُّمُوْزَ
اِلَّا لِعَالِمٍ يَرْبَأُ بِنَفْسِهٖ عَنِ التَّقْلِيْدِ اَوْ لِمُتَعَلِّمٍ يَتَعَرَّفُ صَحِيْحَ الْكُتُبِ وَالْمَسَانِيْدِ
اور اگر ہو حدیث موقوف لکھا مین پہلی اشارہ اوسکی کی لفظ مو کا تو کہ جانا جاوی کہ تحقیق یہ حدیث
موقوف ہی اون کتابوں مین جنکا اشارہ کیا ہی بعد لفظ مو کی اور اگرچہ اور روایتیں مرفوع ہو لیکن انمین موقوف
ہی اور یہ یعنی حدیث موقوف کا لانا کم ہی جہان کہین کہ پائی گئی متصل یا جہان اختلاف کیا گیا ہے

اوسمین باوجود اسکی تحقیق نہین کیٔ گئی ہی یہہ اشارہ ہی کہ واسطی اوس عالم کی کہ بلند رکہتا ہی نفس اپنی کو
تقلید سی یعنی بی پروائی تقلید سی یا واسطی طالب علم کی کہ چاہتا ہی صحیح کیا بون کو اور سندونکو
ف مراد موقوف سی یہہ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تلک نہ پہونچی ہو بلکہ صحابی وغیرہ تلک پہونچی ہو
کہ فلانی صحابی وغیرہ نی یون کہا اور مراد متصل سی یہان حدیث مرفوع ہی یعنی جہان کہین حدیث
مرفوع نہین پائی گئی یا پائی گئی ہی مگر اوسمین اختلاف کیا گیا ہی مرفوع غیر مرفوع کی ہونی مین تو اوس
حدیث کی پہلی علامت کی لئی رمز مو کی لکہی ہی اور مسند اون کتابون کو کہتی ہین کہ جنمین مسندین
صحابیون کی ہون بغیر ترتیب بابون کی خلاف بخاری وغیرہ کی کذا قال العلی ح وَإِلَّا فَفِي الْحَقِيقَةِ
لَا احْتِيَاجَ إِلَيْهَا لِعُمُومِ النَّاسِ فَلْيُعْلَمْ أَنِّي أَرْجُو أَنْ يَكُونَ جَمِيعُ مَا فِيهِ صَحِيحًا
فَزَالَ الِالْتِبَاسُ ہ وگرنہ پس حقیقت مین نہین احتیاج ہی طرف اشارون کی واسطی عام لوگون کی
پس جاننا چاہئی کہ تحقیق مین امید رکہتا ہون یہہ کہ ہووی سب اوس چیز کا کہ اس مختصر مین ہی صحیح یعنی
ثابت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سی پس دور ہوا شبہہ یعنی عام لوگون کی لئی کہ اسمین حدیث موضوع
نہین ہی وَقَدْ جَمَعَ بِحَمْدِ اللهِ تَعَالَى هٰذَا الْمُخْتَصَرُ اللَّطِيفُ مَا لَمْ تَجْمَعْهُ مُجَلَّدَاتٌ مِنَ
التَّوَالِيفِ وَإِذَا انْتَهَى نَرْجُو مِنَ اللهِ تَعَالَى أَنْ نَجْعَلَ فِي آخِرِهِ فَصْلًا يَفْتَحُ مَا أُقْفِلَ مِنْ
لَفْظِ مَا فِيهِ قَدْ أَشْكَلَ ہ اور تحقیق جمع کیا ہی شکر خدا تعالی کا اس مختصر لطیف نی اون حدیثون کو کہ
نہین جمع کیا اوسکو بڑی کتابون نی تصنیف ہوئی ہین سی اور جب تمام ہووی یہہ کتاب امید رکہتی
ہین ہم خدا تعالی سی یہہ کہ کرین ہم بیچ آخر اسکی کی ایک فصل کہ کہول دیوی اوس چیز کو کہ بند کیا گیا لفظ
اوس چیز کی سی کہ اسمین مشکل ہو ف یعنی جو لفظ حدیث کی مشکل ہین اوسکی معنی کہول دیوی چنانچہ
مصنف نی بحسب وعدہ کی ہتیسہ لکہا کہ نام اوسکا مفتاح الحصن الحصين رکہا وَقَوْلُهُ ہ مُقَدِّمَةٌ
تَشْتَمِلُ عَلَى الْأَحَادِيثِ فِي فَضْلِ الدُّعَاءِ وَالذِّكْرِ ثُمَّ آدَابُ الدُّعَاءِ وَالذِّكْرِ وَأَوْقَاتُ الْإِجَابَةِ

وَشُرُوطِهَا وَآدَابِهَا ثُمَّ اسْمِ اللّٰهِ تَعَالٰى الْاَعْظَمِ وَاَسْمَائِهِ الْحُسْنٰى ثُمَّ مَا يُقَالُ فِي الصَّبَاحِ
اِلَى الْمَسَاءِ فِي طُوْلِ الْحَيٰوةِ اِلَى الْمَمَاتِ مِنْ جَمِيْعِ مَا يُحْتَاجُ اِلَيْهِ وَصَحَّ النَّقْلُ عَنْهُ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ الذِّكْرِ الَّذِيْ وَرَدَ فَضْلُهُ وَلَمْ يَخْتَصَّ بِوَقْتٍ مِنَ الْاَوْقَاتِ
ثُمَّ الْاِسْتِغْفَارِ الَّذِيْ يَمْحُو الْخَطِيْئَاتِ ثُمَّ فَضْلِ الْقُرْاٰنِ الْعَظِيْمِ وَسُوَرٍ مِنْهُ وَاٰيَاتٍ
ثُمَّ الدُّعَاءِ الَّذِيْ صَحَّ عَنْهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَذٰلِكَ ۔ اور یہہ رسالہ مقدمہ پر کہ شامل
ہی اور چند بابون کی یعنی فضیلت دعا کی اور ذکر کی پہر بیان آداب دعا کا ہی اور آداب ذکر کا اور وقتون
قبولیت کا اور حالون قبولیت کا اور مکانون قبولیت کا پہر بیان اسم اعظم کا اور اسماء حسنی کا پہر
بیان اون دعاؤن کا کہ پڑہی جاوین صبح سی شام تلک اور صبح و رات کی زندگانی کی مرنی تلک یعنی اول
سی آخر عمر تلک تمام اوس چیزون سی کہ احتیاج لائی جاتی ہی طرف اوسکی اور حال یہہ کہ صحیح ہوئی ہی نقل صریح
نبی صلی اللہ علیہ وسلم سی پہر بیان اوس ذکر کا کہ آئی ہی بزرگی اوسکی اور نہین خاص ہی ساتہہ کسی وقت
وقتون سی پہر بیان استغفار کا ہی جو مٹاتا ہی گناہون کو پہر بیان فضیلت قرآن بزرگ کا اور سورتون
اوسکیا اور آیتون کا پہر بیان اون دعاؤن کا کہ صحیح ہوئی ہین پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم سی اسی طرف
ای بغیر مخصوص ساتہہ وقت کی لفظ کذلک کا لفظا متعلق ہی ساتہہ دعا کی کہ اسی توجیہ پر ملا علی قاری نی لی
مشہور کیا ہی اور کہا کہ تینون کی ساتہہ لگتا ہی یعنی ہر ایک استغفار اور قرأت اور دعا مذکورات
کی لئی نہین ہی وقت مخصوص اوقات سی بلکہ لائق یہہ ہی کہ مواظبت کری ان پر طالب جمیع حالات اور
مقامات مین اس لئی کہ ہمیشہ کرنا ذکر کا ثابت ہوتا ہی اس آیت سی یَا اَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اذْکُرُوا اللّٰهَ ذِکْرًا
کَثِیْرًا ۔ یعنی اے ایمان والون یاد کرو اللہ کو یاد کرنا بہت اور نہ مقید ہونا قرأت کا کسی وقت مین معلوم
ہوتا ہی اس آیت سی اُتْلُ مَا اُوْحِیَ اِلَیْکَ مِنَ الْکِتٰبِ ۔ یعنی پڑہ وہ چیز کہ وحی کی گئی طرف تیری کتاب سی
اور ایسی ہی نہ مقید ہونا استغفار کا اس حدیث شریف سی طُوْبٰی لِمَنْ وَجَدَ فِیْ صَحِیْفَتِهٖ اِسْتِغْفَارًا کَثِیْرًا

جس مین شوق ہی درود کا کہ پاوی ثواب اسکا مانند ... بہت تخمینًا بتفضیل الادعیہ

عدد ما خلق الخلق ورسولك بالحق الذي هدى الله تعالى به من الضلالة كثيرًا

من الناس فانعم المحجة ولم يدع لاحد حجة صلى الله عليه وسلم كلما ذكره الذاكرون

وكلما غفل عن ذكره الغافلون ۔ پھر تمام کیا مینی اسکو ساتھ فضیلت درود کی اوپر سردار

خلق کی اور رسول حق کی وہ جو راہ دکھائی اللہ تعالی نی سبب اونکی گمراہی سی اور بینا کیا انہی نی

پس روشن کی راہ سیدھی اور نہ چھوڑی کسی کی لئی حجت رحمت خاص بھیجی اللہ اونپر اور سلام

دیا اوپر اونکی یاد کرنی والی اور جب کہ غافل ہووین ذکر اونکی سی غافل **ف** مراد ہر وقت ہی

اسلئی کہ کوئی وقت غفلت یا ذکر سی خالی نہین بعضی محدثین نی اس درود شریف کو افضل درود کا

لکھا ہی کذا ذکرہ الحرز رح **فضل الدعاء** یعنی بیچ بیان فضیلت دعا کی ہی **ف**

معنی دعا کی ہین طلب کرنا ادنی کا اعلی سی کسی چیز کو مطلوبہ چیز ہی اوپر سکتی کی اور دعا کرنی کی

بڑی فضیلت و ثواب ہی اور اللہ تعالی نی کلام اللہ مین کتنی جگہہ دعا کرنی پر رغبت دلائی ہی

اور بہت سی حدیثون مین بزرگی دعا کی آئی ہی اور حدیثون صحیح اور قول علما ... سی بہتر ہونا

دعا کا معلوم ہوتا ہی کذا ذکرہ العلی رح قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الدعاء

هو العبادة ثم تلا وقال ربكم ادعوني الآية ۔ مص عه حب

فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نی دعا وہی ہی بندگی پھر پڑھی یہہ آیۃ اور کہا پروردگار تمہاری

دعا کرو مجھسی تا ساری آیۃ پڑھی نقل کی یہہ حدیث ابن ابی شیبہ اور چارون نی یعنی ابو داؤد و ترمذی

نسائی ابن ماجہ نی اور ابن حبان حاکم احمد نی **ف** اس عبارت سی معلوم ہوتا ہی کہ دعا کی سوای

کوئی چیز عبادت نہین یہہ حصر مبالغۃً فرمایا ہی معنی یہہ ہین کہ دعا بڑا رکن عبادت کا ہی جیسی کہ اور جیسا

فرمایا الحج عرفة یعنی بڑا رکن حج کا وقوف عرفہ کا ہی اور ساری آیۃ یون ہی وقال ربکم ادعونی

فضیلت دعا کی

ادْعُونِي أَسْتَجِبْ لَكُمْ إِنَّ الَّذِينَ يَسْتَكْبِرُونَ عَنْ عِبَادَتِي سَيَدْخُلُونَ جَهَنَّمَ دَاخِرِينَ ۔ یعنی اور فرمایا رب
تمہارے نے مانگو مجھ سے قبول کروں میں دعا تمہاری تحقیق جو لوگ کہ تکبر کرتے ہیں عبادت میری سے
یعنی دعا میری سے قریب ہے کہ داخل ہونگے دوزخ میں ذلیل ہو کر اس سے معلوم ہوا کہ تئیں کے دعا مانگنے
اور ثواب کی ہوتی ہے تو یہ چیز ایسی ہے جو عبادت ہے کذا ذکرہ المخرج مَنْ فُتِحَ لَهُ فِي الدُّعَاءِ مِنْكُمْ
فُتِحَتْ لَهُ أَبْوَابُ الْإِجَابَةِ ۔ مص جو کوئی کہ کھولا جاوے واسطے اوسکی دروازہ بیچ دعا کے
تم میں سے کھولے جاتے ہیں اوسکے لئے دروازے قبولیت کی نقل کیا ہے ابن ابی شیبہ نے ف یعنی
توفیق دعا کی ہوتی ہے عبادت کی ہے کذا ذکرہ المخرج فُتِحَتْ لَهُ أَبْوَابُ الْجَنَّةِ ۔ مس کھولی جاتی
ہیں اوسکے لئے دروازے جنت کی الفاظ ہیں حاکم نے نقل اس روایت میں بدلے ابواب الاجابة کی ابواب
الجنة آیا ہے اور ذکر کی روایتوں نے شارح نے لطیفہ سے مضمون ہے کہ دعا سے جہاں تعالی فائدہ سے نہیں
باسبب قبولیت کی ہوتی ہے مراد بر آتی ہے یا اگر مصلحت وقت حصول مقصود میں توقف ہوتا ہے
تو جزا اوسکی ہاتھ سے نہیں جاتی بلکہ سبب کھلنے دروازہ جنت کی ہوتی ہے کہ آخرت میں ذخیرہ
رہتی ہے اور آخرت بہتر ہے دنیا سے فَإِنَّ الْآخِرَةَ خَيْرٌ وَأَبْقَى ۔ اسی لئے آیا ہے کہ بعضے آدمی کہ جنکی دعا تمام
کرتی ہے دنیا میں جب دیکھینگے اوس وقت کہ ذخیرہ کی گئی ہے کہینگے کاشکے کوئی دعا ہماری دنیا میں
مقبول ہوتی تو آخرت میں پورا ذخیرہ ثواب کا پاتے کذا ذکرہ العلی فُتِحَتْ لَهُ أَبْوَابُ الرَّحْمَةِ
وَمَا سُئِلَ اللّٰهُ شَيْئًا أَحَبَّ إِلَيْهِ مِنْ أَنْ يُسْأَلَ الْعَافِيَةَ ۔ ت کھولی جاتی ہیں اوسکی
لئے دروازے رحمت کی اور نہیں مانگی جاتی اللہ تعالی سے کوئی چیز کہ بہت پیاری ہو نزدیک اوسکی
اس سے کہ مانگی جاوے عافیت نقل کی ترمذی نے ف مراد عافیت سے یہ ہے کہ سلامتی ہو سب
آفتوں اور بیماریوں اور بلاؤں ظاہری اور باطنی سے دین و دنیا میں کذا ذکرہ المخرج لَا يَرُدُّ الْقَضَاءَ
إِلَّا الدُّعَاءُ وَلَا يَزِيدُ فِي الْعُمُرِ إِلَّا الْبِرُّ ۔ ت حب مس نہیں پھیرتی تقدیر معلق کو

دعا اور نہین زیادتی کرتی عمر مین کوئی چیز مگر نیکی نقل کی یہہ ترمذی ابن ماجہ ابن حبان حاکم نی
مراد تقدیر سی یہان بُری چیز ہی کہ جسکی اترنی کو آدمی بُرا جانتا ہی پس جب توفیق دیا گیا دعا کی
اللہ تعالی دور کر دیتا ہی اوسکو یا آسان کر دیتا ہی پس بمنزلہ دور ہونی کی ہوتی ہی اور لفظ بِرّ کا ظاہر
یہہ ہی کہ معنی اوسکی طاعت ہین کہ سب عبادت کو شامل ہی جیسی کہ اللہ تعالی نی فرمایا وَلٰكِنَّ الْبِرَّ مَنْ
اٰمَنَ آخر تک یعنی ولیکن نیکی والا وہ ہی کہ ایمان لاوی پس معنی حدیث کی دو ہین ایک یہہ کہ جب بِرّ کیا عمر اوسکی
ضائع نہوئی پس گویا کہ زیادہ ہوئی اور دوسری یہہ کہ زیادتی عمر مین حقیقۃً ہوتی ہی فرمایا اللہ تعالی
نی يَمْحُو اللّٰهُ مَا يَشَآءُ وَيُثْبِتُ یعنی محو کرتا ہی اور ثابت کرتا ہی اللہ رزق اور اجل سی جو کچھ چاہتا ہے
اور صورت کی زیادتی کی کشاف مین یہہ لکھی ہی کہ لوح محفوظ مین لکھا جاتا ہی کہ فلانا شخص اگر حج کریگا
عمر اوسکی چالیس برس کی ہوگی اور اگر جہاد بھی کریگا ساٹھ برس کی پس اگر دونو کئی ...
یہہ زیادتی عمر کی ہوئی اور اگر ایک کیا چالیس برس کی ہوئی یہہ کی ہوئی کذا ذکرہ العلی ...
حَذَرٌ مِنْ قَدَرٍ وَالدُّعَاءُ يَنْفَعُ مِمَّا نَزَلَ وَمِمَّا لَمْ يَنْزِلْ وَاِنَّ الْبَلَاءَ لَيَنْزِلُ
الدُّعَاءُ فَيَعْتَلِجَانِ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ۔ مس طس ۔ نہین فائدہ کرتا ڈر تقدیر سی یعنی
اوترنی بلا کو کہ مقدر ہی دفع نہین کرتا اور دعا نفع کرتی ہی اوس بلا سی کہ اوتری ہی یعنی دفع ہوتی ہی یا صبر آجاتا ہی
اور اوس بلا سی کہ نہین اوتری یعنی ارادہ اوترنی کا رکھتی ہی اوسکو بھی دعا دور کرتی ہی یا آسان کر دیتی ہی
اور تحقیق بلاء البتہ ارادہ اوترنی کا کرتی ہی ملتی ہی اوس سی دعا پس لڑتی ہین دونون دن قیامت تک نقل کی یہہ حاکم بزار نی
اور طبرانی نی اوسط مین ط لڑتی ہین یعنی کشتی کرتی ہین یعنی دعا بلا کو نہین اوترنی دیتی یہ دعا سبب
رد بلا کی ہوتی ہی اور بچاتی ہی جیسی سپر کرو دکھی ہی لڑائی مین کذا ذکرہ العلی ۔ لَيْسَ شَيْءٌ اَكْرَمَ
عَلَى اللّٰهِ مِنَ الدُّعَاءِ ۔ ت ق حب مس ۔ نہین کوئی چیز بزرگ قدر نزدیک اللہ تعالی کی
دعا سی یعنی عبادتون قولی مین سی ... نقل کی یہہ ترمذی ابن ماجہ ابن حبان حاکم نی

... لِ اللّٰہ یَغْضَبْ عَلَیْہِ ت یعنی جو کوئی نہ مانگی اللہ تعالیٰ سی دینی یا
... حال کی یا قال کی از راہ بی پروائی کی تو غصہ ہوتا ہی اللہ اوسپر نقل کی یہہ ترمذی و حاکم نی
ف غصہ اسلئی ہوتا ہی کہ دعا محبوب چیز ہی اللہ تعالیٰ کی پس جسنی دعا کی تکبر کیا ...
گیا کذا ذکرہ العلی ح مَنْ لَمْ یَدْعُ اللّٰہَ غَضِبَ عَلَیْہِ ص جو کوئی نہ دعا کری اللہ تعالیٰ
سی غصہ ہوتا ہی وہ اوسپر نقل کی یہہ ابن ابی شیبہ نی لَا تَعْجِزُوْا فِی الدُّعَاءِ فَاِنَّہٗ لَنْ
یَّهْلِكَ مَعَ الدُّعَاءِ اَحَدٌ ک حب ص نہ تھکو یعنی کاہلی اور قصور نکرو دعا میں اسلئی
کہ تحقیق ہرگز نہیں ہلاک ہوتا ساتھ دعا کی کوئی نقل کی یہہ ابن حبان حاکم نی مَنْ سَرَّہٗ اَنْ
یَّسْتَجِیْبَ اللّٰہُ لَہٗ عِنْدَ الشَّدَائِدِ وَالْکُرَبِ فَلْیُکْثِرِ الدُّعَاءَ فِی الرَّخَاءِ ت ک
جسکو خوش لگی یہہ کہ قبول کری اللہ تعالیٰ دعا اوسکی نزدیک سختیوں اور غموں کی پس چاہئی کہ بہت
کری دعا فراخی کی حالت میں نقل کی یہہ ترمذی نی ف اسلئی کہ مومن کی شان سی یہہ ہی کہ
اللہ تعالیٰ سی التجا کری پہلی اضطرار کی بخلاف کفار فجار کی کہ جب اونکو سختی اور غم پہونچتی ہی دعا
کرتی ہیں اور فراخی میں اسراف کرتی ہیں اور دعا چھوڑ دیتی ہیں جیسی کہ اللہ تعالیٰ نی فرمایا وَاِذَآ
اَنْعَمْنَا عَلَی الْاِنْسَانِ اَعْرَضَ وَنَاٰ بِجَانِبِہٖ وَاِذَا مَسَّہُ الشَّرُّ فَذُوْ دُعَآءٍ عَرِیْضٍ یعنی جب انعام
کرتی ہیں ہم آدمی پر منہ پھیر لیتا ہی اور دور کر لیتا ہی کروٹ اپنی اور جب پہونچتی ہی اوسکو برائی پس صاحب دعا
چوڑی کیا ہوتا ہی یعنی بہت دعا کرتا ہی کذا ذکرہ العلی ح اَلدُّعَاءُ سِلَاحُ الْمُؤْمِنِ وَ
عِمَادُ الدِّیْنِ وَنُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ص دعا ہتھیار مومن کا ہی یعنی دور
کرتا ہی اوسکی بلا اپنی اور غیری اور ستون دین کا ہی اور روشنی آسمانوں کی اور زمین
کی یعنی اسکی سبب سی نیکیاں ظاہر یا باطن آسمان و زمین والوں کی جاتی ہیں نقل کی یہہ حاکم
نی ف نماز کو بھی اور دعا کو بھی ستون دین کا [illegible] منافات نہیں ہی اسلئی کہ ایک

تو شفا لیکی جستجو نہ ہو لی مین اور نماز ہی تو مشتمل ہی دعا کو کذا ذکرہ العلی رح مر صلی اللہ
علیہ وسلم بقوم مبتلین فقال اما کان ھؤلاء یسئلون اللہ العافیۃ روایت کیا
گذرے نبی صلی اللہ علیہ وسلم ایک قوم پر کہ گرفتار تہی کسی بلا مین پس فرمایا کیا نہین تہی یہہ بیچ حالت
صحت مین کہ مانگتی خدا سی عافیت دائم نقل کی یہہ بزار نی ف اسمین اشارہ ہی اسطر کہ جنہی لازم
کیا دعا کو زمانہ صحت مین محفوظ رہا بلا سی اور جسنی ترک کی اور غافل ہوا تضرع رب العالمین کیطرف ہووی
بلا سے اوسکی کذا ذکرہ العلی رح مامن مسلم ینصب وجہہ للہ تعالی فی مسئلۃ
الا اعطاھا ایاہ اما ان یعجلہا لہ واما ان یدخرھا لہ نہین کوئی مسلمان
کہ قائم کری مونہہ اپنا واسطی خدا تعالی کے دعا مین مگر کہ دیتا ہی اوسکو یہہ سوال اوسکا یا یہہ
جلدی دیتا ہی سوال اوسکو یعنی دنیا مین اور یا یہہ کہ ذخیرہ کرتا ہی اوسکو اوسکی لیی آخرت کی بیچ
ف یعنی آخرت مین بہت سا ثواب اوسکا دیگا یا بخشیگا کچہہ گناہ اوسکی غرض دعا کو
ضائع نہین کرتا اسکو تاکہ پس تاخیر کی صورت مین طالب کو دعا کا چھوڑنا نہ چاہی کیونکہ
کہ کلام اللہ مین آیا ہی وعسی ان تکرھوا شیئا وھو خیر لکم وعسی ان تحبوا شیئا وھو شر لکم واللہ
یعلم وانتم لا تعلمون یعنی بعضی چیز تم مکروہ رکہتی ہو اور واقع مین وہ تمہاری حق مین بہتر ہوتی ہی
اور بعضی چیز دوست رکہتی ہو اور وہ بُری ہوتی ہی تمہاری لئی اور اللہ جانتا ہی اور تم نہین جانتی
پس آدمی بہلائی برائی اپنی نہین جانتا سوا اللہ کی پس لازم ہی بندی کو کہ قائم ہووی حق بندگی پر
اور سونپی اوسکو امر ربوبیت کا یہہ حدیث دلیل ہی اسپر کہ دعا بندی کی قبول ہوتی ہی چنانچہ حاکم نی روایت
کی ہی کہ بلا دیگا اللہ تعالی ایک مومن کو قیامت مین اور سامنی کہڑا کر کر پوچھیگا ای بندی میری حکم کیا تہا
مینی تجھکو دعا کرنی کا تو مجھسی اور مینی وعدہ کیا تہا کہ قبول کرونگا پس آیا تو نی دعا کی تہی کہیگا ہان
ای رب میری پس فرما دیگا اللہ تعالی تحقیق نہین کی تو نی کوئی دعا مگر کہ قبول کی مینی تیری لئی اما فلان

یعنی

نہین دعا کی تھی تو نی کہ دور کر دون غم تیرا کہ اوترا تہا تجہ پر دنیا مین تجہسی پس عرض کیا ہان تھی تب فرمایا
پس نہ پاویگا وہ تو جلدی قبول کی مین نی دعا تیری بیچ دنیا مین اسی طرح فلانی فلانی روز یہہ دعا کی تھی تو نی غم کو
اوترنی پر کہ دور کرون اوسکو پس نہ دیکہا تو نی دور ہونا اوس غم کا عرض کریگا ہان ای رب میری پس
فرماویگا ذخیرہ رکہین مین نی تیری لیے جنت مین بدلی اوسکی ایسی ایسی چیزین اسی طرح اور حاجت کو
پہنچکر فرماویگا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نی پس مومن نی نہین کوئی دعا کی ہوگی مگر کہ اللہ تعالی بیان کریگا
تعجیل اوسکی یا ذخیرہ اوسکا پس کہیگا مومن اوسوقت کاشکی کوئی دعا میری دنیا مین تعجیل نکرتی یہہ اختصار ہی حدیث
مذکور کا ذکر کی یہہ ملا علی رحمہ نی اور شیخ فخر الدین رحمہ نی لکہا ہی کہ دعا بندی مسلمان کی البتہ مقبول ہی دنیا مین
پروردگار کی لیکن بنا بر مصلحت کی کبہی دیتا ہی دنیا مین اور کبہی ذخیرہ کرتا ہی آخرت کی لیے حاصل یہہ کہ دعا بندگی ہی
کہ وقت اوترنی بلا کی بانند یک خوف اوترنی کی بندہ ساتہہ اوسکی حکم کیا گیا ہی جیسی کہ ساتہہ نماز روزہ کی حکم کیا
گیا ہی جسوقت آوی **قطعہ** از دعا نبود مراد عاشقان * جز سخن گفتن بآن شیرین دہان * نام اوجی دست
از دعا کردن مدار * یا قبول ویا رد او چہ کار * گر اجابت کردشان ہو المراد * ورنہ با دیدار نقد آیند شاد
در کمند ر دلبستہ آن سیہ [illegible] سخن با ر دلبرہ **الذکر** یہہ بیان فضیلت ذکر کا ہی **ف**
فضیلت ذکر کی ثابت ہی آیتون قرآن مجید کیسی مثل قول اللہ تعالی کی فَاذْكُرُونِي أَذْكُرْكُمْ یعنی پس یاد کرو مجکو
یاد کرونگا مین تمکو اور سفیان بن عُیَیْنَہ نی کہا ہی کہ خبر مجہی پہنچی ہی کہ حق سبحانہ تعالی نی فرمایا بندون اپنی کو
ایک چیز دی ہی مین نی کہ اگر جبرئیل اور میکائیل کو دیتا مین تو تحقیق نعمت بزرگ انکو دیتا مین وہ یہہ ہی
فَاذْكُرُونِي أَذْكُرْكُمْ اور احیاء العلوم مین ثابت بنانی سی نقل کیا ہی کہا مین جانتا ہون جسوقت کہ پروردگار
تعالی مجکو یاد کرتا ہی یارون نی تعجب کیا اور پوچہا کیونکر جانتا ہی تو کہا مین یاد کرتا ہون اوسکو تو وہ بہی
مجہی یاد کرتا ہی اور شیخ علی متقی رحمہ اللہ نی لکہا ہی کہ ذکر یہہ ہی کہ خلاصی پاوی غفلت و نسیان سی ساتہہ
دوام حضور قلب کی ساتہہ حق کی اور لیوی نام خدا تعالی کا ساتہہ زبان و دل کی اور افضل یہہ ہی کہ ذکر

دل اور زبان سی ہو اور اگر ایک سی ہو تو بس ساتھہ دل کی افضل ہی ایسا ہی کہا نووی نی شرح مسلم مین اور یہہ ہی ذکر
ذکر جلالت کا یعنی اسم ذات کا یا صفتونکا صفات الہی سی یا ایک حکم کا احکام اوسکی سی یا فعل کا افعال
اوسکی سی پس متکلم ذاکر ہی اور فقیہ ذاکر ہی اور مدرس اور مفتی اور واعظ ذاکرین اور متفکر عظمت
اور جلال اوسکی مین ذاکر ہی کذا قال الفرج یَقُوْلُ اللّٰہُ اَنَا عِنْدَ ظَنِّ عَبْدِیْ بِیْ وَاَنَا
مَعَہٗ اِذَا ذَکَرَنِیْ فَاِنْ ذَکَرَنِیْ فِیْ نَفْسِہٖ ذَکَرْتُہٗ فِیْ نَفْسِیْ وَاِنْ ذَکَرَنِیْ فِیْ مَلَاٍ
ذَکَرْتُہٗ فِیْ مَلَاٍ خَیْرٍ مِّنْہُ اَلْحَدِیْثَ خ م ت س ق فرماتا ہی اللہ تعالی
مین نزدیک گمان بندی اپنی کی ہون کہ ساتھہ میری رکھتا ہی اور مین ساتھہ اوسکی ہون یعنی ساتھہ توفیق
ورحمت ومدد کی جب یاد کرتا ہی مجھکو پس اگر یاد کری مجھکو ذات اپنی مین یعنی چپکی سی یاد کرتا ہون مین اوسکو
ذات اپنی مین اور اگر یاد کری مجھکو جماعت مین یاد کرتا ہون مین اوسکو اوس جماعت مین کہ بہتر ہی
اوس سی فرمایا آخر حدیث تلک نقل کی یہہ بخاری مسلم ترمذی نسائی ابن ماجہ نی ف نزدیک
گمان بندی اپنی کی ہون یعنی معاملہ کرتا ہون بندی سی موافق گمان اوسکی کی اور کرتا ہون اوسکی
جو توقع رکھتا ہی مجھسی مراد ہی رغبت دلانی اسپر کہ امید اللہ تعالی کی خوف پر غالب رکھی اور گمان
اچھا رکھی کہ بخشیگا مجھکو جیسی کہ ایک روایت مین آیا ہی کہ اللہ تعالی ایک شخص کو دوزخ مین لیجانیکا
حکم فرماویگا جب وہ کنارے دوزخ پر کھڑا ہوگا عرض کریگا ای رب میری میرا گمان تیری ساتھہ اچھا تھا
فرماویگا اللہ تعالی پھیر لاؤ اسکو اَنَا عِنْدَ ظَنِّ عَبْدِیْ بِیْ اور حقیقت امید کی یہہ ہی کہ عمل کری اور
پھر امید وار بخشش کا رہی اور بغیر عمل کی امید رکھنی لوہا سرد کوٹنا ہی یعنی بیفائدہ اور مراد چپکی سی
ذکر قلبی ہی یا آہستہ پڑہنا زبان سی یاد کرتا ہون مین ذات اپنی مین یعنی بغیر اطلاع حال اوسکی کی
کسی مخلوق اپنی پر یا چپکی ہی دونگا ثواب اوسکا اپنی کسی اور پر نہین ہوتی کا ہیہ بیشک ولیکن
اسپر کہ ذکر قلبی افضل ہی بہتر ثانی ہی کہ اس لئی کہ وارد ہوا ہی کہ وہ ذکر جسکو نہین سنتی ہین اور

حفظہ یعنی فرشتی عمل لکھنی والی ستر درجہ افضل ہی اور وارد ہوا ہی کہ خیر الذکر الخفی جماعت بہتر
یعنی ملائکہ مقربین اور ارواح انبیا کی پس نہ دلیل ہوئی یہہ حدیث مذہب معتزلہ کی کہ ملائکہ فضل ہین
انبیا اور بشر سی اور آخر حدیث کا یہہ ہی کہ اگر کوئی نزدیکی ڈہونڈہی اور آوی طرف میری ایک بالشت
نزدیکی ڈہونڈہون مین اور آؤن طرف اوسکی ایک گز اور اگر نزدیکی ڈہونڈہی ساتھ میری ایک گز
نزدیکی ڈہونڈہون طرف اوسکی مقدار پہیلانی دونو ہاتہونکی اور اگر آوی میری پاس میانہ رو آؤن
مین طرف اوسکی تیز رو حاصل یہہ کہ بندہ اگر تہوڑیسی بہی رجوع اودہر کرتا ہی وہان سی توجہ اور
التفات اور رحمت اس سی زیادہ ہوتی ہی کذا ذکر العلی والفخر ح الا اخبرکم بخیر اعمالکم
وازکاہا عند ملیککم وارفعہا فی درجاتکم وخیر لکم من انفاق الذہب
والورق وخیر لکم من ان تلقوا عدوکم فتضربوا اعناقہم ویضربوا اعناقکم قالوا
بلی قال ذکر اللہ ت ق مس ا فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نی کیا نہ خبر دون مین
تمکو ساتھ بہترین عملون تمہاری کے اور بہت پاکیزہ اونکی نزدیک پادشاہ تمہاری کے اور ساتھ
بہت بلند اعمال کی درجون تمہاری مین یعنی جنت مین اور ساتھ بہتر کی تمہاری لئی خرچ کرنی سونی اور
چاندی کیسی اور ساتھ بہتر کی تمہاری لئی اس سی کہ ملو تم دشمنون اپنی سی یعنی کافرون سی جہاد مین
پس مارو تم گردنین اونکی یعنی مار ڈالو تم بعضی اونکی کو اور ماریں وہ گردنین تمہاری یعنی سبکی یا بعضون
کی کہا اصحاب نی ہان خبر دیجئی فرمایا رسول خدا نی وہ ذکر اللہ کا ہی نقل کی یہہ ترمذی ابن ماجہ
حاکم احمد نی ف اچھا ہونا ذکر کا اور بلند ہونا اوسکا اس سبب سی ہی کہ تمام عبادات مالیہ اور بدنیہ
ساتھ قصد خرچ کرنی سونی اور چاندی سی اور لڑائی کی کفار سی وسیلی ہین طرف تقرب خدا تعالی کی اور
ذکر مقصود اصلی ہی کہ فرمایا اللہ تعالی نی انا جلیس من ذکرنی یعنی مین ہم نشین اوسکا ہون جو یاد
کرتا ہی مجکو پس ذکر [illegible] افضل انواع ذکر کا قرآن شریف ہی چنانچہ

فضیلت ذکر کتاب میں آویگی اور پڑھنا پڑھانا علوم دین کا افضل ہے ذکر سے نہ کسی اور چیز سے کہ آگے پڑھنے والوں کی
معلوم ہوتا ہی اس لئے کہ یہہ ذکر باعث ہی اور سبب عمل کا ہی کذا قال السلف رح اور مشہور یہہ ہی
کہ عبادت متعدی کہ نفع اوسکا غیر کو پہونچے افضل عبادت لازمی سے ہی کہ نفع اوسکا خاص کرنیوالا
کی ذات پر ہو ولیکن یہہ حکم مخصوص ساتھہ غیر ذکر کی ہی اور ذکر اس سے مستثنی ہی ولہذا کہا ہی
کذا قال المخرج مَا صَدَقَةٌ اَفْضَلُ مِنْ ذِکْرِ اللّٰہِ ط س نہیں کوئی صدقہ بہتر ذکر خدا کی سے
نقل کیا یہہ طبرانی نے اوسط میں ف صدقہ اوس مال کو کہتے ہیں جسکی دینے میں قصد ثواب کا
ہو اللہ تعالی سے اس حدیث میں تسلی ہی فقراء صابرین کو کذا قال العلی رح اِنَّ لِلّٰہِ مَلٰئِکَۃً
یَطُوْفُوْنَ فِی الطُّرُقِ یَلْتَمِسُوْنَ اَهْلَ الذِّکْرِ فَاِذَا وَجَدُوْا قَوْمًا یَذْکُرُوْنَ اللّٰہَ عَزَّ وَجَلَّ
تَنَادَوْا هَلُمُّوْا اِلٰی حَاجَتِکُمْ قَالَ فَیَحُفُّوْنَهُمْ بِاَجْنِحَتِهِمْ اِلَی السَّمَاءِ الدُّنْیَا الحدیث
خ م ت ف تحقیق اللہ کی لئے فرشتے ہیں یعنی سوای حفظہ کی قصد وہ ڈھونڈھتے ہیں اہل ذکر کو بیچ
راہوں میں ڈھونڈھتے ہیں ذکر کرنیوالوں کو یعنی تاکہ اونسے ملیں اور دعا کریں اونکی لئے پس جب پاتے ہیں
اوسکی ایک جماعت کو کہ یاد کرتی ہیں اللہ عز وجل کو پکارتے ہیں آپسمیں آؤ طرف حاجت اپنی کی فرمایا آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم نے پس گھیر لیتے ہیں اونکو ساتھہ پروں اپنی کی آسمان دنیا تک فرمایا آخر حدیث
تک نقل کی یہہ بخاری مسلم ترمذی نے ف باقی حدیث یہہ ہی کہ جب فرشتے چڑھ جاتے ہیں طرف اللہ تعالی کی
جاتی ہیں تو پوچھتا ہی اونسے پروردگار عالم کا حال حالانکہ وہ خوب جانتا ہی پس کیا کہتے ہیں بندے میرے
وہ جواب میں عرض کرتے ہیں کہ ساتھہ پاکی اور بڑائی کی یاد کرتے ہیں تجھکو اور تعریف کرتے ہیں تیری
اور ساتھہ بزرگی کی یاد کرتے ہیں تجھکو پس فرماتا ہی اللہ تعالی کیا دیکھا ہی اونہوں نے مجھکو عرض کرتے
ہیں فرشتے قسم ہی اللہ کی نہیں دیکھا اونہوں نے تجھکو پس فرماتا ہی پس کیا حال ہو اگر دیکھیں
مجھکو کہتے ہیں فرشتے اگر دیکھیں تجھکو البتہ ہوں وہ بہت کرنیوالے عبادت تیری اور زیادہ

ہین بندگی تیری بہت کرین تسبیح تیری بہت پڑھا کرین فرماتا ہی اللہ پس کیا مانگتی ہین مجھسی عرض کرتی
ہین فرشتی مانگتی ہین تجھسی بہشت فرماتا ہی اللہ تعالی پس کیا دیکھی ہی اونھون نی بہشت عرض کرتی ہین
قسم ہی اللہ کی ای رب ہمارى نہین دیکھی اونھون نی بہشت فرماتا ہی اللہ تعالی پس کیا حال ہو
اگر دیکھین وہ بہشت عرض کرتی ہین فرشتی اگر دیکھین اوسکو ہوون بہت آپ پر حرص کرنی والی
اور بہت طلب کرین اوسکو اور بہت اوسمین کرین رغبت پھر فرماتا ہی اللہ پس کس چیز سی پناہ مانگتی ہین
عرض کرتی ہین فرشتی پناہ مانگتی ہین دوزخ سی فرماتا ہی اللہ پس کیا دیکھا ہی اونھون نی اوسکو کہتی
ہین فرشتی قسم ہی اللہ کی ای رب نہین دیکھا اونھون نی اوسکو فرماتا ہی اللہ تعالی پس کیا حال ہو
اگر دیکھین اوسکو عرض کرتی ہین فرشتی اگر دیکھین اوسکو ہوون بہت اوس سی بھاگنی والی اور بہت
اوس سی ڈرنی والی فرماتا ہی اللہ تعالی پس گواہ کرتا ہون مین تمکو تحقیق مینی بخش دیئی گناہ اونکی پس
عرض کرتا ہی ایک فرشتہ فرشتون مین سی کہ فلانا شخص ایسا ہی ذکر کرنی والون مین نہین ہی ذکر
کرنی والا سوا اسکی نہین کہ آیا تہا کسی کام کی لئی فرماتا ہی اللہ تعالی وہ بیٹھنی والی ہین کہ نہین بدبخت
ہوتا اونکا ہمنشین اونکا کذا فی المشکوۃ مَثَلُ الَّذِي يَذْكُرُ رَبَّهُ وَالَّذِي لَا يَذْكُرُ رَبَّهُ مَثَلُ
الْحَيِّ وَالْمَيِّتِ متفق علیہ مثل اوس شخص کی کہ یاد کرتا ہی پروردگار اپنی کو یعنی ہمیشہ یا کبھی کبھی
اور اوس شخص کی کہ نہین یاد کرتا پروردگار اپنی کو یعنی مطلق یا کبھی کبھی مانند زندہ ہی اور مردہ کی ہی نقل
کی یہہ بخاری مسلم نی ف حاصل یہہ ہی کہ ذکر حیات قلب ذاکر کی ہی اور غفلت موت اوسکی
اور جیسی کہ زندہ اپنی زندگی سی بہرہ مند ہوتا ہی ایسا ہی ذکر کرنی والا اپنی عمل سی بہرہ مند ہوتا
اور نہ یاد کرنی والا کہ اوسکو اپنی عمل سی بہرہ نہین مانند مردہ کی ہی کہ اوسکو زندگی سی کچھ بہرہ نہین
ہوتا بیت زندگانی نتوان گفت حیاتی کہ مراست زندہ آن است کہ با دوست وصالی دارد
کذا ذکرہ علی القاری لَا يَقْعُدُ قَوْمٌ يَذْكُرُونَ اللهَ إِلَّا حَفَّتْهُمُ الْمَلَائِكَةُ و

وَغَشِيَتْهُمُ الرَّحْمَةُ وَنَزَلَتْ عَلَيْهِمُ السَّكِينَةُ وَذَكَرَهُمُ اللّٰهُ فِيمَنْ عِنْدَهُ م ت ق ترجمہ
نہین بیٹھتی ہی ایک قوم کہ یاد کرتی ہین اللہ تعالی کو مگر کہ گھیر لیتی ہین اونکو فرشتی یعنی وہ جو ذکر والون کو
ڈھونڈہتی پہرتی ہین اور ڈہانپ لیتی ہی اونکو رحمت اور اوترتی ہی اوپر تسکین خاطر کی اور یاد کرتا ہی انکو
اللہ بیچ اون لوگون کی کہ نزدیک اوسکی ہین نقل کی یہہ مسلم ترمذی ابن ماجہ نی ف سکینہ
خاطر جمعی دلکی ہی کہ اوسکی سبب سی خواہش لذتون دنیا کی اور لذت ماسوا اللہ کی دل سی نکل
جاتی ہی اور حضور ساتھہ اللہ کی ہم پہونچتا ہی اور مراد اون لوگون سی کہ نزدیک اوسکی ہین فرشتی مقرب
ہین کہ جنہون نی کہا تہا حضرت آدم علیہ السلام کی پیدا کرنی کی وقت ای اللہ ایسی کو پیدا کرتا ہی تو کہ زمین
مین فساد اور خون ریزی کریگا اونسی بطور فخر کی فرماتا ہی اسواسطی کہ باوجود موانع کی کہ نفس
اور شیطان اور علائق ہین غافل نہین ہوتی اوسکی ذکر سی کذا ذکرہ العلی ج یا رسول اللّٰہ اِنَّ شَرَائِعَ
الْاِسْلَامِ قَدْ كَثُرَتْ عَلَيَّ فَاَنْبِئْنِي بِشَيْءٍ اَتَشَبَّثُ بِهٖ قَالَ لَا يَزَالُ لِسَانُكَ رَطْبًا
مِنْ ذِكْرِ اللّٰهِ ت ق حب مس مص ترجمہ ایک شخص نی عرض کیا ای رسول خدا کی تحقیق
احکام اسلام کی تحقیق بہت غالب ہوئی ہین مجھہ پس خبر دو مجھکو ساتھہ ایسی چیز کی کہ بہروسا کرون مین ساتھہ
اوسکی فرمایا ہمیشہ رہی زبان تیری تر ذکر اللہ کی سی نقل کی یہہ ترمذی ابن ماجہ ابن حبان حاکم ابن ابی
شیبہ نی ف شرائع اسلام کی یعنی علامتین اسلام کی قسم نوافل سی کہ دلالت کرتی ہین صدق
اسلام مسلم کی پر غالب ہوئی ہین یعنی متعدد ہوئی ہین اور اوس حد کو پہونچی ہین کہ عاجز ہون اوسکی
کرنی سی اور متحیر ہون بعضی کی کرنی مین کہ کونسی افضل ہی کہ اختیار کرون اور تر ہی زبان کی کنایت
ہی سہولت اور آسانی اور روانی زبان سی جیسی کہ خشکی زبان کی عبارت ہی کٹہنی اوسکی سی اور زبان
سی یا زبان قلبی مراد ہی کیونکہ یہہ زبان ہمیشہ نہین رہ سکتی یا اسی زبان کو فرماتا بما لقہ یا مراد
ہمیشہ طاقت کی ہو یا تو ... دل در ہی بیان ... ہی ... کذا ذکرہ العلی ج

آخِرُ كَلَامٍ فَارَقْتُ عَلَيْهِ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ قُلْتُ اَيُّ الْاَعْمَالِ
اَحَبُّ اِلَى اللّٰهِ قَالَ اَنْ تَمُوْتَ وَلِسَانُكَ رَطْبٌ مِنْ ذِكْرِ اللّٰهِ حب ط
معاذ نے آخری کلام کہ جدائی کی مین نے اوس پر رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے یعنی وقت رخصت کی یہہ تہا
کہ عرض کیا مین نے کونسا عمل بہت پیارا ہی نزدیک اللہ کی فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ مری تو
اوس حالت مین کہ زبان تیری تر ہو ذکر اللہ کی سے نقل کی یہہ حدیث ابن حبان اور طبرانی نے **ف** تر ہونی
بسہولت تیری زبان پر ذکر جاری ہو اسمین اشارہ ہی اسپر کہ افضل اعمال کا ذکر اللہ تعالی کا ہی اور بیان
اوسکا حسن خاتمہ ہی جیسے کہ وارد ہوا ہی کہ نہین کوئی بندہ کہ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کہا ہو پہر مری اسی پر مگر کہ
داخل ہوگا بہشت مین اور اشارہ ہی اسپر کہ لازم کرنا ذکر کا حالت حیات مین سبب ہوتا ہی حاصل
ہونی ذکر کا وقت مرنی کی جیسے کہ روایت کیا گیا ہی كَمَا تَعِيْشُوْنَ تَمُوْتُوْنَ وَكَمَا تَمُوْتُوْنَ تُحْشَرُوْنَ
یعنی جسطرح جیتی رہو گی اسیطرح مروگی اور جسطرح مروگی اسیطرح اوٹہائی جاؤگی کذا ذکرہ العلی القاری
قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَوْصِنِيْ قَالَ عَلَيْكَ بِتَقْوَى اللّٰهِ مَا اسْتَطَعْتَ وَاذْكُرِ اللّٰهَ عِنْدَ كُلِّ
حَجَرٍ وَشَجَرٍ وَمَا عَمِلْتَ مِنْ سُوْءٍ فَاَحْدِثْ لِلّٰهِ فِيْهِ تَوْبَةً اَلسِّرَّ بِالسِّرِّ وَالْعَلَانِيَةَ
بِالْعَلَانِيَةِ طب کہا معاذ بن جبل نے عرض کیا مین نے ای رسول خدا کچہہ نصیحت کرو مجکو فرمایا لازم کر تو
اپنی تقوی اللہ کا جب تلک طاقت رکہی تو اور یاد کر اللہ کو نزدیک ہر پتہر اور درخت کی اور جو کچہہ
کی ہو تونی برائی یعنی گناہ یا غفلت اسمین پیدا کر خالص واسطی اللہ کی اوسمین یعنی بیچ حق اوس برائی کی
یا برائی کی لیئی توبہ توبہ پوشیدہ بیچ گناہ پوشیدہ کی اور توبہ ظاہر بیچ گناہ ظاہر کی نقل کی یہہ طبرانی نی
ف یہہ عرض بہی وقت رخصت کی معاذ کی طرف یمن کی کی تہا ظاہر یہہ معلوم ہوتا ہی کہ یہہ عرض اول
حدیث سابق سی کی ہو اور تقوی یعنی پرہیزگاری حرام چیزون سی ہی اور احتراز شبہات سی ہوا ہی اور ادنی
سی ہی اور حقیقت مین تقوی حفاظت کرنا حدود الٰہی کا اور وفا کرنا عہدون اوسکی کا ہی اور یہہ کئی قسم پر

تقوی عوام کا یہہ ہی کہ فرمان برداری احکام الٰہی کی کری اور بچی منع چیزون سی اور تقوی خواص کا
موافقت بندی کی ہی ساتہہ پروردکار کی اوس چیزمین کہ مقدر ہی اوسکی حق مین حضرت ابن عمر کی
روایت ہی کہ متقی وہ ہی جو اپنی لیئی کسی سی سوای ایزد سبحانہ کی امید نیکی کی نرکہی اور یاد کرنا نزدیک
ہر درخت و پتہر کی اشارہ ہی طرف مقام مشاہدی کی کہ ہر چیز دلیل ہی اوپر وحدانیت اللہ تعالیٰ
کی یعنی جو چیز دیکھی جاتی کہ اوسکی قدرت کاملہ سی پیدا ہوئی ہی اور اسکا بنانی والا ایک ہی کوئی
شریک اوسکا نہین اور آخر حدیث سی یہہ معلوم ہوا کہ جیسا گناہ کیا ہی ویسی ہی توبہ کری اگر گناہ
پوشیدہ کیا تہا توبہ بہی پوشیدہ کری اور اگر ظاہر کیا ہی توبہ بہی ظاہر کری مستحب یونہی ہی اور یہہ
معلوم ہوا کہ بمجرد صادر ہونی گناہ کی توبہ کرنی واجب ہی یا مستحب چنانچہ نووی سی منقول ہی کہ بعد گناہ
کی بغیر ڈہیل کی توبہ کرنی واجب ہی اگرچہ گناہ صغیرہ ہو پس اس صورت مین اگر تاخیر کریگا تو یہہ مین
ایک گناہ اور اوسکی ترک کا لازم آویگا کذا ذکر العلی والقری ح مَا عَمِلَ آدَمِیٌّ عَمَلًا اَنْجٰی
لَهٗ مِنْ عَذَابِ اللّٰهِ مِنْ ذِكْرِ اللّٰهِ ط ا مص ٭ نہ عمل کیا کسی آدمی نی کوئی عمل کہ بہت
نجات دینی والا ہو اوسکو عذاب اللہ کی سی ذکر اللہ کی سی نقل کی یہہ طبرانی احمد ابن ابی شیبہ نی
ف یعنی ذکر کی برابر کوئی عمل اللہ کی عذاب سی قیامت کو چہٹکارا نہین کروانی کا یہہ سبب
افضل ہی قَالُوْا وَلَا الْجِهَادُ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ قَالَ وَلَا الْجِهَادُ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ اِلَّا
اَنْ تَضْرِبَ بِسَیْفِهٖ حَتّٰی یَنْقَطِعَ قَالَهٗ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ ط مص طس صط
عرض کیا صحابیون نی اور نہ جہاد اللہ کی راہ مین فرمایا اور نہ جہاد اللہ کی راہ مین مگر یہہ کہ مارے ساتہہ
تلوار اپنی کی یہان تلک کہ ٹوٹ جاوی تلوار فرمایا اسکو یعنی وَلَا الْجِهَادُ کو حَتّٰی یَنْقَطِعَ تک تین بار
نقل کی یہہ طبرانی نی ابن ابی شیبہ نی اور طبرانی نی اوسط اور صغیر مین ف اور نہ جہاد یعنی جو جہاد
خالی ہو ذکر سی اور جسمین جہاد مع ذکر بہی ہو تو وہ ذکر سی افضل ہوگا حاصل یہہ کہ نرا ذکر افضل ہی

اور بڑی عبادت سی یعنی جو خالی ہو ذکر سی لیکن جب ذکر ملیکا ساتھہ ایک عمل کی بیشک نہین کہ وہ
افضل ہوگا بڑی ذکر سی کذا ذکرہ العلی رح اور بیہقی نی عبد اللہ بن عمر سی روایت کی ہی اِلَّا اَنْ
یَضْرِبَ بِسَیْفِہٖ حَتّٰی یَنْقَطِعَ اس سی معلوم ہوا کہ اگر جہاد اس مرتبہ کو پہونچی تو بہی ذکر افضل
نہین پس ان دونون حدیثون مین مخالفت ہوئی پس حنفی نی کہا ضرور پڑی ترجیح ایک حدیث
کی دوسری پر یا کہین کہ کسی راوی کو وہم ہوا اور قہستانی نی توجیہہ سہل اقل کی ہی وہ یہہ ہی کہ
اِلَّا اَنْ یَضْرِبَ بِسَیْفِہٖ بدل ہی جہاد سی اور کلمہ اِلَّا انکار ہی پس اس صورت مین یہہ حدیث مخالف نہین
ہونی کی ساتھہ حدیث ابن عمر کی کہ بیہقی نی روایت کی ہی اور ساتھہ حدیث اَلَا اُخْبِرُکُمْ بِخَیْرِ اَعْمَالِکُمْ
آخر تک کی اور ساتھہ تمام حدیثون کی کہ دلالت رکہتی ہین اوپر فضیلت ذکر کی جہاد خاص پر کذا فی

المفرج لَوْ اَنَّ رَجُلًا فِیْ حِجْرِہٖ دَرَاہِمُ یَقْسِمُہَا وَاٰخَرُ یَذْکُرُ اللّٰہَ کَانَ الذَّاکِرُ
لِلّٰہِ اَفْضَلَ ط اگر تحقیق ایک آدمی ہو کہ گود اوسکی مین درہم ہون کہ بانٹتا ہو اونکو یعنی اور ذکر
نہ کرتا ہو اور دوسرا ہو کہ ذکر کرتا ہو اللہ کا یعنی اور درہم نہ بانٹتا ہو تو ہوگا ذکر کرنی والا خاص
واسطی اللہ کی افضل نقل کی یہہ حدیث طبرانی نی **ف** اس لئی کہ جو اللہ تعالی کو یاد کرتا ہی اللہ تعالی
اوسکو یاد کرتا ہی اور اللہ کا یاد کرنا اپنی بندی کو افضل ہی خیر سی کذا ذکرہ العلی رح اِذَا مَرَرْتُمْ بِرِیَاضِ

الْجَنَّۃِ فَارْتَعُوْا قَالُوْا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ وَمَا رِیَاضُ الْجَنَّۃِ قَالَ حِلَقُ الذِّکْرِ ت
جب گذرو تم باغون جنت مین پس میوہ کہاؤ کہا صحابیون نی ای رسول اللہ کی اور کیا ہین باغ
فرمایا حلقی ذکر کی نقل کی یہہ ترمذی نی **ف** معنی یہہ ہین کہ جب گذرو تم ایک جماعت پر کہ یاد کرتی
ہون اللہ تعالی کو ایک مکان مین پس تم بہی اونکی ساتھہ یاد کرو یا سنو اونکا یاد کرنا تابعین اس لئی
کہ وہ باغ جنت ہی مین اب بہی اور آئندہ کو بہی فرمایا اللہ تعالی نی وَلِمَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّہٖ جَنَّتَانِ
بعضون نی جنتان کی یہہ بہی معنی کہی ہین کہ ایک جنت دنیا مین یعنی حلقی ذکر کی اور دوسری حقیقی ہین اور

میوہ کہاؤ یعنی کرو اوسمین وہ چیز کہ سبب ہووی حاصل ہونی باغون جنت کا قسم تسبیح اور تحمید
اور تہلیل سی اور بعضی شارحین حدیث نی لکھا ہی کہ حلقی ذکر کی مسجدین مراد ہین اونہون نی
حمل کیا ہی اس حدیث پر کہ مضمون اوسکا یہہ ہی فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نی جب گذرو تم
باغون جنت پر چرو تم ابوہریرہ نی کہا کیا ہین وہ فرمایا مسجدین ابوہریرہ نی کہا چرنا اونکا کیا
ہی فرمایا سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ ملا علی قاری نی لکھا ہی کہ اظہر یہہ ہی کہ
یہان مطلق حلقی مراد ہین اور حلقی مسجد کی افضل ہوتی ہین اور نووی نی کہا ہی کہ اس حدیث مین
اشارہ ہی اسپر کہ جیسا ذکر مستحب ہی حلقی مین بیٹھنا ذکر کی لئی بہی مستحب ہی کذا ذکرہ العلی والفخر
یح یَقُوْلُ اللّٰہُ عَزَّ وَجَلَّ سَیَعْلَمُ اَھْلُ الْجَمْعِ الْیَوْمَ مَنْ اَھْلُ الْکَرَمِ فَقِیْلَ مَنْ اَھْلُ
الْکَرَمِ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ قَالَ اَھْلُ مَجَالِسِ الذِّکْرِ مِنَ الْمَسَاجِدِ حب وطص
فرماتا ہی اللہ غالب اور بزرگ قریب ہی کہ جانین گی صاحب جمع کی یعنی قیامت والی اوس دن کہ
کون ہین صاحب بزرگی کی یعنی لائق اکرام کی کہ جن پر اللہ تعالی انعام وبخشش کریگا عرض کیا صحابہ نی کون
ہین صاحب بزرگی کی ای رسول اللہ کی فرمایا صاحب مجلسین ذکر کی مسجدون سی نقل کی یہہ ابن حبان
طبرانی ابو یعلی نی فی من المساجد بیان ہی مجالس کا اور بعضی نسخون مین فی ہی بجای من کی یعنی وہ
مجلس والی ذکر کی کہ واقع ہین مسجدین یعنی دنیا اور بازار دنیا کو ترک کرکر مشغول ہوتی ہین ساتھہ ذکر
خدا کی مسجدون مین اس حدیث مین اشارہ ہی کہ ذکر اللہ کا مسجدون مین افضل ہی غیر مسجدون سی
کذا ذکرہ العلی یح مَا مِنْ اٰدَمِیٍّ اِلَّا لِقَلْبِہٖ بَیْتَانِ فِیْ اَحَدِھِمَا الْمَلَکُ وَفِی الْاٰخَرِ الشَّیْطَانُ
فَاِذَا ذَکَرَ اللّٰہَ خَنَسَ وَاِذَا لَمْ یَذْکُرِ اللّٰہَ وَضَعَ الشَّیْطَانُ مِنْقَارَہٗ فِیْ قَلْبِہٖ وَ
وَسْوَسَ لَہٗ ص نہین کوئی آدمی مگر کہ اسکی دل اوسکی دو مکان ہین ایک مین اوسکی
فرشتہ ہی یعنی الہام کرتا ہی اچھی باتین اور ذکر خدا کا اور دوسری مین شیطان ہی یعنی بری وسوسی

اور غفلت ڈالتا ہی پس جب یاد کرتا ہی اللہ کو یعنی بسبب الہام فرشتی کی پیچھی ہٹ جاتا ہی شیطان
اور جب نہین یاد کرتا اللہ کو یعنی بسبب اعراض کی الہام فرشتی کیسی رکہتا ہی شیطان مونہہ اپنا
اوسکی دلمین اور وسوسی ڈالتا ہی اوسکی لیئ نقل کی یہہ ابن ابی شیبہ نی **ف** وسوسی ڈالتا ہی
کہ باعث ہوتی ہین غفلت کے پس جب تلک کہ ذکر نہین کرتا یہی حال ہوتا ہی شیطان کا آدمی کی ساتھہ
کذا ذکر العلی ج مَنْ صَلَّى الْفَجْرَ فِي جَمَاعَةٍ ثُمَّ قَعَدَ يَذْكُرُ اللّٰهَ حَتّٰى تَطْلُعَ الشَّمْسُ ثُمَّ
صَلّٰى رَكْعَتَيْنِ كَانَتْ لَهٗ كَأَجْرِ حَجَّةٍ وَّعُمْرَةٍ تَامَّةٍ تَامَّةٍ تَامَّةٍ + **ت**
اِنْقَلَبَ بِأَجْرِ حَجَّةٍ وَّعُمْرَةٍ جو کوئی نماز پڑہی فجر کی جماعت سی پہر بیٹہا ہوا یاد کرتا رہی
اللہ کو یہان تلک کہ نکلی آفتاب یعنی بقدر نیزہ کی بلند ہو کہ اب نماز کی نہی پہر پڑہی نماز دو رکعت
ہوتا ہی ثواب اوسکی لیئ مانند ثواب حج کی یعنی بسبب قائم کرنی فرض کی جماعت سی اور مانند ثواب عمری
پوری پوری کی یعنی بسبب ادا کرنی اس سنت کی نقل کی یہہ ترمذی نی اور طبرانی کی روایت
مین بدلی کانت لہ کی یہہ آیا ہی پہرتا ہی ساتہہ ثواب حج اور عمری کی **ف** بیٹہا ہوا یاد کرتا رہی یعنی
ہمیشہ رہا اور بحالت ذکر کی برابر ہی کہڑا ہو یا بیٹہا ہو یا لیٹا ہو لیکن بیٹہی رہنا افضل ہی مگر کوئی اور عبادت
پیش آجاوی جیسی کہ طواف کی لیئ کہڑا ہوا یا نماز جنازی کے لیئ یا حاضر ہونی مجلس درس کی لیئ
اوس صورت مین فضیلت بیٹہی رہنی کی جاتی رہتی ہی اور اس نماز کو نماز اشراق کہتی ہین اور اس حدیث
مین اشارہ ہی اسطرف کہ لازم نہین ہی کہ جہان نماز پڑہی وہین بیٹہا رہی بلکہ جائز ہی کہ جگہہ بدل کر صف
مین سی جہان چاہی ذکر کی لیئ بیٹہی اس لیئ کہ مقصود اصلی مشغول رکہنا وقت کا ذکر مین ہی اگرچہ بعضی
کان مین مگر جب کہ نماز پڑہی ہی اوسی مسجد مین بیٹہنا افضل ہی کذا ذکر العلی ج ذَاكِرُ اللّٰهِ فِي
کی اوس طرح ادا کری جیسیکہ فرمایا ہی اور استقامت کری اوسپر کذا ذکرہ الفخر وَالْوَلَدُ الْبَارُّ
بِوَالِدَيْهِ * ہ * اور بیٹا سلوک کرنی والا ساتھہ ماباپ اپنی کی نقل کی یہہ مسلم نی **ف**
یہہ ہی کہ سلوک کری اونسی اور حق اونکا ادا کری اور رضا اونکی طلب کری کذا ذکرہ الفخر وَالْمُسَافِرُ
د م ق * اور مسافر نقل کی یہہ ابوداود بزار ابن ماجہ نی **ف** یعنی مسافر اللہ کی راہ کا مثل حج
اور جہاد اور طلب علم کی اور احتمال ہی کہ مطلق مسافر مراد ہو کذا ذکرہ العلی وَالصَّائِمُ حِينَ
يُفْطِرُ * ت ق حب * اور روزہ دار جسوقت افطار کری نقل کی یہہ ترمذی ابن ماجہ ابن حبان
نی **ف** یعنی افطار کی پہلی کہ وقت تضرع اور انکسار کا ہی اور اگر بعد افطار کی مراد رکھین
تو بھی جائز ہی کذا ذکرہ الفخر وَالْمُسْلِمُ لِأَخِيهِ بِظَهْرِ الْغَيْبِ * م د مص * اور مسلمان
کہ دعا کری بھائی مسلمان اپنی کی لئی پیٹھ پیچھی نقل کی یہہ مسلم ابوداود ابن ابی شیبہ نی **ف**

اس لئے ان فضائل و قتی ہی پیاسی اور اگر اوسکی سامنی بہی دعا کری اسطرح کہ اوسکو خبر نہو داخل غائبانہ
کی ہی فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نی کہ دعا مسلمان کی بہائی اپنی کی لئی غائبانہ مستجاب ہی
نزدیک سر دعا کرنی والی کی ایک فرشتہ متعین ہی جب دعا کرتا ہی یہہ بہائی اپنی کی لئی ساتہہ نیکی کی تو کہتا ہے
فرشتہ آمین اور تیرے لئی بہی حاصل ہو مانند اسکی کذا ذکرہ الجزری وَالْمُسْلِمِ مَا لَمْ يَدْعُ بِظُلْمٍ اَوْ قَطِيْعَةِ رَحِمٍ
اَوْ يَقُوْلُ دَعَوْتُ فَلَمْ اُسْتَجَبْ مص اور مسلمان جب تلک کہ نہ دعا کری ساتہہ ارادہ ظلم کی کسی پر یا
کاٹنی ناتی کی یا جب تلک کہ نہ کہی دعا کی مینی پس نہ قبولیت کیا گیا مین نقل کی یہہ ابن ابی شیبہ نی ف نہی مسلمانی
دعا مقبول ہوتی ہی جب تلک ظلم کی لئی اور قطع رحم کی لئی نہ کری یا جب تلک کہ نہ کہی دعا کی مینی نے قبول کی گئی
جب یہہ کہتا ہی نہین قبول ہوتی کذا ذکرہ العلی اِنَّ لِلّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ عُتَقَاءَ فِيْ كُلِّ يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ لِكُلِّ
عَبْدٍ مِنْهُمْ دَعْوَةٌ مُسْتَجَابَةٌ بز تحقیق واسطی اللہ غالب اور بزرگ کی بندی آزاد ہین یعنی دوزخ کے
آگ سی ہر دن اور ہر رات مین واسطی ہر بندی کی اونہین سی ایک دعا مقبول ہی نقل کی یہہ احمد نی وَاسْمُ
اللّٰهِ تَعَالٰى الْاَعْظَمُ الَّذِيْ اِذَا دُعِيَ بِهٖ اَجَابَ وَاِذَا سُئِلَ بِهٖ اَعْطٰى لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ
سُبْحَانَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظَّالِمِيْنَ مس اور نام اللہ برتر کا بہت بڑا وہ جو جب دعا کیا جاتا ہے
اللہ ساتہہ اوسکی قبول کرتا ہی یعنی اکثر مقبول ہوتی ہی یا جب شرطین دعا کی پائی جاوین اور جب مانگا جاتا ہے ساتہہ
اوسکی دیتا ہی اس آیت مین ہی نہین کوئی معبود مگر تو پاکی ہے تجکو تحقیق مین ہون ظلم کرنی والون مین سے نقل کی
یہہ حاکم نی ف جب حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نی فضیلت اسکی بیان فرمائی تو یہہ بہی فرمایا کہ دعا یونس
علیہ السلام کی یہی آیت تہی ایک شخص نی عرض کیا کہ آیا واسطی یونس ہی کی تہی خاصتہً یا سب مومنون کی لئی فرمایا
کیا نہین سنتے تم قول اللہ تعالی کا فَنَجَّيْنَاهُ مِنَ الْغَمِّ وَكَذٰلِكَ نُنْجِي الْمُؤْمِنِيْنَ بز یعنی یونس کو نجات
دی ہمنی اور اسیطرح نجات دیتی ہین ہم مومنون کو اور ظاہر یہہ ہی کہ اسم اعظم اسماء الٰہی مین پوشیدہ ہی مثل
لیلۃ القدر کی لیکن جمہور کہتی ہین کہ اسم اعظم لفظ اللہ کا ہی لیکن قطب ربانی سید عبدالقادر جیلانی نی فرمایا

ہو شرط اسکی کہ اللہ کی تو اور نہ ہو تیری دلمیں سوا اوسکی کوئی جب تاثیر اسکی ہوگی اور حضرت امام زین العابدین رضی
نے سوال کیا رب العزت سے کہ تعلیم کرے اوسکو اسم اعظم پس دیکھا اللہ تعالیٰ کو خواب میں کہ اسم اعظم یہہ ہے *
ہو اللہ الذی لا الہ الا ہو رب العرش العظیم * اور بہت سے قول اولیاء اللہ کے اسمیں وارد
ہوئے ہیں چنانچہ جلال الدین سیوطی نے رسالہ علحدہ اسکی تحقیق میں تصنیف کیا ہے بسبب خوف درازگی کتاب کے
اسپر کفایت کرتا ہوں کہ بعضے محققین نے لکھا ہے کہ یہہ دعا جامع سب اقوال کے ہے یعنی اسمیں سب اسم اعظم کہ
بزرگوں نے نقل کیے ہیں آجاتے ہیں اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاَنَّ لَکَ الْحَمْدُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ یَا حَنَّانُ یَا مَنَّانُ یَا بَدِیْعَ
السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ یَا خَیْرَ الْوَارِثِیْنَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ یَا سَمِیْعَ الدُّعَاءِ یَا اَللّٰهُ
یَا اَللّٰهُ یَا اَللّٰهُ یَا عَالِمُ یَا سَمِیْعُ یَا عَلِیْمُ یَا حَلِیْمُ یَا مَالِکَ الْمُلْکِ یَا مَلِکُ یَا سَلَامُ یَا حَقُّ یَا قَدِیْمُ
یَا قَائِمُ یَا غَنِیُّ یَا مُحِیْطُ یَا حَکِیْمُ یَا عَلِیُّ یَا قَاهِرُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا سَرِیْعُ یَا کَرِیْمُ یَا مُخْفِیْ یَا مُعْطِیْ یَا مَانِعُ
یَا مُحْیِیْ یَا مُقْسِطُ یَا حَیُّ وَیَا قَیُّوْمُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ یَا رَبِّ یَا رَبِّ یَا رَبِّ یَا رَبِّ یَا رَبِّ یَا وَهَّابُ
یَا غَفَّارُ یَا قَرِیْبُ یَا لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظَّالِمِیْنَ اَنْتَ حَسْبِیْ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ *
کذا ذکر العلی والفرج وَاسْمُ اللّٰهِ تَعَالٰی الْاَعْظَمُ الَّذِیْ اِذَا سُئِلَ بِهٖ اَعْطٰی وَاِذَا دُعِیَ بِهٖ اَجَابَ
اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاَنِّیْ اَشْهَدُ اَنَّکَ اَنْتَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ الْاَحَدُ الصَّمَدُ
الَّذِیْ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّهٗ کُفُوًا اَحَدٌ * عہ حب مس ا * اور نام اللہ
برتر کا بڑا وہ جو جب مانگا جاوے اللہ ساتھ اوسکے دیتا ہے اور جب دعا کیا جاوے ساتھ اوسکے قبول
کرتا ہے اس دعا میں ہے یا اللہ تحقیق میں مانگتا ہوں تجھسے مطلب اپنا اور مقصود اپنا بوسیلہ اسکے کہ
میں گواہی دیتا ہوں یعنی یقین کرتا ہوں کہ تحقیق تو ہی ہے اللہ نہیں کوئی معبود مگر تو ایک اور بے پروا ایسا
کہ نہیں جنا اور نہ جنا گیا اور نہیں اوسکا ہمسر کوئی نقل کیے یہہ چاروں نے اور ابن حبان حاکم احمد نے
اور لفظ الاعظم کا شروع حدیث میں فقط ابن ابی شیبہ نے روایت کیا ہے اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاَنَّکَ اَنْتَ

اللّٰہ الاحد الصمد الی آخرہ ۔ مص ۔ یا اسم اعظم یون آیا ہی یا اللہ تحقیق مین مانگتا ہون
تجھسی بوسیلا اسکی کہ تو ہی ہی اللہ تنہا بی پروا آخر تک یعنی باقی الفاظ مثل پہلی روایت کی ہین
نقل کی یہہ ابن ابی شیبہ نی ۔ واسم اللہ تعالی العظیم الاعظم الذی اذا دعی
بہ اجاب واذا سئل بہ اعطی اللھم انی اسئلک بان لک الحمد لا الہ
الا انت وحدک لا شریک لک الحنان المنان بدیع السموات والارض یا
ذا الجلال والاکرام ۔ عہ حب مس امص ۔ اور نام اللہ برتر کا بڑا بہت بڑا وہ ہی
جب دعا کیا جاوی اسکیساتھہ اسکو قبول کرتا ہی اور جب مانگا جاوی ساتھہ اسکی دیتا ہی اس
دعا مین ہی یا اللہ تحقیق مین مانگتا ہون تجھسی بوسیلا اسکی کہ تیری لئی ہی سب تعریف نہین
کوئی معبود مگر تو ایک ہی تو نہین کوئی شریک تیرا تو مہربان ہی بہت دینی والا احسان کرنی والا آسمانو
اور زمین کا ای صاحب بزرگی اور بخشش کی نقل کی یہہ چارون نی اور ابن حبان حاکم احمد ابن ابی شیبہ
نی اور احمد اور ابن ابی شیبہ کی روایت مین لفظ الاعظم کا ہی اور باقیون کی روایت مین لفظ
العظیم کا اور وحدک لا شریک لک فقط ابن ماجہ کی روایت مین آیا ہی اور لفظ الحنان کا ابن
حبان کی روایت مین اسی لئی رموز انکی اوپر لکھنی چاہیئن اور ایک روایت مین پہلی دعا مین یہہ زیادہ
آیا ہی یا حی یا قیوم ۔ عہ حب مس ا ۔ ای زندہ ای تدبیر کرنی والی حیات کی نقل کی یہہ
چارون نی اور ابن حبان حاکم احمد نی ۔ واسم اللہ تعالی الاعظم فی ہاتین الآیتین والٰھکم الٰہ واحد
لا الٰہ الا ھو الرحمن الرحیم وفاتحۃ آل عمران الم اللہ لا الٰہ الا ھو الحی
القیوم ۔ د ت ق مص ۔ اور نام اللہ برتر کا بڑا ان دو آیتون مین ہی
ایک ... معبود تمہارا معبود ایک ہی نہین کوئی معبود مگر وہی بخشش ... دوسری
آیت ... آل عمران کی ہی کہ وہ ہی اللہ نہین کوئی معبود ...

کرنی والا جہان کا نقل کی یہہ ابو داؤد ترمذی ابن ماجہ ابن ابی شیبہ نی وَاسْمُ اللّٰهِ تَعَالَى الْأَعْظَمُ
فِي ثَلَاثِ سُوَرٍ الْبَقَرَةِ وَآلِ عِمْرَانَ وَطٰهٰ مس اور نام اللہ برتر کا یہہ تین سورتون مین
ہی سورہ بقرہ مین اور آل عمران مین اور طٰہٰ مین نقل کی یہہ حاکم نی قَالَ الْقَاسِمُ فَالْتَمَسْتُهَا
فَوَجَدْتُهَا أَنَّهُ الْحَيُّ الْقَيُّومُ قُلْتُ وَعِنْدِي أَنَّهُ اللّٰهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّومُ
جَمْعًا بَيْنَ الْحَدِيثَيْنِ کہا قاسم نی کہ راوی اس حدیث کا ہی پس ڈہونڈہا مینی ان سورتون کو پس
پایا مینی اون سورتون مین کہ تحقیق اسم اعظم الحی القیوم ہی کہا مصنف نی کہتا ہون مین اور نزدیک میری
یہہ ہی کہ تحقیق اسم اعظم اللہ لا الٰہ الا ہو الحی القیوم ہی واسطی جمع کرنیکی درمیان دو نو حدیثون کی

ف حدیث اسماء کیسی کہ متن مین مذکور ہی معلوم ہوتا ہی کہ اسم اعظم لا الٰہ الا ہو اور اللہ لا الٰہ
الا ہو الحی القیوم ہی اور حدیث ابو امامہ کی دلالت کرتی ہی کہ اسم اعظم تین سورتون مین ہی یعنی
بقرہ اور آل عمران اور طٰہٰ مین اور اللہ لا الٰہ الا ہو الحی القیوم ان سورتون مین آیا ہی سورہ بقرہ اور
آل عمران مین تو ظاہر ہی لیکن سورہ طٰہٰ مین اول مین اللہ لا الٰہ الا ہو لہ الاسماء الحسنیٰ ہی اور آخر مین
ہی وَعَنَتِ الْوُجُوهُ لِلْحَيِّ الْقَيُّومِ پس مصنف نی جمع کری اور توفیق دینی دو نو حدیثون کی لئی یہہ نکالا کہ اسم
اعظم اللہ لا الٰہ الا ہو الحی القیوم ہی کذا ذکر الفخر وَلِمَا رَوَيْنَاهُ فِي كِتَابِ الدُّعَاءِ لِلْوَاحِدِيِّ عَنْ يُونُسَ
بْنِ عَبْدِ الْأَعْلَى وَاللّٰهُ تَعَالَى أَعْلَمُ اور اختیار کرنا میرا اللہ لا الٰہ الا ہو الحی القیوم کو واسطی اوس حدیث
کی ہی کہ روایت کی گئی ہم او سکو بیچ کتاب الدعاء کی کہ تصنیف واحدی کی ہی یونس بیٹی عبد الاعلی سی اور اللہ تعالیٰ
بہت جانتا ہی یعنی وہ حدیث ہی دلالت کرتی ہی کہ اسم اعظم اللہ لا الٰہ الا ہو الحی القیوم ہی وَالْقَاسِمُ
هٰذَا هُوَ ابْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الشَّامِيُّ التَّابِعِيُّ صَاحِبُ أَبِي أُمَامَةَ صَدُوقٌ اور قاسم کہ ذکر
کیا گیا وہ بیٹا عبد الرحمن کا ہی کہ شامی تابعی یار ابو امامہ باہلی صحابی کا ہی سچا وَأَسْمَاءُ اللّٰهِ تَعَالَى
الْحُسْنَى الَّتِي أُمِرْنَا بِالدُّعَاءِ بِهَا تِسْعَةٌ وَتِسْعُونَ اسْمًا مَنْ أَحْصَاهَا دَخَلَ الْجَنَّةَ خ م

ت س ق مس حب ٭ لَا يَحْفَظُهَا اَحَدٌ اِلَّا دَخَلَ الْجَنَّةَ ٭ خ ٭ اور نام اللہ برتر کے
اچھی وہ جو حکم کئی گئی ہین ہم ساتھہ پکارنی اللہ تعالی کی ساتھہ اونکی ننانوین نام ہین جو شخص یاد کری انکو
داخل ہووی بہشت مین نقل کی یہہ بخاری مسلم ترمذی نسائی ابن ماجہ حاکم ابن حبان نی نہ یاد کریگا اونکو کوئی
مگر کہ داخل ہوگا جنت مین نقل کی یہہ بخاری نی ف حکم دی گئی ہین ہم یعنی اس آیت مین وللہ الاسماء
الحسنی فادعوہ بہا یعنی اللہ کی لئی نام ہین اچھی پس پکارو اوسکو ساتھہ اونکی اور کہا مصنف نی کہ اختلاف
کیا ہی عالموں نی بیچ معنی احصاہا کی پس کہا بخاری وغیرہ نی اور یہی صحیح ہی کہ معنی اوسکی یاد کیا ہی چنانچہ بعضی
روایت مین لفظ حفظہا کا آیا ہی اور بعضوں نی کہا ہی پڑہا اونکو یا ایمان لایا یا معانی جانی اونکی اور عمل معانی
اونکی پر کیا اور بعضوں نی کہا کہ یاد کیا قرآن کو اس لئی کہ قرآن مین یہہ سب نام موجود ہین اور اس حدیث
مین حصر اسماء حسنی کا ننانوین پر نہین ہی بلکہ مقصود یہہ ہی کہ یہہ خاصیت جو مذکور ہوئی مخصوص ساتھہ
ان ناموںکی ہی لوامع النجوم مین لکہا ہی کہ ایک ہزار نام اللہ تعالی کی ہین کہ سوا اوسکی کوئی نہین جانتا
اور ہزار نام اور ہین کہ ملائکہ جانتی ہین سوا اونکی کوئی نہین جانتا اور ہزار نام مسلمانون کی زبان پر
جاری ہین اونہین سی تین سو توریت مین ہین اور تین سو انجیل مین اور تین سو زبور مین اور سو کلام اللہ مین
اونہین سی ننانوین ٩٩ لوگون پر ظاہر ہین اور ایک پوشیدہ ہی وہ اسم اعظم ہی اور ابو عبید اللہ سے
منقول ہی کہ ڈہونڈہی مینی اسماء باریتعالی کی قرآن مین ایک سو تیرہ پائی مینی ولیکن بعضی مکرر تہی
مثل غافر اور غفور اور غفار کی اور مانند انکی پس بعد دور کرنی مکررات کی ننانوین باقی رہی کذا ذکر
علی الفخر هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ٭ وہ اللہ ہی وہ جو نہین کوئی معبود مگر وہ اللہ نام ہی ذات
واجب الوجود کا کہ معبود بحق ہی اور یہہ نام غیر خدا تعالی پر اطلاق نہین کرسکتی ہین نہ حقیقۃ نہ
مجازا [illegible] الا کرتی ہین اگرچہ مجاز ہوویں پس یہہ بزرگتر سب ناموں کا ہوا اور معانی تمام
[illegible] ساتھہ اونکی یعنی وہ خصلتین اپنی مین حاصل کری چنانچہ نصیب ہوا ذکر

شرح اونکی بیان ہوگی اور یہہ نام تعلق کے لئی ہی نہ تخلق یعنی خلقت پکڑنی کی لئی اور نصیب بندی کا اس نام سی
تا لگہ ہی یعنی لگاؤ کری اوس سی مثل لگاؤ بچہ کی ساتھہ ماںکی کہ بالکل دل اپنا مستغرق یاد اوسکی کا رکھی
اور التفات سوا اوسکی نکری اور امید ساتھہ غیر اوسکی کی نہ رکھی اور نہ غیر اوسکی سی ڈری
الرحمن الرحیم بخشنی والا مہربان نصیب بندی کا ان دونون نامون سی یہہ ہی کہ مہربان
خلق پر ہو اور سبون پر نظر ساتھہ عین رحمت کی ڈالی اور سب کام اپنی اوسیکو سونپی کہ نعمت دینا
وہی ہی اور اوسکی غیر سی مدد نہ ڈہونڈہی اور دفع کرنی بری چیزین سعی کری اور حتی المقدور حاجت
محتاجون کی بر لاوی بلا غرض اور بغیر عوض الملک پادشاہ حقیقی کہ ملک دو جہان کا اوسیکی قبضہ
قدرت مین ہی اور وہ بی نیاز ہی سب سی اور سب اوسکی محتاج پس بندی نی جب یہہ جانا تو بندہ درگاہ
اوسیکی کا اور گداگلی اوسکی کا ہووی اور طلب عزت کی آستان خدمت اور طاعت اوسکی سی
کری اور واجب ہی کہ تعلق کری بیچ جناب قدرت اور تصرف اوسکیکی اور بی نیاز ہووی سب سی
بالکل اور ظاہر نکری احتیاج اپنی انسی اور ڈر اور امید نہ رکہی انسی اور تصرف کری ملک نفس
اور دل اور قالب اپنی مین اور مالک ہووی اعضا اور قوی اپنی کا اور مسخر کری انکو طاعت حق
اور حکم شرع پر تا پادشاہ عالم وجود اپنی کا ہووی بعضی مشائخ سی کسی نی وصیت چاہی فرمایا پادشاہ
دنیا اور آخرت کا ہو یعنی قطع کر حاجت اور شہوت اپنی کو دنیا سی اس لئی کہ پادشاہی اور ملک رانی
آزادی اور بی نیازی مین ہی القدوس نہایت پاک اور منزہ سب نقصانون سی اور نصیب
بندی کا اس سی یہہ ہی کہ پاک کری علم کو خیالون سی اور ارادونکو خطون بشریت سی السلام
سلامت اور بی عیب نصیب بندی کا یہہ ہی کہ بی عیب ہووی اخلاق بد ان سی اور کامون ناکارہ سی
المؤمن امان دینی والا خلق کو آفتون سی دنیا اور آخرت مین نصیب بندی کا اس سی یہہ ہی
کہ امن مین رکہی خلق کو اپنی برائی اور غیر کی برائی سی المہیمن نگہبان ہر چیز کا ساتھہ کمال قدرت کی اور

مطلع خلق پر ساتھ قوتون اور طاقتون کی نصیب بندی کا یہہ ہی کہ غالب ہووی اوپر اوصاف اپنی کی العزیز
غالب حکم مین اور بی ہمتا کوئی دوسرا اوسپر غلبہ نپاوی نصیب بندی کا یہہ ہی کہ غالب ہووی نفس اور ہوا
اور شیطان پر اور بی مثل ہووی علم اور عمل اور عرفان مین الجبار درست کرنی والا کامون بگڑی
ہوئی کا اور بزرگ کہ ادراک کسی کا گرد گہیرنی بزرگی اوسکی نہین ہوتا نصیب بندی کا اس سی یہہ ہی کہ
نقصانون نفس اپنی کو ساتھ حاصل کرنی کمال اور فضائل کی درست کری اور نفس سرکش اپنی پر غالب
ساتھ لازم کرنی تقوی اور ہمیشہ کرنی طاعت کی کامل ہووی المتکبر بزرگ اور بی نیاز خاص [illegible] عالم
سی اور برتر اس سی کہ پاوی قدر اوسکی کو عقل و وہم نصیب بندی کا یہہ ہی کہ [illegible] ساتھ بزرگی کی
موصوف ہووی کہ سوا اللہ کی سب اوسکی نظرون مین حقیر معلوم ہون الخالق اندازہ کرنی والا مخلوقات
موافق مشیت اور حکمت کی البارئ پیدا کرنی والا خلق کا المصور صورت اور ہیئت دینی والا
مخلوقات کا نصیب بندی کا ان تینون نامون سی بعضون نی یہہ کہا ہی کہ جب اوامر و طاعات سی
فارغ ہو تو کچھ کسب و کام کری کہ اوس سی وجہ معیشت کی اپنی لئی پیدا کری خصوصا وہ کسب اور کام
کہ اثر اوسکا بعد موت کی باقی رہی اور لوگون کو اوس سی فائدہ پہونچی مثلا کلام اللہ لکھ جاوی وغیرہ
ذلک الغفار بخشنی والا گناہ بندون کا اور ڈہانکنی والا عیبون اونکی کا نصیب بندی کا ظاہر ہی
القہار غالب کہ تمام عالم پر قہر اوسکی جاری اور مغلوب ہین نصیب بندی کا یہہ ہی کہ غالب ہووی
بڑی دشمنون پر کہ نفس اور شیطان ہین الوہاب بہت دینی والا بغیر عوض کی نصیب بندی کا یہہ ہی
کہ خرچ کری جان و مال اپنی اللہ کی لئی بلا غرض بدلی کی الرزاق روزی پیدا کرنی والا اور پہونچانی والا
روزی کا مخلوقات کو نصیب بندی کا یہہ ہی کہ نفع پہونچاوی خلق کو ساتھ رزقون روحانی اور جسمانی
کی الفتاح کھولنی والا دروازون رزق اور رحمت کا نصیب بندی کا یہہ ہی کہ کھولی مشکلات خلق کی العلیم
جاننی والا ہر چھپی ہوئی اور آشکارا کا نصیب بندی کا یہہ ہی کہ ساتھ [illegible] علم [illegible] آراستہ

کثرت علم کا ہووی اَلْقَابِضُ تنگ کرنی والا روزی کا یا دل بندون کا اور قبض کرنی والا روح انکی کا اَلْبَاسِطُ
فراخ کرنی والا روزی کا یا دل بندون کا نصیب بندی کا ان دونون اسمون سی یہہ ہی کہ تنگ کری دل بندونکا
ساتہہ خوف الٰہی کے اور فراخ کری ساتہہ بیان وسعت رحمت اور فضل نامتناہی کی اَلْخَافِضُ الرَّافِعُ
پست کرنی والا کافرون کا قرب اپنی سی اور اوٹہانی والا مومنون کا نزدیک اپنی سبب نیکبختی کی
نصیب بندی کا یہہ ہی کہ پست کری باطل کو ساتہہ عداوت اہل باطل کے اور بلند کری حق کو ساتہہ محبت
اہل حق کی اَلْمُعِزُّ الْمُذِلُّ عزت دینی والا بندون کا دونو جہان مین اور خوار کرنیوالا انکا نصیب
بندی کا یہہ ہی کہ عزیز رکہی اونکو کہ جنکو عزیز رکہا اللہ تعالی نی بسبب علم اور معرفت کی اور خوار رکہی اونکو
کہ جنکو خوار کیا اللہ تعالی نی بسبب کفر اور ضلالت کی اَلسَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ سننی والا دیکہنی والا
نصیب بندی کا یہہ ہی کہ کہنی اور دیکہنی اور سننی خلاف شرع کی سی حذر کری اور اللہ تعالی کو حرکات
اور سکنات اپنی پر حاضر ناظر جانی اَلْحَکَمُ حکم کرنی والا نصیب بندی کا یہہ ہی کہ رفع خصومت اور حکومت
مین عدالت کری اور نفس اپنی پر انصاف کری اور حاکم ہووی اَلْعَدْلُ انصاف کرنی والا
نصیب بندہ کا یہہ ہی کہ عدالت کری معاملات حق اور خلق مین اَللَّطِیْفُ باریک بین کہ دور و
نزدیک اوسکی نزدیک یکسان ہی اور نیکی اور نرمی کرنی والا بندون کا نصیب بندیکا یہہ ہی کہ دعوت
کری خلق کو طرف رب متعال کے ساتہہ لطف اور نرمی کی اَلْخَبِیْرُ آگاہ ساتہہ سب چیزون کے
اور دانا دلکی باتون کا نصیب بندیکا یہہ ہی کہ ساتہہ کامون دین و دنیا کی خبردار و باریک بین ہووے
اَلْحَلِیْمُ بردباری کرنی والا عفو گناہون مین نصیب بندی کا یہہ ہی کہ تحمل کری ایذا بدبختون پر اور وفا
کری ساتہہ عذاب زیردستونکی اَلْعَظِیْمُ بزرگ اور برتر ذات و صفات مین حد اوہام سی نصیب
بندی کا یہہ ہی کہ ہمت بلند رکہی اور دنیا کی لئی سر نہ جہکاوی اور ملک کونین کو عظمت الٰہی کے
مقابلی مین حقیر گنی اور حاصل کری وہ کمالات کہ بزرگ ہووی اوس سی قدر اوسکا اَلْغَفُوْرُ

بہت بخشنے والا نصیب بندی کا یہہ ہی کہ اوسکا شکر بیان مین کذا الشکور قدردان اور دینے والا ثواب
بڑے کا عمل تھوڑی پر نصیب بندی کا یہہ ہی کہ شکر کری حق تعالی کا اس طرح کہ سب نعمتین اوسکی
طرف سی جانی ہر عضو کو کہ جسواسطی پیدا کیا ہی اوسمین صرف رکھی العلی بلند نصیب بندی کا
یہہ ہی کہ خرچ کری طاقت اپنی حاصل کرنی علم و عمل مین تا ہم جنس اپنی سی زائد ہووی الکبیر بڑا ایسا بڑا
کہ اوسپر کوئی بڑا تصور نہین نصیب بندی کا وہی ہی جو العلی مین کذا الحفیظ نگاہ رکھنی والا عالم کا
آفتون اور ضائع ہونی سی نصیب بندی کا یہہ ہی کہ نگاہ رکھی اپنی تئین ہلاک کرنی والی چیزون ظاہر و باطن
کیسی یعنی گناہون سی المقیت قوت دینی والا نصیب بندی کا یہہ ہی کہ بہوکونکو کہانا کہلاوی اور غافلون
راہ بتاوی الحسیب کفایت کرنی والا ہر حال مین یا حساب کرنی والا بندونسی روز قیامت کی نصیب
بندیکا یہہ ہی کہ کفایت کری حاجت محتاجون کو اور حساب کرنی والا ہووی نفس اپنی سی الجلیل بزرگ قدر
نصیب بندی کا یہہ ہی کہ نفس اپنی کو ساتہ صفتون کمال کی آراستہ کری الکریم بخشش کرنی والا
اور بخشنی والا گناہ گنہگارون کا بدون شفیع کی نصیب بندی کا یہہ ہی کہ سعی کری کرم اور خلق کی
حاصل کرنی مین الرقیب نگاہ رکھنی والا مخلوقات کا حادثون سی اور ایذا دینی والی چیزون سی نصیب
بندی کا یہہ ہی کہ نگہبان نفس اپنی کا ہووی اور عارضی دل او نفس کی دور کری اور جانی کہ اللہ تعالی
دیکھنی والا اوسکا ہی المجیب قبول کرنی والا دعا بیچارون کا اور جواب دینی والا پکارنی والون کا
نصیب بندیکا یہہ ہی کہ فرمانبرداری اللہ تعالی کی کری اوامر و نواہی مین اور جواب دیوی اہل حاجت کو
ساتہ نرمی کی الواسع علم اوسکا فراخ ہی اور نعمت اوسکی سب کو پہونچی نصیب بندی کا یہہ ہی کہ سعی
کری فراخی علم اور سخاوت اور معارف مین اور سبون سی بہر نوع کشادہ پیشانی سی ہووی الحکیم
[illegible] امور کا [illegible] دانا ساتہ حقائق اسرار کی نصیب بندی کا یہہ ہی کہ محکم کری کام اپنی الودود
دوست رکھنی والا اوسکا فرمانبردارونکا یا محبوب اولیا کی دلونمین نصیب بندی کا یہہ ہی کہ سوا ربانی کی

سی چیز کو دوست نرکہی الْمَجِیدُ بزرگ اور شریف ذات اور افعال مین نصیب بندی کا اسمی عظیم مین معلوم
ہوا الْبَاعِثُ اوٹہانی والا یعنی زندہ کرنی والا مردون کا قبرون سی اور بیدار کرنی والا دل غافلون کا
خواب غفلت سی نصیب بندی کا یہہ ہی کہ زندہ کری دلون مردہ کو ساتہہ سکہانی علم کی کہ سبب
حیات ابدی کا ہی الشَّهِیدُ حاضر اور مطلع ظاہر و باطن پر نصیب بندی کا اسمی خبیر و علیم مین بیان ہوا
الْحَقُّ ثابت ساتہہ شہنشاہی کی اور لائق ساتہہ خدائی کی نصیب بندی کا یہہ ہی کہ ماسوا اللہ کو باطل
جانی اور ثابت ہووی ساتہہ متابعت حق کی کہ شریعت نبوی ہی صلی اللہ علیہ وسلم اور متصف ہووی
ساتہہ سچی حقانیت کی الْوَکِیلُ کارساز بندون کا نصیب بندی کا یہہ ہی کہ ضعیفون اور عاجزون کی
کام مین کوشش کری اور روائی حاجت انکی مین ایسی سعی کری کہ گویا وکیل انکا ہی الْقَوِیُّ الْمَتِینُ
قوت والا استوار سب امور مین نصیب بندی کا یہہ ہی کہ خواہش نفسانی پر قوی اور غالب ہووی
اور دین مین سخت و چست ہووی اور جاری کری احکام شرع مین سستی کو راہ نہ دیوی الْوَلِیُّ
مددگار اور دوست رکہنی والا مومنون کا نصیب بندی کا یہہ ہی کہ دوستی کری مسلمانون سی اور کوشش
کری تائید دین مین اور سعی کری حاجت روائی خلق کی مین الْحَمِیدُ تعریف کری والا ذات وصفات کی
یا تعریف کیا گیا نصیب بندی کا یہہ ہی کہ ہمیشہ تعریف کرنی والا حق کا ہو اور آراستہ ہو ساتہہ صفتون کمال کی
یا تعریف کیا گیا ہو نزدیک خدا اور بندون کی الْمُحْصِی گہیرنی والا ہی علم اوسکا ہر چیز کو اور ظاہر ہی نزدیک
اوسکی گنتی سب مخلوقات کی نصیب بندی کا یہہ ہی کہ شمار کری اعمال اپنی کو پہلی اس سی کہ آگہی جاوین
اور کوشش کری اسمین کہ اعمال اور احوال باطن اپنی پر اطلاع پاوی الْمُبْدِئُ الْمُعِیدُ پیدا کرنی والا
پہلی بار اور دوبارہ پیدا کرنی والا نصیب بندی کا یہہ ہی کہ سعی کری بیچ پیدا کرنی نیکیون مین اور اعادہ
کری یعنی ادا کری جو اوس سی رہ گیا ہی او قصور ہوا ہی الْمُحْیِی زندہ کرنی والا اولیا کا ساتہہ [illegible]
اور پیدا کرنی والا مخلوقات کا بدنون مین نصیب بندی کا یہہ ہی کہ زندہ کری جہان کو ساتہہ قائم رکہنی کی

علم سے اور ___ لکے ساتھ معرفت الٰہی کے المُمِیتُ مارنے والا بدنوں کا اور دلوں کا ساتھ خواب غفلت اور
نادانی کے نصیب بندے کا یہہ ہے کہ مار ڈالے خواہشوں نفسانی اور خطروں شیطانی کو الحیّ مسعود زندہ سب سے
پہلے اور سب سے بعد ہے نصیب بندے کا یہہ ہے کہ زندہ ہووے ساتھ یاد پروردگار تعالیٰ کی اور خرچ کرے جان اپنی
اوسکی راہ میں تا حیات ابدی پاوے القیّوم قائم رہنے والا ذات وصفات میں اور خبرگیری کرنے والا
مخلوقات کا نصیب بندے کا یہہ ہے کہ بے پروا ہو ماسوای اللہ سے اور سنوارے امور بندوں کے الواجِد
غنی اور بے پروا کہ محتاج کسی کا کسی چیز میں نہیں نصیب بندے کا یہہ ہے کہ بیچ حاصل کرنے کمال ضروری کے بہت
سعی کرے الماجِد بزرگ نصیب بندے کا وہی ہے جو پہلے کہا الواحد الاحد یکا صفات میں
اور ذات میں نصیب بندے کا یہہ ہے کہ یکا ہووے بندگی میں جیسے کہ وہ یکا ہے خدائی میں اور موصوف
ہووے ساتھ فضائل کے کہ ہم جنس اوسکے ویسے نہوں الصَّمَد بے پروا کہ نہیں محتاج کسی کا اور سب اوسکے محتاج
نصیب بندے کا یہہ ہے کہ بے نیاز ہووے خلق سے اور سعی کرے کارسازی نیازمندوں اور برلانے حاجت حاجتمندوں
میں القادر المقتدر قدرت والا قدرت ظاہر کرنے والا نصیب بندے کا یہہ ہے کہ قادر ہووے اوپر باز
رکھنے نفس کی خواہشوں اور لذتوں سے المقدّم المؤخّر آگے کرنے والا دوستوں کا ساتھ نزدیکی رحمت کے
اور پیچھے ڈالنے والا دشمنوں کا الطف اپنے سے نصیب بندے کا ان دونوں اسم مقدس سے یہہ ہے کہ آگے
کرے اپنے تئیں ساتھ سبقت کرنے نیکیوں کی اور اونکو کہ مقرب درگاہ عزت کی ہیں اور پیچھے ڈالے نفس اور
شیطان اور مردودوں درگاہ کے تئیں الاوّل الآخر پہلے سب سے پیچھے سب سے نصیب بندے کا
یہہ ہے کہ جلدی کرے طاعتوں میں اور بجالانے اوامر میں اور جان خرچ کرے اوسکے لیے تا حیات ابدی
پاوے الظاهر الباطن آشکارا باعتبار مصنوعات کے کہ دلالت کرتے ہیں اوپر کمال صنعتوں اوسکے کے
[illegible] خیال سے باعتبار کنہ ذات کے نصیب بندے کا یہہ ہے کہ باطن اپنا [illegible] ظاہر
اور [illegible] کہ تصفیہ سے ساتھ صفات [illegible] کے پہچانا اوسکا مشکل ہے الوالی کارساز اور [illegible]

نصیب بندی کا مثل نصیب الوکیل کی ہی المتعالی بہت بلند نصیب بندی کا وہی ہی جو العلی مین کہا البر نیکی کرنی والا
کہ ہونا نیکی اور احسان کا اوسکی ذات سی ہی نصیب بندیکا یہہ ہی کہ نیکی کری ماں باپ کی حق مین اور استاد اور مشائخ اور
اقارب اور تمام خلق والونکی حق مین التواب توبہ قبول کرنی والا نصیب بندیکا یہہ ہی کہ قبول کری عذر خلق کا
اگرچہ کئی بار ہو المنتقم بدلا لینی والا کافرون اور سرکشونسی ساتہہ عذاب کی نصیب بندیکا یہہ ہی کہ بدلا لی بڑی دشمنونسی کہ
نفس و شیطان ہین العفو درگذر کرنی والا گناہون اور تقصیرات سی نصیب بندیکا وہی ہی جو عفو مین گذرا الرؤف مہربان
نصیب بندیکا مثل نصیب الرحیم کی ہی مالک الملک خداوند جہان کا نصیب بندیکا اسم الملک مین گذرا ذو الجلال والاکرام
صاحب بزرگی اور بخشش کا نصیب بندیکا یہہ ہی کہ حاصل کری اپنی نفس کی لئی بزرگی اور اکرام کری بندگان خدا کو جیسا کہ لائق ہی
المقسط عدل کرنی والا نصیب بندیکا اسم العدل مین گذرا الجامع جمع کرنیوالا لوگونکا قیامت مین نصیب بندیکا یہہ ہی کہ جمع کری درمیان علم و
عمل کی اور کمالات نفسانیہ اور جسمانیہ کی اور جمع کری وظائف عبادات اور اوراد مین اور سعی کری بیچ
جمع کرنی فکر اور تسکین دل اور جمعیت مع اللہ کی بیت جمعیت کوش تا اہل ذات شوی ور نہ تن کہ پراگندہ
شوی مات شوی الغنی المغنی بی پروا ہر چیز سی بی پروا کرنی والا جسکو چاہی نصیب بندیکا یہہ ہی کہ استغنا
حاصل کری ماسوا اللہ سی المانع باز رکہنی والا ہلاک و نقصان کا بندونسی دین و دنیا مین نصیب بندی کا
یہہ ہی کہ نفس و طبیعت کو خواہشون نفسانی سی باز رکہی الضار النافع ضرر پہونچانی والا اور فائدہ
پہونچانی والا جسکو چاہی نصیب بندی کا ظاہر ہی النور روشن کرنی والا زمین و آسمان کا ساتہہ
ستارون کی اور روشن کرنی والا دل مومنون کا ساتہہ نور معرفت اور طاعت کی نصیب بندیکا
یہہ ہی کہ روشن ہووی ساتہہ نور ایمان اور عرفان کی الہادی راہ دکہانی والا نصیب بندی کا یہہ ہی
کہ بندگان خدا تعالی کو طرف اوسکی راہ دکہاوی البدیع پیدا کرنی والا عالم کا بدون مثال کی نصیب
بندی کا بیان ہو چکا الباقی ہمیشہ رہنی والا الوارث باقی بعد فنای موجودات کی [illegible]
نصیب بندی کا یہہ ہی کہ اون اعمال مین کہ جملہ باقیات صالحات سی ہین کوشش کری مثل تعلیم علم اور صدقہ

جا

جا بیہ وغیر ہا کی الرَّشیدُ رہنما ہی عالم کا نصیب بندی کا ظاہر ہی الصَّبُوْرُ ف ق مس حب
بہو بار گستہ ... کرلی گنہکارون کی نصیب بندی کا ظاہر ہی نقل کی بیہ ترمذی ابن
ماجہ حاکم ابن حبان نی الحمد للہ تمام ہوا بیان اسما حسنی کا شرح شیخ عبد الحق اور شیخ فخر الدین رح
کیسی یا اسد عمل نصیب کر ہم سب کو اسپر وَسَمِعَ رَجُلًا وَهُوَ يَقُولُ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ
فَقَالَ قَدِ اسْتُجِيبَ لَكَ فَسَلْ ت اور سنا نبی صلی اللہ علیہ وسلم ایک شخص کو کہ وہ کہتا تہا
یا ذا الجلال والاکرام پس فرمایا تحقیق قبولیت کی گئی تیری لئی یعنی مستحق قبولیت کا ہوا پس مانگ جو
چاہی نقل کی بیہ ترمذی سے إِنَّ لِلّٰهِ مَلَكًا مُوَكَّلًا بِمَنْ يَقُولُ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ فَمَنْ قَالَهَا
ثَلَاثًا قَالَ لَهُ الْمَلَكُ إِنَّ أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ قَدْ أَقْبَلَ عَلَيْكَ فَسَلْ مس تحقیق واسطی
اسد کی فرشتہ ہی متعین ساتہہ اوس شخص کی کہ کہتا ہی یا ارحم الراحمین پس جو کوئی کہتا ہی اسکو تین بار
کہتا ہی اوسکی لئی فرشتہ تحقیق ارحم الراحمین متوجہ ہوا تجہ پر یعنی ساتہہ قبولیت اور عنایت کی
پس مانگ جو چاہی نقل کی بیہ حاکم نی وَمَرَّ بِرَجُلٍ وَهُوَ يَقُولُ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ فَقَالَ لَهُ
سَلْ قَدْ نَظَرَ اللّٰهُ إِلَيْكَ مس اور گذری نبی صلی اللہ علیہ وسلم ایک شخص پر اوس حال میں
کہ وہ کہتا تہا یا ارحم الراحمین پس فرمایا اوسکی لئی مانگ تحقیق نظر رحمت و عنایت کی کی اللہ تعالی نی
طرف تیری نقل کی یہ حاکم نی مَنْ سَأَلَ اللّٰهَ الْجَنَّةَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ قَالَتِ الْجَنَّةُ اَللّٰهُمَّ
أَدْخِلْهُ الْجَنَّةَ وَمَنِ اسْتَجَارَ مِنَ النَّارِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ قَالَتِ النَّارُ اَللّٰهُمَّ أَجِرْهُ مِنَ
النَّارِ ت س ق حب مس جو کوئی مانگی اللہ تعالی سی بہشت تین بار کہتی ہی بہشت یا اللہ
داخل کر اوسکو بہشت میں اور جو کوئی پناہ مانگی دوزخ کی آگ سی تین بار کہتی ہی آگ یا اللہ بچا اوسکو
آگ ... سی نقل کی یہ ترمذی نسائی ابن ماجہ ابن حبان حاکم نی مَنْ دَعَا بِهٰؤُلَاءِ الْكَلِمَاتِ الْخَمْسِ لَمْ
يَسْأَلِ اللّٰهَ شَيْئًا إِلَّا أَعْطَاهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ

وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ * ط طس * جو کوئی دعا
کرے اور یاد کرے اللہ تعالی کو ساتھہ ان کلمون پانچ کی نہ مانگے اللہ تعالی سے کوئی چیز مگر کہ دیتا ہے اللہ اوسکو
وہ پانچ کلمے یہہ ہین نہین کوئی معبود مگر اللہ ایک ہے وہ نہین کوئی شریک اوسکا اوسیکے لیے پادشاہت
ہے اور اوسیکے لیے سب تعریف ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے نہین کوئی معبود مگر اللہ اور نہین ہے پھرنا گناہ
سے اور نہ قوت عبادت پر مگر ساتھہ مدد اللہ کی نقل کی یہہ طبرانی نے کبیر مین اور اوسط مین **ف**
دوسرا کلمہ مصنف نے له الملك کو لکھا ہے اور ملا علی قاری رح نے وله الحمد کا دوسرا ہونا بہتر کہا ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى اِجَابَةِ الدُّعَاءِ یہہ بیان ہے الحمد للہ کہنے کا قبولیت دعا پر مَا يَمْنَعُ اَحَدَكُمْ
اِذَا عَرَفَ الْاِجَابَةَ مِنْ نَفْسِهِ فَشُفِيَ مِنْ مَرَضٍ اَوْ قَدِمَ مِنْ سَفَرٍ اَنْ يَقُوْلَ الْحَمْدُ
لِلّٰهِ الَّذِيْ بِعِزَّتِهٖ وَجَلَالِهٖ تَتِمُّ الصَّالِحَاتُ * مس ی * کون سی چیز منع کرتی ہے ایک
تمہارے کو کہ جب پہچانے قبولیت نفس اپنے سے یعنی شفا پانے بیمار کے لیے یا سفر سے کسیکے یا اپنے آنے کی لیے
دعا کرتا تہا پس شفا دیا جاوے بیماری سے یا آوے سفر سے اس سے کہ کہے سب تعریف ہے اوس خدا کے لیے کہ
بسبب غلبہ اور بزرگی اوسکی پوری ہوتی ہین کام اچھے یعنی حاجتین اچھی بر آتی ہین نقل کی یہہ حاکم اور ابن
سنی نے **ف** یعنی لائق نہین ہے کہ جسکی مراد بر آوے بعد دعا کرنے کے وہ ان کلمات کے کہنے کو چھوڑ دے

اَلَّذِيْ يُقَالُ فِيْ صَبَاحِ كُلِّ يَوْمٍ وَمَسَائِهٖ یہہ بیان ہے اوس چیز کا کہ پڑھی جاوے ہر روز کی صبح مین
اور شام مین بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاءِ وَهُوَ
السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ * عه حب مس مص * صبح یا شام کے کہنے ساتھہ نام اوس خدا کے
کہ نہین ضرر کرتی ہے ساتھہ ذکر کرنے نام اوسکے کوئی چیز یعنی قسم کھانے سے ہو یا دشمن وغیرہ سے ہو زمین
مین اور نہ آسمان مین اور وہ سننے والا اور جاننے والا ہر چیز کو ہے پڑھے اسکو تین بار نقل کی یہہ حاکم نے
اور ابن حبان حاکم ابن ابی شیبہ نے **ف** صبح کے پڑھنے مین بسم اللہ کے پہلے لفظ اصبحنا کا مقدر کر لیوے

الحمد للہ کہنا قبولیت دعا پر

بیان صبح شام کی دعا کا جن سے ضرر نہ پہنچے

صبح کی ہی اور شام کی پڑہی ہین لفظ امسینا کا بھی شام کی ہی اور فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ
جو کوئی صبح شام کو تین تین بار یہہ دعا پڑہا کرے تو اوسکو دن رات مین ناگہانی بلا نہین پہونچتی ہی کذا
فی المشکوۃ أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ط س و فِي الْمَسَاءِ فقط
مع ط س ی ی ثلث مرات ت ی ی پناہ مانگتا ہون مین ساتہہ کلمون اللہ کی
یعنی تو دونامون اور کتابون اوتری ہوئی کی کہ پوری ہین یعنی بے نقصان برائی اوس چیز کی سی کہ پیدا کی
نقل کی یہہ طبرانی نے اوسط مین اور صبح شام کی فقط نقل کی یہہ مسلم نے اور چارون نے اور طبرانی نے اوسط
مین اور دارمی ابن سنی نے یعنی پہلی روایت مین صبح شام مین یہہ دعا پڑہنی آئی ہی اور ان کتاب
والون نے فقط شام ہی کو پڑہنی روایت کی ہی تین بار پڑہی نقل کی یہہ ترمذی دارمی ابن سنی نے
ف روایت ہی معقل بن یسار صحابی سی کہ جسنی یہہ دعا پڑہی متعین ہوتی ہین اوسپر ستر ہزار
فرشتی کہ دعا بخشش کے کرتی ہین اوسکی لئی اور اگر مرتا ہی شہید مرتا ہی لفظ حدیث کی یہہ ہین
مَنْ قَالَ لَهُ وُكِّلَ بِهِ سَبْعُونَ أَلْفَ مَلَكٍ يُصَلُّونَ عَلَيْهِ وَإِنْ مَاتَ مَاتَ شَهِيدًا اور صحیح مسلم مین
روایت کی ہی کہ ایک شخص نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی پاس حاضر ہوکر عرض کیے کہ آج کی رات
ایک بچہو کی کاٹنی سی کیا ایذا اوٹہائی مینی فرمایا آگاہ ہو اگر کہتا تو جسوقت کہ شام کرتا اعوذ بکلمات اللہ
التامات من شر ما خلق تو ضرر نہ پہونچتا تجکو اور جو کوئی منزل پر اوترکر یہہ پڑہی تو نہین ضرر کرتی
کوئی چیز جبتک کہ کوچ کری کذا فی المشکوۃ وشرح القاری أَعُوذُ بِاللّٰهِ السَّمِيعِ الْعَلِيمِ
مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ ثلث مرات هُوَ اللّٰهُ الَّذِي لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ عَالِمُ الْغَيْبِ
وَالشَّهَادَةِ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيمُ هُوَ اللّٰهُ الَّذِي لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الْمَلِكُ الْقُدُّوسُ السَّلَامُ
الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ سُبْحَانَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُونَ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ
الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْأَسْمَاءُ الْحُسْنٰى يُسَبِّحُ لَهُ مَا فِي السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضِ وَهُوَ الْعَزِيزُ

الرجیم ت می ی ۔ پناہ مانگتا ہون مین ساتھہ اللہ سننی والی جاننی والی کی شیطان راندی گئی
سی یعنی ہانکی ہوی سی در وازہ خدا سی پڑہی یہہ اعوذ تین بار پہر یہہ آیت پڑہی ھو اللہ جو نہین کوئی معبود
مگر وہ جاننی والا غیب کا یعنی جو بندون سی پوشیدہ ہی اور ظاہر کا وہی ہی بخشش کرنی والا مہربان
وہ ہی خدا جو نہین کوئی معبود مگر وہ پادشاہ ہی نہایت پاک سلامت سب عیب سی امن مین رکہنی والا
نگہبان غالب زبردست بزرگوار پاکی ہی خدا کو اوس چیز سی کہ شریک کرتی ہین جاہل یعنی بت وغیرہ کو
شریک ٹہیراتی ہین وہ خدا ہی پیدا کرنی والا درست کرنی والا صورت بنانی والا واسطی اوسکی نام ہین
اچہی ساتھہ پاکی کی یاد کرتی ہی اوسکو وہ چیز کہ بیچ آسمانون اور زمین کی ہی اور وہ غالب ہے
دانا نقل کیے یہہ ترمذی دارمی ابن سنی نی ف فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نی کہ جو شخص اس
اعوذ کو مع ان تین آیتون اخیر سورہ حشر کی پڑہتا ہی صبح کو متعین کرتا ہی اللہ تعالی ساتہہ اوسکی ستر ہزار
فرشتی کہ دعا بخشش کی کرتی ہین شام تلک اور اگر اوس دن مین مرتا ہے شہید مرتا ہے اور جو کوئی شام کو پڑہتا ہی یہی درجہ
پاتا ہی کذا فی المشکوۃ والشرحین قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ
قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ ۔ د ت س ی ۔ قل ہو اللہ تین بار پڑہی اور قل اعوذ برب الفلق
تین بار اور قل اعوذ برب الناس تین بار نقل کی یہہ ابوداود ترمذی نسائی ابن سنی نے ف فرمایا رسولخدا صلی اللہ علیہ
وسلم نی کہ قل ہو اللہ اور قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس کا صبح شام کو تین تین بار پڑہنا کفایت
کرتا ہی ہر چیز سی یعنی دفع کرتا ہی ہر برائی کو کذا فی المشکوۃ فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ حِيْنَ تُمْسُوْنَ وَحِيْنَ تُصْبِحُوْنَ
وَلَهُ الْحَمْدُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَعَشِيًّا وَّحِيْنَ تُظْهِرُوْنَ يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَ
يُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَيُحْيِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَكَذٰلِكَ تُخْرَجُوْنَ ۔ د ی ۔ پس تسبیح کرو تم
اللہ کو جسوقت کہ رات کرتی ہو تم یعنی نماز مغرب اور عشا کی پڑہو اور جسوقت کہ صبح کرتی ہو تم یعنی نماز فجر کی پڑہو اور
اوسی کی لئی سب تعریف ہی بیچ آسمانون کے اور زمین کی اور تسبیح کرو تیسری پہر یعنی نماز عصر کی پڑہو اور جسوقت

[illegible] یعنی نماز ظہر کی پڑہو نکالتاہی اللہ زندہ کو مردی سی یعنی جانور کو انڈی سی اور حیوان کو نطفی سی یا مرغی کو
انڈی سی [illegible] ذاکر کو غافل سی اور نکالتاہی مردی کو زندی سی یعنی انڈی کو جانور سی اور نطفہ کو حیوان سی
اور کافر کو مومن سی اور غافل کو ذاکر سی اور جلاتا ہی زمین کو یعنی سرسبز کرتا ہی پیچھی مرنی اوسکیکی یعنی
خشک ہونی کی اور اسیطرح یعنی مثل اس نکالنی کی نکالی جاؤگی تم یعنی قبرون سی نقل کی یہہ ابوداؤد نی
[illegible] ف مراد تسبیح سی پاکی بیان کرنی ہی اللہ کی بری باتون سی یا نماز پڑہنی اور لفظ وعشیا کا
عطف کیا گیا ہی حین پر اور وله الحمد آخر تک جملہ معترضہ ہی یعنی اسکی یاد کرو وقت عشا کی فرمایا آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم نی کہ جو کوئی صبح کو پڑہتا ہی فَسُبْحَانَ اللّٰہِ حِیْنَ تُمْسُوْنَ کو تُخْرَجُوْنَ تلک پاتا ہی ثواب
اوس چیز کا کہ فوت کرتا ہی قسم نیکی اور وظیفہ اوس دن کی سی اور جو کوئی پڑہتا ہی اسکو شام کو
پاتا ہی ثواب اوس چیز کی کو کہ فوت کرتا ہی اوس رات مین کذا فی المشکوۃ اَللّٰہُ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا
ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ اٰیَةُ الْکُرْسِیِّ ط یعنی پڑہی اللہ لا الہ الا ہو الحی القیوم مراد رکہتا ہون آیة
الکرسی نقل کی یہہ طبرانی نی وَاٰیَةَ الْکُرْسِیِّ وَالْاٰیَةَ مِنْ اَوَّلِ سُوْرَةِ غَافِرٍ اِلٰی قَوْلِہٖ
اِلَیْہِ الْمَصِیْرُ حب ات ی یعنی اور پڑہی آیة الکرسی اور آیة ابتداء سورہ غافر کی بیچ قول
اوسکی الیہ المصیر تک نقل کی یہہ ابن حبان احمد ترمذی ابن سنی نی ف ساری آیت یون
ہی حٰمٓ تَنْزِیْلُ الْکِتٰبِ مِنَ اللّٰہِ الْعَزِیْزِ الْعَلِیْمِ غَافِرِ الذَّنْبِ وَقَابِلِ التَّوْبِ شَدِیْدِ الْعِقَابِ ذِی الطَّوْلِ
لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ اِلَیْہِ الْمَصِیْرُ آیا ہی حدیث شریف مین کہ جو شخص پڑہی دونو آیتین یعنی آیة الکرسی اور آیة ابتداء
غافر کی صبح کو پڑہتا ہی محفوظ رہتا ہی یعنی سب بلیات سی اور شیطانون سی بسبب برکت انکی کی شام تلک
اور جو شام کو پڑہتا ہی صبح تلک محفوظ رہتا ہی بسبب برکت انکی کی کذا فی المشکوۃ اَصْبَحْنَا
وَاَصْبَحَ الْمُلْکُ لِلّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ
وَلَہُ الْحَمْدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ رَبِّ اَسْئَلُکَ خَیْرَ مَا فِیْ ھٰذَا الْیَوْمِ وَخَیْرَ مَا بَعْدَہٗ

وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا فِيْ هٰذَا الْيَوْمِ وَشَرِّ مَا بَعْدَهٗ رَبِّ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْكَسَلِ وَسُوْءِ

الْكِبَرِ رَبِّ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابٍ فِي النَّارِ وَعَذَابٍ فِي الْقَبْرِ م د ت س مص

صبح کی ہمنی اور صبح کی ملک نی واسطی اللہ کی اور سب تعریف اللہ ہے کی لئی ہی نہین کوئی معبود مگر اللہ تنہا نہین کوئی شریک اوسکا اوسیکی لئی بادشاہت ہی اور اوسیکی لئی سب تعریف ہی اور وہ ہر چیز پر قادر ای پروردگار میری مانگتا ہون مین تجہسی بہلائی اوس چیز کی کہ اس دن مین ہی یعنی جو مقدر ہی کہ اسدن مین واقع ہوگا اور بہلائی اوس چیز کی کہ پیچہی اسکی ہی اور پناہ مانگتا ہون مین ساتہہ تیری برائی اوس چیز کی سی کہ اسدن مین ہی اور برائی اوس چیز کی سی کہ پیچہی اسکی ہی ای پروردگار میری پناہ مانگتا ہون ساتہہ تیری کاہلی سی کہ طاعت مین ہو اور برائی بڑہاپی کی سی ای رب میری پناہ مانگتا ہون مین ساتہہ تیری عذاب سی کہ آگ مین ہی اور عذاب سی کہ قبر مین ہی نقل کی یہہ مسلم ابوداود ترمذی نسائی ابن ابی شیبہ نی ف اَصْبَحْنَا وَاَصْبَحَ الْمُلْكُ وغیرہما کی اوپر کی لفظات کی پڑہنی کی ہین یعنی صبح کی وظیفہ مین اَصْبَحْنَا وَاَصْبَحَ الْمُلْكُ پڑہینگے اور شام کی وظیفہ مین اَمْسَيْنَا وَاَمْسَى الْمُلْكُ سب جاہی اسطرح سمجہہ اور دنکی وظیفہ مین ہذا الیوم اور رات کی وظیفہ مین ہذہ اللیلۃ اور دنکو ما بعدہ اور رات کو ما بعدہا اور برائی رات دن اور ما بعد اونکی کی مراد ہی اوس چیز سی کہ ضرر کری دین و دنیا مین اور باز رکہی خدمت مولی کسی اور برائی بڑہاپی کی یہہ ہی کہ بسبب بڑہاپی کی عقل جاتی رہی اور بندگی اللہ تعالی کی اچہی طرح ہو سکی پس پناہ مانگی ہی بڑہاپی کی برائی سی و الا نفس بڑہاپی کی فضیلت آئی ہی کہ خوشحال ہی اوس شخص کا کہ طویل ہو عمر او اور اچہی ہون عمل اوسکی کذا ذکرہ العسلی

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْكَسَلِ وَالْهَرَمِ وَسُوْءِ الْكِبَرِ وَفِتْنَةِ الدُّنْيَا وَعَذَابِ الْقَبْرِ هد

یا اللہ تحقیق مین پناہ مانگتا ہون ساتہہ تیری کاہلی سی اور بہت بڑہاپی سی کہ بعضی اعضا کام سی باز رہین اور برائی بڑہاپی کی سی اور فتنہ دنیا کی سی یعنی فتنہ پڑنی سی بسبب محبت دنیا کی یا فتنہ سی کہ دنیا مین ہو کہ باز رکہی بندگی اللہ کی سی اور عذاب قبر کی سی

هذه الليلة امسينا امسى

نقل کے یہہ مسلم نی اَصْبَحْنَا وَاَصْبَحَ الْمُلْكُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ خَيْرَ هٰذَا الْيَوْمِ فَتْحَهٗ وَنَصْرَهٗ وَنُوْرَهٗ وَبَرَكَتَهٗ وَهُدَاهُ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا فِيْهِ وَشَرِّ مَا بَعْدَهٗ

ت ٭ اور صبح کی ہمنی اور صبح کی ملک نی واسطی اللہ کی پروردگار ہی سارے جہان کا یا اللہ تحقیق مین مانگتا ہون تجہسی بہلائی اسدن کی فتح اوسکی اور مدد اوسکی یعنی دشمن ظاہری باطنی کی دفع پر مدد کری تو اسدن مین اور روشنی اوسکی اور برکت اوسکی یعنی ہمیشگی طاعت کی اور ہدایت اوسکی اور پناہ مانگتا ہون مین ساتہہ تیری برائی اوس چیز کی سی کہ اوسمین ہی اور برائی اوس چیز کیسی کہ پیچہی اوسکی ہی نقل کی یہہ ابوداود نی **ف** فتح رات دن کی یہہ ہی کہ اسد تعالی مراد برلاوی بندی کی موافق مقصد اوسکی کی رات دن مین اور نور جبر دار کرنا اللہ تعالی کا ہی بندی کو کہ دیکہی اوسسی راہ حق کی اور ہدایت راہ دکہانی ہی طرف راہ استقامت کی ہمیشہ کو یہان تلک کہ خاتمہ بخیر ہو کذا قال العلی اَللّٰهُمَّ بِكَ اَصْبَحْنَا وَبِكَ اَمْسَيْنَا وَبِكَ نَحْيٰی وَبِكَ نَمُوْتُ وَاِلَيْكَ النُّشُوْرُ ٭ عہ حب اعو ٭ یا اسد بسبب قدرت تیری کی صبح کی ہمنی اور بسبب مدد تیری کے شام کی ہمنی اور بسبب تیری جیتی ہین ہم اور بسبب تیری مرتی ہین ہم اور طرف تیری اوٹہنا ہی بعد مرنی کی نقل کی یہہ چارون نی اور ابن حبان احمد ابوعوانہ نی ٭ **ف** شام کی وظیفہ مین اولٹا یہ ہی یعنی بک امسینا وبک اصبحنا اور کہا مصنف نی مناسب یہہ ہی کہ صبح مین کہا جاوی والیہ النشور اور شام مین والیہ المصیر اور یہی صحیح ہی اوس حدیث مین کہ روایت کی ابوعوانہ نی ذکر ملا علی قاری نی اس قول کا جو شبہہ کیا ہی اور کہا عکس اسکا ثابت ہوا ہی ٭ اللہم اَصْبَحْنَا وَاَصْبَحَ الْمُلْكُ لِلّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَاِلَيْهِ النُّشُوْرُ ٭ صبح کی ہم نی اور صبح کی ملک نی واسطی اللہ کی اور سب تعریف اللہ کی لئی ہی نہین شریک کوئی اوسکا نہین کوئی معبود مگر وہ اور طرف اوسیکی اوٹہنا ہی نقل کی یہہ بزار ابن سنی نی اَللّٰهُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ عَالِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ رَبَّ كُلِّ شَيْءٍ وَمَلِيْكَهٗ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ

نفسي وشر الشيطان وشركه ❊ د ت س حب مس مص ❊ یا اللہ پیدا کرنے والے آسمانوں
اور زمین کے جاننے والے پوشیدہ اور ظاہر کے اے پروردگار ہر چیز کے اور مالک اوسکے گواہی دیتا ہوں میں یہہ
کہ نہیں کوئی معبود مگر تو پناہ مانگتا ہوں میں ساتھہ تیرے برائی نفس اپنے کی سے یعنی خواہش نفس کی سے جو خلاف
ہدایت کے ہو اور برائی شیطان کیسے اور شرک اوسکے سے یعنی شرک اور کفر میں ڈالنے اوسکے سے نقل کی یہہ ابوداؤد
ترمذی نسائی ابن حبان حاکم ابن ابی شیبہ نے **ف** عرض کیا حضرت ابوبکر رض نے جناب سرور عالم صلی اللہ
علیہ وسلم سے کہ فرمائیے کوئی دعا کہ پڑھوں میں صبح وشام فرمایا یہہ دعا پڑھ اور بعضی روایت میں یہہ زیادہ
آیا ہے وَاَنْ نَقْتَرِفَ عَلٰی اَنْفُسِنَا سُوْءًا اَوْ نَجُرَّهٗ اِلٰی مُسْلِمٍ **ت** ❊ اور پناہ مانگتے ہیں ہم اس سے کہ حاصل
کریں ہم اوپر نفسوں اپنی کے برائی کو یعنی گناہ یا ظلم کو یا کھینچیں برائی کو طرف مسلمان کے یعنی نسبت کریں
برائی کو طرف مسلمان کے کہ پاک ہو اوس سے یا ضرر پہونچاویں اسکو نقل کی یہہ ترمذی نے اَللّٰھُمَّ
اِنِّیْ اَصْبَحْتُ (امسیت) اُشْهِدُكَ وَاُشْهِدُ حَمَلَةَ عَرْشِكَ وَمَلَائِكَتَكَ وَجَمِيْعَ خَلْقِكَ بِاَنَّكَ
اَنْتَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ ❊ **طس ت** ❊ یا اللہ تحقیق میں نے صبح کی
اوس حالت میں کہ گواہ کرتا ہوں میں تجھکو اور گواہ کرتا ہوں اوٹھانے والوں عرش تیرے کو اور تمام فرشتوں
تیرے کو اور تمام مخلوق تیری کو ساتھہ اسکے کہ تحقیق تو معبود ہے نہیں کوئی معبود مگر تو اور تحقیق محمد بندے
تیرے ہیں اور رسول تیرے نقل کی یہہ طبرانی نے اوسط میں اور ترمذی نے **ف** اُشْهِدُكَ کہ گواہ کرتا ہوں
تجھکو اپنے اقرار پر ساتھہ وحدانیت تیری کی بیچ الوہیت اور ربوبیت کے پس یہہ نیا کرنا اسلام کا اور اقرار گواہی کا
ہے ہر صبح وشام اور عرض نفس اپنے سے یہہ ہے کہ میں غافلوں سے نہیں ہوں اور اوٹھانے والے عرش کے آٹھہ
فرشتے ہیں کہ درمیان کان اور کندھے اونکے کے فرق دو ہزار برس کا ہے اور ایک روایت میں سات ہزار
برس کا اور جو کوئی پڑھے اسکو بخشتا ہے اللہ تعالی گناہ رات دن کے کذا قال العلی اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَمْسَیْتُ
اُشْهِدُكَ وَاُشْهِدُ حَمَلَةَ عَرْشِكَ وَمَلَائِكَتَكَ وَجَمِيْعَ خَلْقِكَ اَنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ لَا

اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ اَرْبَعَ مَرَّاتٍ ٭
٭ د ت س ق ٭ یا اللہ تحقیق میں صبح کی اس حال میں کہ گواہ کرتا ہوں میں تجھکو اور گواہ کرتا ہوں اوٹھانے
والوں عرش تیرے کو اور فرشتوں تیرے کو اور تمام خلق تیری کو ساتھ اسکی کہ تحقیق تو معبود ہے نہیں کوئی معبود مگر تو تنہا ہے
تو نہیں شریک کوئی تیرا اور تحقیق محمد بندے ہیں تیرے اور رسول تیرے ہیں پڑھے یہہ دعا چار بار نقل کی یہہ ابوداؤد ترمذی
نسائی نے **ف** حدیث شریف میں آیا ہے کہ جو کوئی یہہ دعا ایک بار پڑھے چوتھائی اوسکا آزاد کرتا ہے اللہ تعالی اوسکو آگ سے اور جو کوئی دو بار پڑھے
آزاد کرتا ہے آدھا اوسکو آگ سے اور جو کوئی تین بار پڑھے تین چوتھائی اور جو کوئی چار بار پڑھے سارے کو آزاد کرتا ہے اللہ تعالی آگ سے ذکر کیا اسکو
میرک نے کذا قال العلی اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ الْعَافِيَةَ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ
الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ فِيْ دِيْنِيْ وَدُنْيَايَ وَاَهْلِيْ وَمَالِيْ اَللّٰهُمَّ اسْتُرْ عَوْرَتِيْ وَاٰمِنْ رَوْعَتِيْ اَللّٰهُمَّ
احْفَظْنِيْ مِنْ بَيْنِ يَدَيَّ وَمِنْ خَلْفِيْ وَعَنْ يَمِيْنِيْ وَعَنْ شِمَالِيْ وَمِنْ فَوْقِيْ وَاَعُوْذُ بِعَظَمَتِكَ اَنْ
اُغْتَالَ مِنْ تَحْتِيْ ٭ د ق س حب مس مص ٭ یا اللہ مانگتا ہوں میں تجھسے سلامتی سب آفات
وبلیات ظاہر و باطن کے بیچ دنیا اور آخرت میں یعنی امور دنیا اور آخرت میں یا اللہ تحقیق میں مانگتا ہوں تجھسے بخشش
ہونا گناہوں کا اور عافیت دین اپنی میں اور دنیا اپنی میں اور اہل اپنے میں یعنی قرابتی اور خدام اور مال اپنے میں
یا اللہ ڈھانک عیب میرے کو اور نڈر کر خوف میرے کو یعنی خوف کی چیزوں سے مجھکو امن میں رکھیو یا اللہ حفاظت
کر میری آگے میرے سے اور پیچھے میرے سے اور داہنے میرے سے اور بائیں میرے سے اور اوپر میرے سے اور پناہ مانگتا ہوں
میں ساتھ بزرگی تیری کے اس سے کہ دھسایا جاؤں میں زمین میں نقل کی یہہ ابوداؤد ابن ماجہ نسائی ابن حبان
حاکم ابن ابی شیبہ نے **ف** مراد پہلی عافیت سے نہ ہونا عذاب کا ہے اور دوسری سے خلاصی عیبوں سے
اور کہا مصنف نے کہ معنی عافیت کے ہیں سلامتی پس دین میں سلامتی ہو گناہوں سے اور دنیا میں سلامتی ہو بیماری و آفات سے
اور بات [illegible] عورت اوسکو کہتے ہیں کہ شرم کرے آدمی اور برا جانے جسکے ظاہر ہو جانے سے اور یہہ طرفین [illegible] سے
بیان [illegible] ہے نہیں طرف سے آتی ہے اور نہیں تھے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کہ چھوڑتے ان کلمات

پڑھی کو صبح اور شام مین کذا ذکرا لعلی د الفجر لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ وَهُوَ حَيٌّ لَا يَمُوْتُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ • د س ق مص ي • نہین کوئی معبود مگر اللہ تنہا ہی وہ نہین شریک کوئی اوسکا اوسیکی لئی سلطنت ہے اور اوسیکی لئی تعریف ہی جلاتا ہی اور مارتا ہی اور وہ زندہ ہی نہین مرتا اور وہ ہر چیز پر قادر ہی نقل کی یہہ ابو داؤد نسائی ابن ماجہ ابن ابی شیبہ ابن سنی نی اور لفظ یحیی سی لا یموت تلک فقط ابن سنی نی روایت کیا ہی **ف** فضیلت اس کلمہ کی حدیث شریف مین یہہ آئی ہی کہ جس شخص نی صبح کو پڑھا تو ہی ثواب برابر آزاد کرنی غلام کی کہ اولاد حضرت اسمعیل کیسی ہو اور دس نیکیان لکھی جاتی ہین اور دس درجی بلند ہوتی ہین اور محفوظ رہتا ہی شیطان سی رات تلک اور جو شام کو پڑھتا ہی یہی ثواب پاتا ہی اور صبح تلک شیطان سی محفوظ رہتا ہی روایت کیا اس حدیث کو ابن عباسؓ نی اور ایک شخص نی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب مین دیکھا پوچھا کہ یا رسول اللہ ابن عیاشؓ آپسی یہہ حدیث روایت کرتا ہی فرمایا سچ کہتا ہی ابن عیاشؓ کذا فی المشکوٰۃ رَضِيْنَا بِاللّٰهِ رَبًّا وَبِالْاِسْلَامِ دِيْنًا وَبِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَسُوْلًا نَبِيًّا • عه مس ا ط • راضی ہوی ہم ساتھہ اللہ کی ازروی رب ہونی کی یعنی خوب تصدیق کی ہمنی اللہ کی رب ہونی کی اور ساتھہ اسلام کی ازروی دین ہونی کی اور ساتھہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی ازروی رسول ہونیکی یعنی خوب تصدیق کی ہمنی رسالت اونکی کی نقل کی یہہ چار نی اور حاکم احمد طبرانی نی **ف** اکثر نسخون مین بعد لفظ رسولا کی لفظ نبیا کا بھی ساتھہ رہا احمد اور طبرانی کی ہی مصنف ہی کہ دونو کو جمع کر لی کذا قال النووی رَضِيْتُ بِاللّٰهِ رَبًّا وَبِالْاِسْلَامِ دِيْنًا وَبِمُحَمَّدٍ نَبِيًّا ثَلٰثَ مَرَّاتٍ • مص ي • راضی ہوا مین ساتھہ اللہ کی ازروی رب ہونی کی اور ساتھہ اسلام کی ازروی دین ہونی کی اور ساتھہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی ازروی نبی ہونی کی یہہ ہی تین بار نقل کی یہہ ابن ابی شیبہ ابن سنی نی **ف** فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نی کہ جسنی صبح شام کو تین تین بار

[illegible] ہر کہ ادا نہ کریگا اوسکو قیامت کی دن کذا فی المشکوۃ اَللّٰهُمَّ مَا أَصْبَحَ بِي
مِنْ نِعْمَةٍ أَوْ بِأَحَدٍ مِنْ خَلْقِكَ فَمِنْكَ وَحْدَكَ لَا شَرِيكَ لَكَ فَلَكَ الْحَمْدُ وَلَكَ
الشُّكْرُ ۔ د س حب سني ۔ یا اللہ جس چیز نے صبح کی ساتھ میری کسی نعمت سے یا ساتھ کسی تیرے مخلوق
تیری سے پس تیری ہی طرف سے ہے تو ایک ہے یعنی جو نعمت دین و دنیا کی کہ حاصل ہوئی ہے مجکو یا کسی اور کو
مخلوق سے پس وہ خاص تیری ہی عنایت سے ہے نہیں کوئی شریک تیرا پس تیری ہی لئے تعریف ہے اور تیری
لئے شکر ہے یعنی لازم ہے شکر ہم پر زبان و دل و اعضا سے مقابلہ میں اس نعمت کی نقل کی یہہ ابو داؤد و نسائی
ابن حبان ابن سنی نے ف فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جسنے صبح کو یہہ دعا پڑھی شکر
اوس دنکا ادا کیا اور جسنے شام کو پڑھی شکر اوس رات کا ادا کیا کذا فی المشکوۃ اور بعضی روایت میں
آیا ہے کہ حضرت داؤد علیہ السلام نے کہا خداوندا نعمتیں تیری مجہہ پر بہت ہوئیں شکر اونکا کیونکر ادا کروں
حکم ہوا اے داؤد جو جانا تو نے کہ جو نعمت تیری پاس ہے میری ہی طرف سے ہے شکر اوسکا ادا کیا تو نے
کذا قال الفخر اَللّٰهُمَّ عَافِنِي فِي بَدَنِي اَللّٰهُمَّ عَافِنِي فِي سَمْعِي اَللّٰهُمَّ عَافِنِي فِي بَصَرِي لَا إِلٰهَ
إِلَّا أَنْتَ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْكُفْرِ وَالْفَقْرِ اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنْ
عَذَابِ الْقَبْرِ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ ۔ د س ي ۔ یا اللہ سلامتی دے مجکو بدن میری میں یعنی
تمام اعضا سے کوئی چیز گناہ کی نہو یا اللہ سلامتی دے مجکو سماعت میری میں یعنی بہرا نہو جاؤں یا اوس چیز کی
سننے سے کہ سننا درست نہو مثل غیبت اور جھوٹ اور گانے بجانے کی یا اللہ سلامتی دے مجکو بینائی میری
میں نہیں کوئی معبود مگر تو یعنی تجھہ ہی سے عافیت مانگتے ہیں نہ غیر تیری سے پڑھے اسکو تین بار یا اللہ تحقیق میں پناہ
مانگتا ہوں ساتھ تیری کفر سے اور محتاجگی سے یا اللہ تحقیق میں پناہ مانگتا ہوں ساتھ تیری عذاب
قبر سے نہیں کوئی معبود مگر تو یعنی پس نہیں پناہ مانگی جاتی ہے مگر تجھی سے پڑھے یہہ تین بار نقل کی یہہ ابو داؤد
[illegible] سنی نے ف مراد سلامتی بینائی سے سلامتی ہے اندھے پن سے یا نہ دیکھنے ناشایستہ کو

قدرت کیسی یا نظر کرنی سے طرف حرام چیزون کی مانند عورت اجنبی اور لڑکے کی یا سننی ناشی کی اور مراد
کفر سے یا کفر شہوت ہی اور محتاجگی سے محتاجگی دل کی کہ آدمی کو بے صبر کر کے گلہ تقدیر کا اور اللہ تعالی کا کروا
دے یا کفر سے کفران نعمت اور محتاجگی سے محتاجگی طرف خلق کی یا کم ہونا مال کا ساتھ نہونی قناعت
اور نہونی صبر کی اور کثرت حرص کے کذا ذکر العلی سبحان اللہ وبحمدہ لا قوۃ الا باللہ
ما شاء اللہ کان وما لم یشأ لم یکن اعلم ان اللہ علی کل شیء قدیر وان اللہ
قد احاط بکل شیء علما ۔ د س ی ۔ پاک ہے اللہ اور تسبیح کرتا ہون ساتھ تعریف اوسکی کے
نہین ہے قوت بندے کو حرکت اور سکون پر مگر ساتھ قدرت دینی اللہ کی جو چاہا اللہ نے ہوا اور جو نہ چاہا
نہ ہوا جانتا ہون مین کہ تحقیق اللہ ہر چیز پہ قادر ہے اور تحقیق اللہ نے گھیرا ہر چیز کو از روے جاننے کے
یعنی وہ ہر چیز کو جانتا ہے نقل کیے اسے ابو داود نسائی ابن سنی نے ف ۔ جو چاہا ہوا اور جو نہ چاہا نہ ہوا
یعنی برابر ہے کہ بندہ چاہے یا نہ چاہے اور یہی معنی ہین اس آیت کی وما تشاؤن الا ان یشاء اللہ یعنی
نہین چاہتے ہو تم مگر اوسوقت کہ چاہے اللہ اور حدیث قدسی مین ہے تُرید وارید ولا یکون الا ما ارید
فمن رضی فله الرضا ومن سخط فله السخط ویفعل اللہ ما یشاء ویحکم ما یرید یعنی اے بندے ارادہ
کرتا ہے تو ایک کام کا اور ارادہ کرتا ہون مین اور نہین ہوتا مگر جو چاہتا ہون مین پس جو شخص راضی
ہوا یعنی میری ارادے پر پس اوسکے لیے خوشنودی میری ہے اور جو خفا ہوا میری ارادے سے پس اوسکے لیے
خفگی میری ہے اور کرتا ہے اللہ جو چاہتا ہے اور حکم کرتا ہے جو ارادہ کرتا ہے اور حدیث شریف مین آیا ہے
کہ جسنی یہ دعا صبح کو پڑہی شام تلک محفوظ رہا اور جسنی شام کو پڑہی صبح تلک محفوظ رہا کذا ذکرہ
العلی اصبحنا علی فطرۃ الاسلام وکلمۃ الاخلاص وعلی دین نبینا محمد صلی
اللہ علیہ وسلم وعلی ملۃ ابینا ابراہیم حنیفا مسلما وما کان من المشرکین
۱۰ ط ۔ فی الصباح والمساء ۔ س ۔ فی الصباح فقط ۔ صبح کی ہمنی اوپر پیدایش اسلام کے

[illegible] لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ اور اوپر دین نبی اپنے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی اور
[illegible] کی کہ وہ توحید کرنے والی تھی اور تابعدار تھی اپنے پیغمبر کی مشرکون سے نکل
گئی احمد طبرانی نے [illegible] اور نقل کیا نسائی نے بیچ صبح کی فقط ف یعنی دعا اصبحنا علی
فطرۃ الاسلام آخر تک کو احمد اور طبرانی نے صبح شام کا پڑھنا نقل کیا ہے اور نسائی نے فقط صبح پڑھنا
یا قیوم جدی عبارت جلی پہلی عبارت سے اسکے علاوہ نہیں ایسا ہی کہا مصنف نے اور یہ بھی حضرت نے
دنیا کا لوگ سنکر سیکہیں اور ظاہر یہ ہے کہ حضرت بھی اپنے اوپر ایمان لانیکے کام کہی گئی تھی جیسے کہ
جواب اذان میں آیا ہے کہ جب موذن اشہد ان لا الٰہ الا اللہ اشہد ان محمدا رسول اللہ کہتا تہا
حضرت جواب دیتے تھے انا انا یعنی میں بھی گواہی دیتا ہوں کذا ذکرہ العلی یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِکَ
اَسْتَغِیْثُ اَصْلِحْ لِیْ شَاْنِیْ کُلَّهٗ وَلَا تَکِلْنِیْ اِلٰی نَفْسِیْ طَرْفَةَ عَیْنٍ ن س مس مرہ ا ی
اے ہمیشہ رہنے والے بسبب رحمت تیری کی فریاد کرتا ہوں میں اور مدد چاہتا ہوں درست کر میری سنوار دے
میری تمام حالت میرا اور نہ سونپ مجکو طرف نفس میری کی ایک پلک مارنے یعنی نہ محروم کر مجکو نعمت ابد
سے افضل کی ہے نسائی حاکم بزار نے ف حضرت انس رض روایت کرتے ہیں کہ جنگ بدر میں لڑا
میں کافرون سے پہر حاضر ہوا حضرت کے پاس دیکھا میں نے کہ سجدہ میں یا حی یا قیوم پڑہ رہے تہے پہر گیا
میں اور لڑا میں پہر آکر دیکھا کہ حضرت یا حی یا قیوم سجدے میں پڑھتے تھے پس فتح دی اللہ تعالیٰ نے اوسکو
کذا ذکرہ العلی اَللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ وَاَنَا عَبْدُکَ وَاَنَا عَلٰی عَهْدِکَ
وَوَعْدِکَ مَا اسْتَطَعْتُ اَبُوْءُ لَکَ بِنِعْمَتِکَ عَلَیَّ وَاَبُوْءُ بِذَنْبِیْ فَاغْفِرْ لِیْ فَاِنَّهٗ لَا
یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ خ س مد یا اللہ تو رب میرا ہے
نہیں کوئی معبود مگر تو پیدا کیا تو نے مجکو اور میں بندہ تیرا ہوں اور میں اوپر عہد تیرے کے ہوں اور
وعدے تیرے کے ہوں یعنی [illegible] اقرار لاتا ہوں [illegible] نعمت [illegible] اقرار کرتا ہوں [illegible]

مستقیم ہوں بقدر طاقت اپنی کے یعنی یہہ اقرار ہی اپنی عاجزی کا کہ جسطرح واجب ہی ویسا نہیں ادا ہوتا اقرار
کرتا ہوں مین واسطی تیری ساتھہ نعمت تیری کی کہ اوپر میری ہی اور اقرار کرتا ہوں مین ساتھہ گناہ اپنی کے
پس بخش مجکو پس تحقیق نہیں بخشتا گناہوں کو کوئی مگر تو پناہ مانگتا ہوں مین ساتھہ تیری برائی اوس ناچیزی
سی یعنی بخش گناہ میری نقل کی یہہ بخاری نسائی نی اَللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبِّيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ خَلَقْتَنِيْ
وَاَنَا عَبْدُكَ وَاَنَا عَلٰى عَهْدِكَ وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ
اَبُوْءُ بِنِعْمَتِكَ عَلَيَّ وَاَبُوْءُ بِذَنْبِيْ فَاغْفِرْ لِيْ اِنَّهٗ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ ۔ ترجمہ یا اللہ تو
میرا ہی نہین کوئی معبود مگر تو پیدا کیا تو نی مجکو اور مین بندہ تیرا ہون اور مین عہد تیری پر ہون اور وعدی تیری پر
بقدر طاقت اپنی کی پناہ مانگتا ہون ساتھہ تیری برائی کردار اپنی کی سی اقرار کرتا ہون مین ساتھہ نعمت
تیری کی کہ مجپر ہی اور اقرار کرتا ہون مین ساتھہ گناہ اپنی کی پس بخش مجکو تحقیق نہین بخشتا گناہون کو کوئی
مگر تو نقل کی یہہ ابوداؤد ابن سنی نی اَللّٰهُمَّ اَنْتَ اَحَقُّ مَنْ ذُكِرَ وَاَحَقُّ مَنْ عُبِدَ وَاَنْصَرُ مَنِ ابْتُغِيَ
وَاَرْاَفُ مَنْ مَلَكَ وَاَجْوَدُ مَنْ سُئِلَ وَاَوْسَعُ مَنْ اَعْطٰى اَنْتَ الْمَلِكُ لَا شَرِيْكَ لَكَ
وَالْفَرْدُ لَا نِدَّ لَكَ كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَكَ لَنْ تُطَاعَ اِلَّا بِاِذْنِكَ وَلَنْ تُعْصٰى اِلَّا
بِعِلْمِكَ تُطَاعُ فَتَشْكُرُ وَتُعْصٰى فَتَغْفِرُ اَقْرَبُ شَهِيْدٍ وَاَدْنٰى حَفِيْظٍ حُلْتَ دُوْنَ النُّفُوْسِ
مین لکھا ہی کہ کلام مباح کرنا مسجد مین ایسا عملون کو کھوتا ہی جیسی آگ لکڑیون کو جلاتی ہی بلکہ چاہئی کہ جیکا متوجہ اللہ کے
طرف رہی کذا ذکر العلی اور سنت سی ہی یہہ کہ اچھی ہیئت بناوی نماز کی لیئی اور زینت کری اور چلنی مین پاس پاس
رکھی وقار سی دوڑی نہین اور نیچی نظر رکھی اور پست کری آوازکو اور متوجہ رہی راہ پر اور کھیلی نہین اور کلام مباح نکری
اور نظر بد کسی پہ نہ ڈالی اور تشبیک نکری یعنی انگلیان انگلیون مین نہ ڈالی غرض کہ حتی المقدور پرہیز کری اون چیزون سے
کہ پرہیز کرتا ہی اوس سی مصلی کیونکہ جیسی ارادہ نماز کا کیا ہی گویا کہ نماز ہی مین ہی جب داخل ہونی لگی مسجد مین دایان
پانو رکھکر دعاء مذکور پڑھی اور اسمین مشغول رہی ذکر الٰہی مین اور نماز مین اور پڑھنی قرآن اور علوم دینی مین اور امر بالمعروف
اور نہی عن المنکر مین کذا فی وظائف النبی وَاِذَا دَخَلَهُ فَلْيُسَلِّمْ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ د س ق
حب مس ی ۔ اور جب داخل ہوئی مسجد مین پس چاہئی کہ سلام بھیجی اوپر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی نقل کی
یہہ ابو داود نسائی ابن ماجہ ابن حبان حاکم ابن سنی نی وَلْيَقُلْ اَللّٰهُمَّ افْتَحْ لِيْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ
م د س ق حب مس ی ۔ اور چاہئی کہ کہی یا اللہ کھول میری لئی دروازی رحمت اپنی کے نقل کی یہہ مسلم
نسائی ابن ماجہ ابن حبان حاکم ابن سنی نی اور ایک روایت مین دعا یون آئی ہی اَللّٰهُمَّ افْتَحْ لَنَا اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ
وَسَهِّلْ لَنَا اَبْوَابَ رِزْقِكَ ۔ عو ۔ یا اللہ کھول ہماری لئی دروازی رحمت اپنی کے
یعنی توفیق نماز کی ہو یا نماز مین حقائق نماز کی کھلین اور آسان کر ہماری لئی دروازی رزق اپنی کی یعنی اقسام
رزق کی بی مشقت اور بی طلب کے حاصل ہون نقل کی یہہ ابن ماجہ ابو عوانہ نی اَنْ يَقُوْلَ بِسْمِ اللّٰهِ وَالسَّلَامُ

عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ وَعَلٰى سُنَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ ٭ ق ت مص مه ٭ یا لکھی یعنی بجای سلام کی یون علم
جو ساتھ نام خدا کی داخل ہوتا ہون مین اور سلام ہووی اوپر رسول خدا کی اور داخل ہوتا ہون اوپر
سنت رسول خدا کی نقل کی یہہ ابن ماجہ ترمذی ابن ابی شیبہ ابن خزیمہ نی اور جملہ وعلی سنت رسول
فقط ابن ابی شیبہ کی روایت مین ہی اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ ٭ مه ٭ یا الٰہی رحمت
خاص بھیج اوپر حضرت محمدؐ کی اور اوپر آل حضرت محمدؐ کی نقل کی یہہ ابن خزیمہ نی ف یہہ درود بدلے
پہلی سلام کی پڑہی یا وہ بھی پڑہی اور یہہ بھی کذا ذکر الحصن اور ایک روایت مین ہی کہ بعد درود کی یہہ دعا
پڑہی اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ ذُنُوْبِيْ وَافْتَحْ لِيْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ ٭ ق ت مص مه ٭ یا الٰہی بخش
میری لئی گناہ میری اور کھول میری لئی دروازی رحمت اپنی کے یعنی طاعت اپنی کے کہ سبب ہی رحمت کی
نقل کی یہہ ابن ماجہ ترمذی ابن ابی شیبہ ابن خزیمہ نی و بعد دخول کہے السَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ
مو مسمو ٭ اور لکھی بیچ داخل ہونے مسجد کی سلامتی ہووی ہم پر یعنی جو حاضر ہین اور اوپر بندون خدا کی
نیک جو حاضر ہون یا غائب نقل کی یہہ موقوفاً المرء فَاِذَا خَرَجَ مِنْهُ فَلْيُسَلِّمْ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلْيَقُلِ اللّٰهُمَّ اعْصِمْنِيْ مِنَ الشَّيْطَانِ ٭ س ق حب مس ی ٭ الرَّجِيْمِ ٭
ق ٭ پس جب نکلی مسجد سی پس چاہئی کہ سلام بھیجی اوپر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی اور کہی یا الٰہی بچا مجکو
شیطان سی نقل کی یہہ نسائی ابن ماجہ ابن حبان حاکم ابن سنی نی اور ابن ماجہ نی اس دعا کی ساتھ
لفظ الرجیم کا بھی زیادہ کیا ہی اللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ ٭ م د س ٭ یا الٰہی تحقیق مین مانگتا ہون
تجھ سی کچھ تیری فضل کی نقل کی یہہ مسلم ابو داود نسائی نی ف یہہ احتمال ہی کہ مراد فضل سی رزق حلال ہو کہ بعد
نکلنے کی اوسکی طلب کو جانا ہی یا اوسپر آیا مشتمل ہی محقق مع اقتصر النحو اَوْ بِسْمِ اللّٰهِ وَالسَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ
مص ت ی ٭ یا لکھی کہ نکلتا ہون مین ساتھ نام اللہ کی اور سلام ہووی رسول خدا پر نقل کی
یہہ ابن ابی شیبہ ترمذی ابن ماجہ ابن سنی نی اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ ٭ مه ٭ یا الٰہی رحمت خاص

بہیجے حضرت محمد پر اور تابعداروں حضرت محمد پر نقل کی یہہ ابن خزیمہ نی اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي ذُنُوبِي وَافْتَحْ لِي أَبْوَابَ
فَضْلِكَ ۔ مص ت ق مه ۔ یا اللہ بخش میری لئی گناہ میری اور کہول میری لئی دروازی برکت اپنی کی
نقل کی یہہ ابن ابی شیبہ ترمذی ابن ماجہ ابن خزیمہ نی وَلَا يَجْلِسْ حَتَّى يُصَلِّيَ رَكْعَتَيْنِ ۔ خ م ۔ اور نہ بیٹھی
یہاں تلک کہ پڑہی دو رکعت نقل کی یہہ بخاری مسلم نی ف اس نماز کو تحیۃ المسجد کہتی ہین اور اسی حدیث سے
امام شافعی رح نی واجب ہونا اس نماز کا ثابت کیا ہی اور ہماری نزدیک مستحب ہی اور علماء رحمہم اللہ نی لکہا ہی کہ
اگر مسجد مین آکر قضا نماز پڑہی یا سنتین یا اور نماز تو بہی اسکا ثواب حاصل ہوگا اور اگر وقت کراہیت نماز
نفل کا ہو تو قضا نماز پڑہی اگر اسکے ذمہ ہو اور نہین تو پڑہی سبحان اللہ والحمد للہ ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر
اور اولی ہی کہ جب مسجد مین آوی نیت اعتکاف کی کرلی کہ اعتکاف کیا مینی جب تک مسجد مین ہون اور کبہی من جملہ ف
اوسکا قائم مقام تحیۃ المسجد کی ہو جاتا ہی کذا ذکرہ الفخر والعلی وَإِنْ سَمِعَ مَنْ يَنْشُدُ ضَالَّةً فِي الْمَسْجِدِ فَلْيَقُلْ
لَا رَدَّهَا اللّٰهُ عَلَيْكَ فَإِنَّ الْمَسَاجِدَ لَمْ تُبْنَ لِهٰذَا ۔ م د ق ۔ اور اگر سنی کوئی آواز اوسکی
کہ ڈہونڈہتا ہی گم ہوئی چیز کو مسجد مین پس چاہئی کہ کہی نہ پہیری اوسکو اللہ تجہپر اسلئی کہ تحقیق مسجدین نہین بنائی گئین
ہین اسلئی نقل کی یہہ مسلم ابو داؤد ابن ماجہ نی ف ظاہر یہہ ہی کہ [illegible] ساتہہ اس خبر [illegible]
زبان سی دعا کری نہ دلسی اوسکی تنبیہ کی لئی کہ پہر مسجد مین ایسی [illegible] اور اگر دلسی بہی اسلئی کری کہ
یہہ شخص اپنی کام کی سزا کو پہونچی کچہہ بعید نہو واللہ اعلم اور [illegible] نہین وہ چیز کہ مسجد اوسکی لئی نہین
بنائی گئے ہی مانند بیچنی مول لینی کی اور کلام دنیا کی اور پہننی اور لکہائی کی لکہنی کے اور لڑکی پڑہانی
باجرت اور ایسی ہی جو چیز نماز پڑہنی والی کا [illegible] دی یہاں تلک کہ لکہا ہی بعضی علما ہماری نی کہ آواز بلند
کرنی اگرچہ ساتہہ ذکر کی ہو حرام ہی مسجد مین [illegible] بعضی اگلی عالم منع کرتی تہی اور حرام کہتی تہی تصدق
کرنا اس سائل پر کہ مسجد مین پکار کر گڑگڑا کر مانگی کذا ذکرہ العلی والفخر وَإِنْ رَأَى مَنْ يَبِيعُ أَوْ يَبْتَاعُ
فِي الْمَسْجِدِ فَلْيَقُلْ لَا أَرْبَحَ اللّٰهُ تِجَارَتَكَ ۔ ت ن مس حب ۔ اور اگر دیکہی اوس شخص کو کہ بیچتا ہے

[illegible]

یا خریدا ہی عیدین میں پس چاہئی کہ کہی ** فائدہ ** دی اسد سوداگری تری میں نقل کی یہہ ترمذی نسائی حاکم ابن ماجہ نے

وَ اَشْہَدُ اَنَّ … کلمۃ مشہور کی ** ع ا م ** اور اذان انیس کلمہ مشہور ہی نقل کی …

اور احمد اور ابن خزیمہ نی **ف** یہی ہی مذہب امام شافعی اور مالک کا ہی کہ شہادتین دو دو بار آہستہ کہتی

اور پہر دو دو بار پکارکر اسکو ترجیع کہتی ہین اور امام اعظم صاحب کی مذہب مین پندرہ کلمی ہین اور حدیثون مشہور

تو ہی سے ثابت کئی ہین اور اذان سنت موکدہ ہی پانچون نمازون اور جمعہ کی لئی کذا ذکرہ الفخر وَ يُزَادُ فِي أَذَانِ

الصُّبْحِ الصَّلٰوةُ خَيْرٌ مِّنَ النَّوْمِ مَرَّتَيْنِ ** د قط مه ** اور زیادہ کیا جاوی اذان صبح مین کہ نماز بہتر ہی

نیند سی دو بار نقل کے یہہ ابو داؤد دارقطنی ابن خزیمہ نی وَاِذَا سَمِعَ الْمُؤَذِّنَ فَلْيَقُلْ كَمَا يَقُوْلُ ** ع

ی ** اور جب سنی کوئی موذن کو یعنی اذان اوسکی پس چاہئی کہ کہی جیسیکہ کہتا ہی وہ نقل کی یہہ صحاح ستہ نے

اور ابن سنی نی **ف** یعنی جو کلمی کہ موذن کہی بعینہ سننی والا بہی بعد اوسکی کہی جواب دینا موذن کا سننی والا

پر واجب ہی اگرچہ جنبی ہو اور اگر کئی موذن اذان کہین ضرور جواب دینا اول ہی کا ہی اور جو سننی والا مسجد

… واجب نہین کذا فی فتاوی قاضیخان اور یہہ جواب دینی پڑھنی والی قرآن کی دو قول ہین مختار یہ ہی کہ

… جواب دی لہذا ذکرہ الفخر … زبان سی جواب دیا اور مسجد مین بلا عذر نہ حاضر ہوگا جواب نہین ادا ہوگا

… چاہئی کہ زبان سی … چاہ … سی حاضر ہو جب جواب پورا ادا ہوگا کذا فی وظائف النبی وَ لٰكِنْ فِي

الْحَيْعَلَةِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ** خ م د س ** اور کہی جواب مین حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃِ اور حَیَّ

عَلَی الْفَلَاحِ کی لا حول ولا قوۃ الا باللہ نقل کی یہہ بخاری مسلم ابو داؤد نسائی نی **ف** مشہور جمہور علما میں

کہ بعد حیعلتین کی لاحول پڑہی مگر پہلی حدیث سی معلوم ہوتا ہی کہ یہان بہی مثل کہنی موذن کی کہی پس احتمال کہتا ہی

کہ … جواب دی کبہی اسطرح اور کتاب برجندی مین … ماشاء اللہ کان وما لم یشا لم یکن نقل کیا ہی کہ یہہ اصل صحیح حدیثون …

… جاتی ہی مگر فتاوی عالمگیری مین غرائب سی نقل کیا ہی ہو الصحیح واللہ اعلم کذا قال الفخر اور جب کہی موذن الصلوۃ خیر

کی جواب مین صَدَقْتَ وَبَرَرْتَ وَبِالْحَقِّ نَطَقْتَ صدق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الصلوۃ خیر من النوم اللہم … اور تکبیر مین قد قامت الصلوۃ کہی

کہی اقامہا اللہ وادامہا کذا فی وظائف النبی اذا قال ذلک من قلبہ دخل الجنۃ * م د س ن * جب کہی
یعنی جواب اذان کو نہ دل اپنی سی یعنی ساتھ اعتقاد اور اخلاص کے داخل ہوگا بہشت میں نقل کی یہہ مسلم ابو داود نسائی نے

مَنْ قَالَ حِیْنَ یَسْمَعُ الْمُؤَذِّنَ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِیْكَ لَهٗ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ
وَرَسُوْلُهٗ رَضِیْتُ بِاللّٰهِ رَبًّا وَّبِمُحَمَّدٍ رَّسُوْلًا وَّبِالْاِسْلَامِ دِیْنًا غُفِرَ لَهٗ ذَنْبُهٗ * م ع ہ ی

جو کوئی کہی جب سنی موذن کو یعنی اوائل اذان میں شروع کی وقت یا بعد فراغت کی کہ گواہی دیتا ہوں میں یہہ کہ نہیں کوئی معبود مگر اللہ اکیلا نہیں شریک کوئی اوسکا اور تحقیق محمد بندی اوسکی ہیں اور رسول اوسکی راضی ہوا میں ساتھ اللہ کی ازروی رب ہونی کی اور ساتھ محمد کی ازروی رسول ہونی کی اور ساتھ اسلام کی ازروی دین ہونی کی بخشی جاتی ہیں اوسکی لئی گناہ اوسکی نقل کی یہہ مسلم نی اور چاروں نی اور ابن سنی نے مَنْ قَالَ
مِثْلَ مَقَالَتِهٖ یَعْنِی الْمُؤَذِّنَ وَشَهِدَ مِثْلَ شَهَادَتِهٖ فَلَهُ الْجَنَّةُ * ص * جو کوئی کہی مانند کہنی اوسکے
مراد کلمی ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم ساتھ ضمیر مقالہ کی موذن اور گواہی دی یعنی وحدانیت اور رسالت پر وقت جواب دینی شہادتین کی مانند گواہی دینی موذن کی پس اوسکی لئی بہشت ہی نقل کی یہہ ابو یعلی نی وَكَانَ اِذَا سَمِعَ
الْمُؤَذِّنَ یَتَشَهَّدُ قَالَ وَاَنَا وَاَنَا * د حب مس * اور تھی پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم جب سنتی تھی موذن کو کہ شہادتین کہتا ہی فرماتی تھی اور میں بھی گواہی دیتا ہوں اور میں بھی گواہی دیتا ہوں نقل کی یہہ ابو داود ابن حبان حاکم نی * ف * تکرار انا کی واسطی جواب شہادتین کی ہی یعنی جب موذن اشہد ان لا الہ الا اللہ اور اشہد ان محمدا رسول اللہ کہتا تھا حضرت اوسکی جواب میں انا انا فرماتی تھی کذا ذکرہ العلی ثُمَّ لْیُصَلِّ
عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ یَسْئَلِ اللّٰهَ لَهُ الْوَسِیْلَةَ * م د ت س ی * پھر درود
بھیجی یعنی بعد فراغت پانی کی جواب اذان سی حضرت نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر پھر مانگی خدا سی واسطی پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کی مقام وسیلہ نقل کی یہہ مسلم ابو داود ترمذی نسائی ابن سنی نی * ف * مراد وسیلہ سی ایک مقام ہی بہشت میں قرب درگاہ الہی کا ہی اور بلندی درجی کی نزدیک اللہ تعالی کی اور بعضی کہتی ہیں مراد وسیلہ سی مقام شفاعت ہے

دن قیامت کی اور بعضون نی کہاہی کہ وہ مکان ہی مکانون جنت سی جیسی کہ حدیث شریف مین آیاہی کہ پہر مانگو میری لی
اللہ سی وسیلہ کہ وہ ایک مکان ہی جنت مین کہ نہین لائق ہی مگر واسطی ایک بندی کے بندون اللہ کے سی اور مین امید
رکہتا ہون کہ وہ مین ہونگا پس جسنی میری لئی وسیلہ مانگا واجب ہوئی اوسکی لئی شفاعت میری کذا ذکرہ الفخر
والعلی اور وسیلہ یون مانگی یقول اللّٰھُمَّ رَبَّ ھٰذِہِ الدَّعْوَۃِ التَّامَّۃِ وَالصَّلٰوۃِ الْقَائِمَۃِ
آتِ مُحَمَّدَنِ الْوَسِیْلَۃَ وَالْفَضِیْلَۃَ وَابْعَثْہُ مَقَامًا مَّحْمُوْدَنِ الَّذِیْ وَعَدْتَّہٗ خ عہ حب سنن
اِنَّکَ لَا تُخْلِفُ الْمِیْعَادَ ترجمہ کہی سننی والا یا اللہ پروردگار اس پکار پوری کی اور نماز قائم کی دی محمد کو
وسیلہ اور فضیلت اور اوٹہا اوسکو مقام محمود مین وہ جو وعدہ کیاہی تو نی اوسی نقل کی بخاری نی اور چارون نی
اور ابن حبان اور بیہقی نی اور بیہقی نی یہہ جملہ بہی زیادہ نقل کیاہی کہ تحقیق تو نہین خلاف کرتاہی وعدی مین ف
مراد دعوت تامہ سی بلانا طرف توحید کی ہی یعنی لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ یا کلمات اذان کی مراد ہین اوس سے
کہ نماز کی طرف بلاتی ہین اور فضیلت یعنی قدر و مرتبہ بلند سب خلائق پر اور ظاہر یہہ ہی کہ فضیلت عطف تفسیری
ہی وسیلہ کا ہی یا فضیلت ... کو کہتی ہین یا مرتبہ دوسرا ہی سوائی وسیلہ کی مقام محمود یعنی وہ مقام
کہ تعریف کیا جاوی اوس مقام والا سبکی زبان پر اور رشک لیجاوین تمام خلق اور وہ مقام قرب
اور شفاعت کا ہی کہ حضرت ختم الانبیا صلی اللہ علیہ وسلم اوس مقام مین کہڑی ہوکر شفاعت کرینگی اور
اولین و آخرین حیران اور سرگردان ہونگی اور کوئی انبیا و رسولون مین سی ہمت اوس مقام کیسی دم نہین
مار سکیگا مشہور تر قول بیان مقام محمود کا یہہ ہی اور بہت سی قول علما نی لکہی ہین اور وہ جو وعدہ
کیا ہی حق تعالی نی یعنی آیت عَسٰی اَنْ یَّبْعَثَکَ رَبُّکَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا مین اگر کوئی کہی کہ جب اللہ تعالی نی وعدہ فرمایا
اور اوسکی دعا کی کیا احتیاج جواب یہہ کہ امت بہی ثواب پاوی یا تواضعا اور کسر نفسی سی حضرت نی فرمایا کہ باوجود
اس وعدہ کی بہی احتیاج بی نیازی سی رکہتا ہون کذا ذکرہ العلی والفخر اور فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نی
کہ جسنی بعد سننی اذان کی یہہ دعا پڑہی لائق اور واجب ہوئی اوسکو شفاعت میری دن قیامت کی کذا

ما من مسلم يسمع النداء فيكبر ويكبر ويقول أشهد أن لا إله إلا الله وأشهد
أن محمدا رسول الله ثم يقول اللهم أعط محمدا الوسيلة والفضيلة واجعل في الأعلين
درجته وفي المصطفين محبته وفي المقربين ذكره إلا وجبت له الشفاعة يوم القيامة

طب۔ نہیں کوئی مسلمان کہ سنے اذان پس اللہ اکبر کہے مؤذن اور اللہ اکبر کہے سننے والا اور کہے سننے والا
جواب مؤذن کا جب کہ شہادتین سنے اس طرح اشہد ان لا الہ الا اللہ اور اشہد ان محمدا رسول اللہ
پھر کہے یعنی بعد فراغت اذان کی اور تمام کرنے جواب کی یا اللہ دے حضرت محمد کو وسیلہ اور فضیلت اور کر انکو
بیچ بلند ترین مرتبہ والوں کے مرتبہ انکا یعنی ثابت رکھ درجہ انکا اعلی علیین درمیان رسولوں میں اور کر بیچ دل
برگزیدوں کی محبت انکی اور کر بیچ زبان مقربوں کی یعنی انبیا اور اولیا کی ذکر انکا مگر واجب ہوئی
اوسکے لیے شفاعت دن قیامت کی یعنی نہ کریگا کوئی مسلمان جو کہ مذکور ہوا مگر کہ واجب ہوگی اوسکے لیے شفاعت
حضرت کی نقل کیا یہ طبرانی نے من قال حين ينادي المنادي اللهم رب هذه الدعوة القائمة والصلاة
النافعة صل على محمد وارض عني رضا لا تسخط بعده استجاب الله دعوته ۔ا

طس ی ۔ جو کوئی کہے جسوقت کہ اذان دے مؤذن یعنی وقت شروع اذان کے پڑھے یا بعد فراغت کی یا اللہ پروردگار
اس پکار ہمیشہ رہنے والی کی اور اے پروردگار اس نماز فائدہ دینے والی کی یعنی پہنچنے والا اوسکا ثواب
نجات پانا ہے رحمت خاص بھیج اوپر محمد کے اور راضی ہو مجھ سے یعنی ساتھ تھوڑے عمل کے راضی ہونا کہ نہ غضب
ہووے تو پیچھے اوسکے قبول کرتا ہے خدا دعا اوسکی یعنی جو کوئی وقت اذان کی ان کلمات کو پڑھکر دعا کریگا
دعا اوسکی قبول ہوگی خواہ یہہ دعا ہو یا اور ہو نقل کیا یہہ احمد اور طبرانی نے اوسط میں اور ابن سنی نے
من نزل به كرب أو شدة فليتحين المنادي فإذا كبر كبر وإذا تشهد تشهد وإذا قال
حي على الصلاة قال حي على الصلاة وإذا قال حي على الفلاح قال حي على الفلاح ثم يقول
اللهم رب هذه الدعوة الصادقة المستجاب لها دعوة الحق وكلمة التقوى أحينا

وَاَمِتْنَا عَلَيْهَا وَابْعَثْنَا عَلَيْهَا وَاجْعَلْنَا مِنْ خِيَارِ اَهْلِهَا اَحْيَاءً وَاَمْوَاتًا ثُمَّ يَسْئَلُ اللّٰهَ حَاجَتَهٗ ححصين

ت جسیں پیا او ترمی عمر پا تھی پر طو ہی کو لاش کر ہی وقت ہو وینکا یعنی منتظر وقت اذانکا ہی جب سنی کہی

موذن اللّٰہ اکبر کہی تو سننی والا اوسی طرح جیسا شہادتین کہی موذن شہادتین کہی سننی والا اور جب کہی موذن حی

علی الصلوٰۃ کہی سننی والا لا حول علی الصلوٰۃ اور جب کہی موذن حی علی الفلاح کہی سننی والا حی علی الفلاح پہر کہی سننی والا

یعنی بعد جواب دینی ساری اذان کی پڑہی یہہ دعا یا اللّٰہ پروردگار اس دعا سچی مقبول کی کہ دعا حق ہی اور کلمہ

تقویٰ کا ہی زندہ رکہہ ہمکو اسپر یعنی مستقیم کہہ اسکی اعتقاد پر اور عمل پر بمقتضای اسکی زندگی میں اور مار ہمکو

اسپر اور اوٹہا ہمکو اسپر اور کر ہمکو بہترین اہل دعا میں سی یعنی کر ہمکو جملہ مومنین کاملین سی حالت زندگی میں اور

حالت موت میں پہر مانگی خدا تعالیٰ سی حاجت اپنی کہ جسمیں مبتلا ہی نقل کیا یہہ حاکم ابن سنی نی **ف**

کلمہ تقویٰ کا ہی یعنی کلمہ تقویٰ والون کا ہی جو تقویٰ کرتی ہین شرک سی یا اضافت کلمہ کی تقویٰ کی طرف اسلئی ہی

کہ اسکی سبب سی آدمی آگ سی بچتا ہی اور مراد دونو جملون سی کلمہ شہادت کا ہی کذا ذکر العلی وَالدُّعَاءُ

بَيْنَ الْاَذَانِ وَالْاِقَامَةِ لَا يُرَدُّ ﴿ د ت س حب ص ﴾ فَادْعُوْا ﴿ ص ﴾ فَاسْئَلُوا اللّٰهَ

الْعَافِيَةَ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ﴿ ت ﴾ اور دعا درمیان اذان اور تکبیر کی رد نہین کی جاتی نقل کیا

ابوداؤد ترمذی نسائی ابن حبان ابو یعلی نی اور ایک روایت مین ابو یعلی نی بعد اسکی یہہ بہی نقل کیا کہ پس دعا

کرو پس مانگو اللّٰہ تعالیٰ سی عافیت دنیا اور آخرت مین نقل کیا یہہ ترمذی نی یعنی بجای فادعوا کی **ف** ظاہر

اس حدیث سی معلوم ہوتا ہی کہ دعا قبول ہوتی ہی درمیان اذان اور تکبیر کے خواہ متصل اذان کی ہو یا فرق سی مگر

متصل اولیٰ ہی تا موافق ہو اس حدیث الدُّعَاءُ مُسْتَجَابٌ عِنْدَ النِّدَاءِ کی یعنی دعا قبول ہوتی ہی نزدیک

اذان کی ... اللّٰہ اکبر کذا ذکر العلی ... اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ حَيَّ عَلَى الصَّلٰوةِ حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوةُ قَدْ قَامَتِ

الصَّلٰوةُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ﴿ ق مه ت ﴾ اور تکبیر میں سب جب برای

اللہ بہت بڑا ہی گواہی دیتا ہوں میں یہہ کہ نہیں کوئی معبود مگر اللہ گواہی دیتا ہوں میں یہہ کہ تحقیق محمد رسول اللہ کی ہیں آؤ تم
نماز پر آؤ تم مراد ملنے پر تحقیق قائم ہوئی نماز تحقیق قائم ہوئی نماز اللہ بہت بڑا ہی اللہ بہت بڑا ہی نہیں کوئی معبود
مگر اللہ نقل کی یہہ احمد ابو داؤد و ابن ماجہ ابن خزیمہ ترمذی نے ف یہہ موافق مذہب شافعی کی ہی اور مذہب امام اعظم
رحمہ اللہ کے میں تکبیر کی یہی کلمے دو دو ہیں جیسا کہ حدیث ابو محذورہ سے ثابت ہوتی ہی اور امام طحاوی نے کہا ہی کہ متواتر آثار
سے ثابت ہی کہ بلال تکبیر دو دو بار کہتے تھے مرتے دم تک اور یہہ حدیث اگر صحیح ہو منسوخ ہی ساتھ حدیث ابو محذورہ کی کذا ذکرہ

العلی [illegible] كالاذان الا في الترجيع وزيادة قد قامت الصلوة قد قامت الصلوة [illegible]
[illegible] تکبیر مانند اذان کی ہی مگر ترجیع کی اور زیادتی قد قامت الصلوۃ قد قامت الصلوۃ کی نقل کیا یہہ احمد
ابو داؤد نے اور ابن خزیمہ نے ف مگر یہ ترجیع کی یعنی تکبیر میں ترجیع نہیں یعنی شہادتین مکرر نہیں کی جاتی
ہیں تکبیر میں مثل اذان کی پس اس صورت میں اذان کی انیس کلمے ہوئے جیسا کہ مذہب شافعی میں ہی او تکبیر کی سترہ کلمے
جیسا مذہب حنفی میں ہی کذا ذکرہ العلی وَإِذَا قَامَ إِلَى الصَّلوٰةِ الْمَكْتُوبَةِ حب ت قال م

عه حب بعد التكبير م ت وَجَّهْتُ وَجْهِيَ لِلَّذِي فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ
حَنِيفًا وَمَا أَنَا مِنَ الْمُشْرِكِينَ إِنَّ صَلَاتِي وَنُسُكِي وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِي لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ لَا شَرِيكَ
لَهُ وَبِذٰلِكَ أُمِرْتُ وَأَنَا مِنَ الْمُسْلِمِينَ اللّٰهُمَّ أَنْتَ الْمَلِكُ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ أَنْتَ رَبِّي وَ
أَنَا عَبْدُكَ ظَلَمْتُ نَفْسِي وَاعْتَرَفْتُ بِذَنْبِي فَاغْفِرْ لِي ذُنُوبِي جَمِيعًا إِنَّهُ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوبَ
إِلَّا أَنْتَ وَاهْدِنِي لِأَحْسَنِ الْأَخْلَاقِ لَا يَهْدِي لِأَحْسَنِهَا إِلَّا أَنْتَ وَاصْرِفْ عَنِّي سَيِّئَهَا
لَا يَصْرِفُ عَنِّي سَيِّئَهَا إِلَّا أَنْتَ لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ وَالْخَيْرُ كُلُّهُ فِي يَدَيْكَ وَالشَّرُّ لَيْسَ
إِلَيْكَ أَنَا بِكَ وَإِلَيْكَ تَبَارَكْتَ وَتَعَالَيْتَ أَسْتَغْفِرُكَ وَأَتُوبُ إِلَيْكَ م عه حب

ط ۔ اور جب کھڑا ہوتے کو ہی طرف نماز فرض کی نقل کی یہہ ابن حبان ترمذی نے کہی نقل کیا یہہ [illegible]
اور ابن حبان نے پیچھے تکبیر تحریمہ کی نقل کی یہہ مسلم ترمذی نے یعنی مراد حدیث کا بعضوں نے قال کہا اور بعضوں نے [illegible]

کیا اعد اوسکی جہہ ہی متوجہ کیا مینی مونہہ اپنا طرف اوس قدرت کی پیدا کیا آسمانون اور زمین کو در حالی کہ ...
کرنی والا ہون اور نہین ہون مین شرک کرنی والون سی تحقیق نماز میری اور عبادتین میری اور زندہ رہنا میرا اور مرنا میرا واسطی
خدا پروردگار عالمون کی ہی یعنی جس چیز پر کہ حالت زندگی مین ہون اور جس پر کہ مرونگا یعنی طاعت اور ایمان
سب خالص خدا کی لئی ہی نہین کوئی شریک اوسکا اور ساتھ اسیکی یعنی ساتہہ توحید اور اخلاص کی
حکم کیا گیا ہون مین اور مین مسلمانون سی ہون یا اللہ تو بادشاہ ہی نہین کوئی معبود مگر تو تو پروردگار میرا ہی
اور مین بندہ تیرا ہون ستم کیا مینی جان اپنی پر یعنی بسبب قصور کرنیکی بندگی اور طاعت مین اور اقرار
کیا مینی ساتہہ گناہون اپنی کی یعنی بسبب امید مغفرت کی کہ فرمایا ہی تو نی کہ جو کوئی معترف گناہون کا ہو کر میری درگاہ
مین آتا ہی بسبب صدق اوسکی کی بخشتا ہون مین پس بخشش میری لئی گناہ میری سب یعنی صغیرہ ہون یا کبیرہ
خطا ہون یا عمدا تحقیق نہین بخشتا گناہون کو کوئی مگر تو اور راہ دیکہا مجکو طرف اچہی خلقون کی نہین راہ دیکہاتا طرف اچہی
خلقون کی کوئی مگر تو اور دور کر مجسی بری اخلاق نہین دور کرتا مجسی بری اخلاق مگر تو حاضر ہون مین خدمت تیری مین اور بجالانی حکم تیری
مین اور تمام بہلائیان بیچ ہاتہہ تیری کی ہین یعنی تیری قبضہ قدرت مین ہین اور برائی نہین نسبت کیجاتی طرف تیری
مین بسبب تیری موجود ہون اور طرف تیری رجوع کرتا ہون مین بابرکت ہی تو اور بلند ہی تو بخشش چاہتا ہون
ف
مین تجہسی اور توبہ کرتا ہون مین طرف تیری نقل کیے یہہ مسلم اور چارون نی اور ابن حبان طبرانی نی
واسطی رحمہ اللہ نی لکہا ہی کہ ادنی مرتبہ حسن خلق کا یہہ ہی کہ جہگڑا ساتہہ خلق کی ترک کری اور راضی رکہی
اونکو بیچ وراحت مین اور سہیل تستری رحمہ اللہ نی لکہا ہی کہ ادنی مرتبہ حسن خلق کا یہہ ہی کہ خلق سی
جفا کہینچی اور بدلا نہ لی اور رحمت اور شفقت کری ظالم پر اور بخشش چاہی اوسکی لئی اور برائی نہین نسبت کیجاتی
طرف تیری یعنی اگرچہ خالق شر کا بہی اللہ ہی ہی مگر بپاس ادب کی نہین کہا جاتا خالق الشر جیسیکہ خالق
القردۃ یعنی پیدا کرنی والا بندرون کا نہین کہا جاتا اور یہہ معنی ہین کہ شر تیری درگاہ مین مقبول نہین اور اونچا نہین
[illegible] اصلا کہ ہلکی بلکہ اچہی بات تو قبول کرتا ہی جیسیکہ فرمایا ہی الیہ یصعد الکلم الطیب یعنی

اوسکی چرہتی ہین باتین اچھی اور تکبیر کی بعد جو دعا پڑہتی ہین اوسکو دعاء استفتاح کہتی ہین وہ کتنی وجہ صحیح سی روایت کی گئی ہی کہ ہر وقت مین حضرت مختلف پڑہتی تہی یعنی کبہی کوئی کبہی کوئی نہ یہہ کہ سبکو ہمیشہ پڑہتی تہی اور اگر کوئی جمع بہی کری جائز ہوگی اور یہہ جو اختیار کیا ہی بعض مشائخ نی کہ پڑہتی ہین وجہت وجہی کو پہلی شروع کرنی نیت کی پس وہ خلاف روایت اور درایت کی ہی اور لازم آتی ہی اسمین تاخیر تکبیر کے اقامت سے نزدیک قائم ہونی جماعت کی کذا ذکر العلی والفقیر اَللّٰهُمَّ بَاعِدْ بَيْنِي وَبَيْنَ خَطَايَايَ كَمَا بَاعَدْتَ بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ اَللّٰهُمَّ اغْسِلْ خَطَايَايَ بِالْمَاءِ وَالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ ★ خ م د س ن ق ★

یا اللہ دور ہی ڈال درمیان میری اور درمیان گناہون میری کی جیسی کہ دور ہی ڈالی تونی درمیان مشرق اور مغرب کی یا اللہ دہو گناہ میری ساتہہ پانی اور برف اور اولی کے نقل کیے یہہ بخاری مسلم ابوداود نسائی ابن ماجہ نی **ف** دونو جا ہی مراد مبالغہ ہی مٹ جانی گناہون مین اسلئی کہ مشرق مغرب مین بڑا فرق ہی اسی طرح گناہ دور ہون اور جو کپڑا تین چیزون سی کئی بار دہویا جاتا ہی نہایت صاف ہوتا ہی اسی طرح مخلوق پاک کر اور طرح طرح کی بخششین نازل کر یہہ بطریق تمثیل کے فرمایا ہی حقیقت اسکے مراد نہین کذا ذکر العلی

سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَلَا إِلٰهَ غَيْرُكَ ★ د ت ق مس ط مو هر پاک ہی تو یا اللہ اور پاکی بیان کرتا ہون ساتہہ تعریف تیری کے اور بابرکت ہی نام تیرا اور بلند ہی بزرگی تیری اور نہین کوئی معبود سوا تیری نقل کیے یہہ ابو داود ترمذی ابن ماجہ حاکم طبرانی نے اور موقوفا مسلم نی **ف** مذہب امام اعظم اور محمد رحمہما اللہ کا اور ظاہر مذہب امام مالک اور امام احمد رحمہما اللہ کا یہہ ہی کہ بعد تکبیر تحریمہ کی سبحانک اللہم آخر تک پڑہی اور وجہت وجہی آخر تک نہ پڑہی اور نزدیک ابو یوسف کے یہہ ہی کہ دونو پڑہی اور مختار طحاوی کا بہی یہی ہی مگر سبحانک پہلی پڑہنا اولی ہی اور ہر ایک سند حدیث کی تہی مین طعن ذکر کی اور شرح مین اس مقام کو دیکہی کذا ذکر الفقیر اَللّٰهُ أَكْبَرُ كَبِيرًا وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ كَثِيرًا وَسُبْحَانَ اللّٰهِ بُكْرَةً وَأَصِيلًا ★ م ت س ★ اللہ بہت بڑا ہی اور تعریف [illegible]

اور ساتھہ پاکی کی یاد کرتا ہون مین اسکو صبح اور شام مین نقل کیا ہیہ مسلم ترمذی نسائی نی اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ حَمْدًا كَثِيرًا
طَيِّبًا مُبَارَكًا ۔ م د مص ۔ فِيهِ د س ۔ سب تعریف اللہ کی لئی ہے تعریف بہت
پاک یعنی آمیزش ریاسی نا بابرکت نقل کی ہیہ مسلم ابو داود نسائی نی اور ایک روایت مین ابو داود نسائی نے
لفظ فیہ کا بھی زیادہ کیا ہی معنی وہی ہین اسلئی کہ وہان فیہ مقدر ہی اور یہان مذکور ہی اَللّٰهُمَّ بَاعِدْ بَيْنِي وَبَيْنَ
ذُنُوبِي كَمَا بَاعَدْتَ بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ وَنَقِّنِي مِنْ خَطِيئَتِي كَمَا نَقَّيْتَ الثَّوْبَ مِنَ الدَّنَسِ ط ۔
یا اللہ دوری ڈال درمیان میری اور درمیان گناہون میری کے جیسی کہ دوری ڈالی تو نی درمیان مشرق اور مغرب
کی اور پاک کر مجکو گناہون میری سے جیسی کہ پاک کیا تو نی کپڑی کو میل سی نقل کیے ہیہ طبرانی نی وَفِي صَلٰوةِ التَّطَوُّعِ
د ۔ اَللّٰهُ أَكْبَرُ كَبِيرًا ثَلٰثًا اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ كَثِيرًا ثَلٰثًا سُبْحَانَ اللّٰهِ بُكْرَةً وَأَصِيلًا ثَلٰثًا أَعُوذُ بِاللّٰهِ
مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ مِنْ نَفْخِهِ وَنَفْثِهِ وَهَمْزِهِ ۔ د ق حب مس مص ش ی ۔ اور بیچ
نماز نفل مین نقل کی ہیہ ابو داود نی یعنی مخصوص ہونا اس دعا کا نفل مین فقط روایت ابو داود مین آیا ہی اللہ بہت
بڑا ہی بڑا تین بار پڑھی سب تعریف اللہ کو ہی بہت پڑھی تین بار پاکی بیان کرتا ہون اسکی صبح اور شام مین
تین بار پڑھی پناہ مانگتا ہون مین ساتھہ اللہ کی شیطان راندے ہوئی سی تکبر اسکی سی اور سحر اسکی سی اور وسوسہ
اسکی سی نقل کی ہیہ ابو داود ابن ماجہ ابن حبان حاکم ابن ابی شیبہ بیہقی نے ف اکثر استعمال تطوع کا
غیر سنتون رواتب یعنی غیر مقرری مین آتا ہی اور لفظ الرجیم کا فقط ابن ماجہ اور بیہقی نی نقل کیا ہی مراد پھونکی سے
جاتی ہی اور مراد نفخ ہی کبر شیطان کا ہی یعنی تکبر اور خود پسندی کہ شیطان آدمی کو اس ورطہ مین ڈالتا ہی پس وہ
اپنی کو اورون سی بڑا جانتا ہی اور اورون کو حقیر گنتا ہی اور مراد نفث سی سحر ہی کہ شیطان آدمی پر سحر کر کر اپنا تابعدار
کر لیتا ہی یا باعث ہوتا ہی سحر پر کہ لوگون سی سحر کروا تا ہی کذا ذکرہ العلی والقر سُبْحَانَ ذِي الْمُلْكِ وَالْمَلَكُوتِ وَالْجَبَرُوتِ
وَالْكِبْرِيَاءِ وَالْعَظَمَةِ ۔ طس ۔ پاک ہی صاحب پادشاہت کا اور صاحب غلبہ کا اور بزرگواری کا اور بڑائی
نقل کی ہیہ طبرانی نی اوسط مین ف جبروت مبالغہ ہی جبر مین یعنی قہر کی اور کبریا برتری کی ذات کی اور عظمت

صفت کی کذا ذکرہ العینی ق اِذَا قَالَ الْاِمَامُ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْہِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ فَلْیَقُلِ الْمَأْمُوْمُ آمِیْنَ یُحِبُّہُ اللّٰہُ
مر دس ق ۔ اور جب کہی امام غیر المغضوب علیہم ولا الضالین پس چاہیے کہ کہی مقتدی آمین قبول کریگا اسد تعالی و تا او
نقل کی یہہ مسلم ابو داؤد و نسائی ابن ماجہ نی ق اِذَا اَمَّنَ الْاِمَامُ فَلْیُؤَمِّنِ الْمَأْمُوْمُ فَمَنْ وَافَقَ تَأْمِیْنُہٗ تَأْمِیْنَ
الْمَلٰٓئِکَۃِ غُفِرَ لَہٗ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِہٖ خ مر ۔ اور جب آمین کہی امام پس چاہیے کہ آمین کہی مقتدی پس جو شخص کہ ہوا
ہی آمین کہنی اوسکی آمین کہنی فرشتون کی بخشا ہی اسد واسطی اوسکی جو پہلی گذری گناہ اوسکی نقل کی یہہ بخاری مسلم نی
ف یعنی جب امام آمین کہتا ہی فرشتی بہی آمین کہتی ہین پس اوس وقت مقتدیون کو بہی موافقت اونکی کرنی چاہیی
کہ سبب ہی بخشش کی کذا ذکرہ العینی ق لَمَّا قَالَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ آمِیْنَ مَدَّ بِہَا صَوْتَہٗ ا د ت
مص رَفَعَ بِہَا صَوْتَہٗ د ۔ اور جب کہی پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم آمین دراز کرتی ہی ساتھہ اوسکی آواز اپنی نقل کی یہہ
ابو داؤد و ترمذی ابن ابی شیبہ نی بلند کرتی تہی ساتھہ آمین کی آواز اپنی نقل کی یہہ ابو داؤد نی ف مذہب امام اعظم
یہہ ہی کہ آمین چپکی کہی مقتدی ہو یا امام نماز سری ہو یا جہری اور سند انکی یہہ ہی کہ حضرت عمر اور حضرت عبد اسد ابن مسعود
رضی اسد عنہما فرماتی تہی کہ چار چیزین ہین کہ اخفا کری ساتھہ اونکی امام بسم اسد اور اعوذ اور آمین اور تشہد اور ایک
روایت مین آیا ہی کہ حضرت عمر اور حضرت علی جہر نہین کرتی تہی ساتھہ بسم اسد اور اعوذ کی اور آمین کی اور احمد اور ابو یعلی
اور طبرانی اور دارقطنی اور حاکم نی علقمہ سی اونہون وائل سی روایت کی ہی کہ مینی آنحضرت صلی اسد علیہ وسلم کی ساتھہ نماز پڑہی
جب ولا الضالین کہا آمین چپکی کہی اور ایک دلیل انکی یہہ ہی کہ آمین دعا ہی کہ معنی اسکے یہہ ہین یا اسد قبول کر اور دعا
چپکی ہی اولی ہی جیسکہ فرمایا اللہ تعالی نی اُدْعُوْا رَبَّکُمْ تَضَرُّعًا وَّخُفْیَۃً یعنی پکارو رب اپنی کو عاجزی اور پوشیدہ اور مبسوط
مین شیخ الاسلام نی لکہا ہی کہ مذہب ہمارا مذہب علی اور عمر اور عبد اسد بن مسعود رضی اسد عنہم کا ہی اور ابن مسعود نی فرمایا
کہ صحابہ نی آمین پکار کر کہنی موقوف کی ہی اسلیے کہ جانتی تہی جہر آمین منسوخ ہوا اور حدیثین جہر کی بہی بہت اور صحیح ہین
اور مذہب امام شافعی اور احمد کا یہی ہی پس ہوسکتا ہی کہ جہر اول تعلیم صحابہ کی لیے ہوا ہو جیسی کہ اور دعائین
تہا پہر جب سیکہہ لی صحابہ اخفا کیا پس اسطرح جہر اور اخفا دونو ثابت ہوی واسد اعلم کذا ذکرہ المظہری ق کَانَ اِذَا قَالَ

يَسْمَعُ مَنْ يَلِيهِ مِنَ الصَّفِّ الْأَوَّلِ * د ق * فَيَرْتَجُّ بِهَا الْمَسْجِدُ * ق * اور تہی پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم
جب آمین کہتی تہی سنتا تہا وہ شخص کہ قریب اونکی ہوتا تہا صف پہلی مین سے نقل کی یہہ ابو داود ابن ماجہ نی پس گونجتی
تہی ساتہہ اوسکی مسجد نقل کی یہہ ابن ماجہ نی وَقَالَ آمِينَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ * ط * اور کہتی تہی حضرت یعنی کہی
آمین تین بار نقل کی یہہ طبرانی نی وَحِينَ قَالَ وَلَا الضَّالِّينَ قَالَ رَبِّ اغْفِرْ لِي آمِينَ * ط * اور جب کہتی
تہی پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم ولا الضالین فرماتی تہی یعنی کہی ای رب میری بخش مجہکو قبول کر دعا میری نقل کی یہہ
طبرانی نی وَإِذَا رَكَعَ سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيمِ * م عه حب مس ر * ثَلَاثًا * ر * وَذَلِكَ
أَدْنَاهُ * د * اور جب رکوع کری کہی پاک ہی پروردگار میرا بڑا نقل کی یہہ مسلم اور چاروں نے اور ابن حبان حاکم بزار نے
اور ایک روایت مین بزار نی تین بار پڑہنا اسکا نقل کیا ہی اور تین بار کہنا ادنی درجہ اسکا ہی نقل کی یہہ ابو داود نے
ف مراد ادنی سی ادنی درجہ کمال سنت کا ہی نہ ادنی درجہ جواز کا اسلئی کہ اصل جواز ایکبار سی اور تین بار کہنا
داخل کمال کے ہی لیکن ادنی کمال کا اور افضل پانچ بار ہی یا سات بار اور اعلی درجہ کمال کے حد نہین بعضون نے
دس تلک کہا ہی اور بعضون نی قریب بقدر قیام کی اور ملا علی قاری نی مظہر سی نقل کیا ہی کہ نہایت کمال کی سات بار
ہی اور یہہ سب حالتین تنہائی مین ہین اور امام رعایت حال مقتدیون کی کری سفیان ثوری نی کہا ہی کہ امام
تسبیحات رکوع سجود کی پانچ بار کہی کذا ذکر الفخر اور ایک روایت مین رکوع کی یہہ تسبیح آئی ہی سُبْحَانَكَ اللَّهُمَّ
رَبَّنَا وَبِحَمْدِكَ اللَّهُمَّ اغْفِرْ لِي * خ م د س ق * پاکی ہی تجہکو یا اللہ رب ہمارے اور پاکی بیان
کرتا ہون ساتہہ تعریف تیری کی یا اللہ بخش مجہکو نقل کی یہہ بخاری مسلم ابو داود نسائی ابن ماجہ نی سُبْحَانَ اللَّهِ
وَبِحَمْدِهِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ * ا ط * یا پڑہی سبحان اللہ وبحمدہ تین بار نقل کی یہہ احمد طبرانی نی اللَّهُمَّ لَكَ رَكَعْتُ
وَبِكَ آمَنْتُ وَلَكَ أَسْلَمْتُ خَشَعَ لَكَ سَمْعِي وَبَصَرِي وَمُخِّي وَعَظْمِي وَعَصَبِي * م د س
یا اللہ تیری ہی لئی رکوع کیا مینی اور ساتہہ تیرے ایمان لایا مین اور تیری ہی لئی اسلام لایا مین اور تابعدار ہوئی
اور فروتنی کی واسطی تیری سماعت میری نی اور بینائی میری نی اور گودی میری نی اور ہڈی میری نی اور پٹہی میری نی نقل کی یہہ مسلم

فصل رکوع کا بیان

ابوداود ونسائی نے ف یہ کنایہ ہی کمال خضوع وخشوع سی کہ تمام اعضا طرف اوسکی فروتنی کرتی ہین سُبُّوحٌ قُدُّوسٌ
رَبُّ الْمَلَائِكَةِ وَالرُّوحِ م د س تو ہی پاک نہایت پاک پروردگار فرشتون اور جبرئیل کا نقل کی یہ مسلم
ابوداود ونسائی نے رَكَعَ لَكَ سَوَادِي وَخَيَالِي وَآمَنَ بِكَ فُؤَادِي أَبُوءُ بِنِعْمَتِكَ عَلَيَّ هٰذِهِ يَدَايَ وَمَا
جَنَيْتُ عَلَى نَفْسِي ہمے یا رکوع کیا تیرے لیے ظاہر میری نی اور باطن میری نی اور ایمان لایا ساتھہ تیری دل میرا اقرار کرتا
ہون مین ساتھہ نعمت تیری کے کہ مجھہ پر ہی یہہ ہین ہاتھہ میری اور جو کچھہ کہ گناہ کیا ہین اونہون نے اپنی جان پر نقل کی یہ بزار نی
یعنی گناہ میری اس سبب موجود ہین اور مین اقرار کرتا ہون اوسکا ... اظہار کرنا عجز کا ہی اور اقرار کرنا ساتھہ
تقصیر کی طاعات مین اور نہ بجالانی اوامر ونواہی کے کذا ذکرہ العلی سُبْحَانَ ذِي الْجَبَرُوتِ وَالْمَلَكُوتِ وَالْكِبْرِيَاءِ
وَالْعَظَمَةِ د س پاک ہی صاحب غلبہ اور صاحب بادشاہت اور صاحب بڑائی اور بزرگی کا نقل کی یہ
ابوداود ونسائی نے وَإِذَا قَامَ مِنَ الرُّكُوعِ قَالَ سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ م ع ط اور جب کھڑا ہو
رکوع سے کہی قبول کیا اللہ نی واسطی اوسکی کہ تعریف کی اوسکی نقل کی یہ مسلم اور چارون نی اور طبرانی
اللّٰهُمَّ رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ خ م ت س د رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ خ م رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ ج
رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا كَثِيرًا طَيِّبًا مُبَارَكًا فِيهِ خ د س یا اللہ پروردگار ہمارے تیری ہی لیے
تعریف ہی نقل کی یہ بخاری مسلم ترمذی نسائی ابوداود نی ای رب ہمارے اور تیری ہی لیے تعریف ہی نقل کی
یہ بخاری مسلم نی ای رب ہمارے تیری ہی لیے تعریف ہی نقل کی یہ بخاری نی ای پروردگار ہمارے اور تیری ہی لیے
تعریف ہی تعریف بہت پاکیزہ یعنی خالی ریا اور شرک سی بابرکت یعنی ساتھہ زیادتی خلوص اور حضور کی نقل کی
بخاری ابوداود ونسائی نی ف نقل کیا شیخ فخر الدین نی کہ فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نی کہ جب امام
سمع اللہ لمن حمدہ کہی کہو اللہم ربنا لک الحمد کہ جس کسی کا قول موافق ہوا قول ملائکہ کی ساتھہ بخشی جاتی ہین گناہ
اوسکی پہلی کی اور امام اعظم کی مذہب مین امام سمع اللہ لمن حمدہ کہی اور مقتدی ربنا اور اگر اکیلا نماز پڑھتا ہو
دونو کہی اور صاحبین کے نزدیک امام بہی دونو کہی چنانچہ امام طحاوی نی بہی اختیار کیا ہی لیکن پہلا اصح ہی

كذا في الهداية وشرحها اور وظائف النبی ﷺ مین لکھا ہی کہ امام دونون مین بھی یہی پڑھی اللهم لك الحمد ملء
السموات وملء الارض وملء ما شئت من شيء بعد اللهم طهرني بالثلج والبرد والماء البارد
اللهم طهرني من الذنوب والخطايا كما ينقى الثوب الابيض من الوسخ + م د ت ق
یا اللہ تیری ہی لئی سب تعریف ہی آسمانون بھر اور زمین بھر اور بقدر بھرنی اوس چیز کی کہ چاہی تو کسی چیز سی
پیچھی آسمان و زمین کی یا اللہ پاک کر مجھکو ساتھہ برف اور اولی اور پانی ٹھنڈی کی یا اللہ پاک کر مجھکو گناہون
سی اور چوکون سی جیسی پاک کیا جاتا ہی کپڑا سفید میل سی نقل کی یہہ مسلم ابو داود ترمذی ابن ماجہ نی ف
کہ چاہی تو کسی چیز سی پیچھی آسمان و زمین کی یعنی مانند عرش کی اور اوپر اوسکی اور تحت الثری کی یہ تمثیل ہی
اور مراد کثرت حمد کی ہی یعنی اگر حمد کا جسم فرض کیا جاوی تو اس قدر ہووی کہ یہہ چیزین بھر جاوین كذا
في المرقات اللهم ربنا لك الحمد ملء السموات وملء الارض وملء ما بينهما وملء ما شئت
من شيء بعد اهل الثناء والمجد احق ما قال العبد وكلنا لك عبد لا مانع لما اعطيت ولا معطي
لما منعت ولا ينفع ذا الجد منك الجد + م د س + یا اللہ پروردگار ہماری تیری ہی لئی سب تعریف
ہی آسمانون اور زمین بھر اور بقدر بھرنی اوس چیز کی کہ درمیان اونکی ہی اور بقدر بھرنی اوس چیز کی کہ چاہی تو
کسی چیز سی بعد اسکی ای صاحب تعریف اور بزرگی کی تو لائق تر ہی اوس چیز سی کہ کہی بندہ اور ہم سب واسطی تیری
تیری بندی ہین نہین کوئی روکنی والا اوس چیز کو کہ دی تو نی اور نہین کوئی دینی والا اوس چیز کو کہ روکی تو
اور نہین فائدہ دیتی ہی دولتمند کو عذاب تیری سی دولتمندی نقل کی یہہ مسلم ابو داود و نسائی نی اللهم
ربنا لك الحمد ملء السموات وملء الارض وملء ما بينهما وملء ما شئت بعد اهل
الثناء واهل الكبرياء والمجد لا مانع لما اعطيت ولا ينفع ذا الجد منك الجد + ط + اور
حضرت [illegible] کی یہہ دعا پڑھتی تھی یا اللہ پروردگار ہماری تیری ہی لئی تعریف ہی آسمانون
اور زمین بھر اور بقدر بھرنی اوس چیز کی کہ درمیان انکی ہی اور بقدر بھرنی اوس چیز کی کہ چاہی تو بعد اسکی

لائق تعریف کی اور ای صاحب بڑائی اور بزرگی کی نہین کوئی روکنی والا اوس چیز کو کہ وی توفی اور نہین نفع
دیتی ہی دولتمند کو عذاب تیری سی دولتمندی اوسکی نقل کیے ہیہ طبرانی نی وَاِذَا سَجَدَ سُبْحَانَ رَبِّیَ
الْاَعْلٰی ثَلٰثًا ٭ م ع ه رحب مس ٭ ثَلٰثًا ٭ وَذٰلِكَ اَدْنَاهُ ٭ د ٭ اور جب سجدہ کری
کہی پاکی ہی پروردگار بلند میرا نقل کیے ہیہ مسلم نی اور چارون نی اور بزار ابن حبان حاکم نی اور ایک روایت مین
بزار نی تین بار پڑہنا اسکا نقل کیا ہی اور تین بار کہنا ادنی درجہ اوسکا ہی نقل کی ہیہ ابو داود نی اَللّٰهُمَّ اَعُوْذُ
بِرِضَاكَ مِنْ سَخَطِكَ وَبِمُعَافَاتِكَ مِنْ عُقُوْبَتِكَ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْكَ لَا اُحْصِيْ ثَنَاءً عَلَيْكَ
اَنْتَ كَمَا اَثْنَيْتَ عَلٰى نَفْسِكَ ٭ م ع ه ٭ اور کبہی سجدہ مین فرماتی آنحضرت یا اللہ پناہ مانگتا ہون ساتہہ
خوشنودی تیری کی غضب تیری سی اور ساتہہ عافیت تیری کی یعنی نجات تیری کی عذاب تیری سی اور پناہ
مانگتا ہون مین ساتہہ تیری عذاب تیری سی نہین گن سکتا مین تعریف تجہپر تو ویسا ہی ہی جیسیکہ تعریف کی
تو نی اوپر نفس اپنی کی نقل کیے ہیہ مسلم نی اور چارون نی اَللّٰهُمَّ لَكَ سَجَدْتُّ وَبِكَ اٰمَنْتُ وَلَكَ
اَسْلَمْتُ سَجَدَ وَجْهِيْ لِلَّذِيْ خَلَقَهٗ وَصَوَّرَهٗ فَاَحْسَنَ صُوَرَهٗ وَشَقَّ سَمْعَهٗ وَبَصَرَهٗ تَبَارَكَ
اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ ٭ م د س ٭ یا اللہ تیرے ہی لئی سجدہ کیا مینی اور ساتہہ تیری ایمان لایا مین
اور واسطی تیری اسلام لایا مین یعنی اطاعت کی ظاہر مین سجدہ کیا موہنہ میری نی یعنی ذات میری نی اوس
ذات کو کہ پیدا کیا اوس کو اور صورت بنائی اوسکی پس اچہی بنائین صورتین اوسکی اور کہولی کان اوسکی
اور آنکہین اوسکی بہت برکت والا ہی خدا بہترین پیدا کرنی والون کا نقل کیے ہیہ مسلم ابو داود نسائی نی ف
فاحسن صوره فقط ابو داود نسائی نی روایت کیا ہی یعنی خاص کیا اوسکو سب مخلوقات مین سی ساتہہ
نصب کرنی قد کی اور دینی خوب صورتی کی اور معتدل کرنی مزاج کی وغیر ذلک بہترین پیدا کرنی والون کا
پیدا کرنی والا اللہ ہی ہی مگر مجازاً باعتبار ظاہر کی فرمایا گویا خالقین بمعنی صانعین کی ہی کذا ذکره الطیبی
خَشَعَ سَمْعِيْ وَبَصَرِيْ وَدَمِيْ وَلَحْمِيْ وَعَظْمِيْ وَعَصَبِيْ وَمَا اسْتَقَلَّتْ بِهٖ قَدَمِيْ [illegible]

مص حصن • عاجزی کی کان میری نی اور آنکھوں میری نی اور لہو میری نی اور گوشت میری نی اور ہڈی میری نی
اور پٹھوں میری نی اور اوس چیز نی کہ اوٹھایا اوسکو پانو میری نی یعنی تمام اعضا نی واسطی خدا پروردگار عالموں کے
نقل کیا مسلم نسائی ابن حبان نی ف لام تعد کا خشوع سی لگتا ہی یعنی ان سب چیزوں نی فروتنی کی واسطی اللہ تعالی
سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّ الْمَلٰٓئِكَةِ وَالرُّوْحِ • مدس تو پاک ہی نہایت پاک پروردگار فرشتوں اور
جبرئیل کا نقل کیا مسلم ابو داود نسائی نی سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَبِحَمْدِكَ • ح مدس ق
پاک ہی تو ای اللہ پروردگار ہمارے اور پاکی بیان کرتا ہوں میں ساتھ تعریف تیری کی نقل کیا بخاری مسلم ابو داود
نسائی ابن ماجہ نی اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ ذَنْبِيْ كُلَّهٗ دِقَّهٗ وَجِلَّهٗ وَاَوَّلَهٗ وَاٰخِرَهٗ وَعَلَانِيَتَهٗ وَسِرَّهٗ
م د ہ • یا اللہ بخش واسطی میری گناہ میری سب چھوٹی اور بڑی اور اگلی اور پچھلی یعنی جو کر چکا ہوں اور جو
مقدر ہین آیندہ کو اور ظاہر اور پوشیدہ نقل کیا مسلم ابو داود نی ف جناب سرور عالم صلی اللہ علیہ
وسلم پاک تھی گناہوں سی کہ بخشی گئی تھی اگلی پچھلی گناہ لیکن یہہ دعا کرتی تھی فقط واسطی ظاہر کرنی بندگی
کی اور احتیاج کی طرف اللہ تعالی کی باوجود اس رتبی کے اور واسطی ادای شکر نعمت مغفرت کے
یا واسطی تعلیم امت کی کذا ذکرہ الفخر اَللّٰهُمَّ سَجَدَ لَكَ سَوَادِيْ وَخَيَالِيْ وَبِكَ اٰمَنَ فُؤَادِيْ
اَبُوْءُ بِنِعْمَتِكَ عَلَيَّ وَهٰذَا مَا جَنَيْتُ عَلٰى نَفْسِيْ يَا عَظِيْمُ يَا عَظِيْمُ اغْفِرْ لِيْ فَاِنَّهٗ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ
الْعَظِيْمَةَ اِلَّا الرَّبُّ الْعَظِيْمُ • مص • یا اللہ سجدہ کیا واسطی تیری ظاہر میری نی اور باطن میری نی اور
ساتھ تیری ایمان لایا دل میرا اقرار کرتا ہوں میں ساتھ نعمت تیری کی کہ مجھ پر ہی اور یہہ ہی جو کچھ کہ گناہ کیا میں نی
اوپر نفس اپنی کے یعنی گناہ میری پاس ہیں جو دیدہ اور میں معترف ہوں اونکا ای بزرگ ای بزرگ بخش
مجھکو سواتی تیری نہیں بخشتا بڑی گناہوں کو کوئی مگر پروردگار بزرگ نقل کیا حاکم نی سُبْحَانَ ذِي
الْمُلْكِ وَالْمَلَكُوْتِ سُبْحَانَ ذِي الْعِزَّةِ وَالْجَبَرُوْتِ سُبْحَانَ الْحَيِّ الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ اَعُوْذُ بِعَفْوِكَ
مِنْ عِقَابِكَ وَاَعُوْذُ بِرِضَاكَ مِنْ سَخَطِكَ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْكَ جَلَّ وَجْهُكَ • مص پاک ہی

صاحب سلطنت ظاہر کا اور باطن کا پاک ہی صاحب غلبہ اور قدرت کا پاک ہی وہ زندہ کہ نہ مری پناہ مانگتا ہون
مین ساتھہ عفو تیری کی عذاب تیری سی اور پناہ مانگتا ہون ساتھہ خوشنودی تیری کے غضب تیری سے
اور پناہ مانگتا ہون ساتھہ تیری عذاب تیری سی بزرگ ہی ذات تیری نقل کی مسلم نی رَبِّ اٰعْطِ نَفْسِیْ تَقْوٰیھَا
زَکِّھَا اَنْتَ خَیْرُ مَنْ زَکّٰھَا اَنْتَ وَلِیُّھَا وَمَوْلٰھَا ۔ ا ۔ ای رب میری دی نفس میری کو تقوی اوسکا
پاک کر اوسکو یعنی بُری باتون ظاہر اور باطن کیسی تو بہتر ین اون شخصون کا ہی کہ پاک کیا ہی اونہن نفس کو ہی گیا ہون
تو ہی کارساز اوسکا اور مالک اوسکا نقل کی مسلم احمد نی **ف** تقوی یعنی نیک بخت کر دی اور پرہیزگار کر حرام
چیزون سی اور احتراز زیادتی حرص و ہواسی او محقق لکہتی ہین کہ تزکیہ نفس کا سبب ہوتا ہی تصفیہ دل کا جبکہ نفس
آمیزش ہوا اور ریاسی پاک ہوتا ہی فی الحال دل آلودگی ماسوای حق سی صاف ہوجاتا ہی **بیت** تا نفس سرّ از ہوا ہے
نشود ۔ دل آیینہ نور الٰہی نشود ۔ مالک سی یہہ اشارہ ہی کہ پاک اور با ادب رکہہ اوسکو جیسی کہ با ادب رکہتا ہے
مولی بندی اپنی کو کذا ذکرہ العلی والفخر اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ مَا اَسْرَرْتُ وَمَا اَعْلَنْتُ ۔ **مص** ۔ یا اللہ
بخش واسطی میری وہ گناہ کہ پوشیدہ کئی مینی اور جو ظاہر کئی مینی نقل کی ابن ابی شیبہ نی اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ فِیْ قَلْبِیْ
نُوْرًا وَّاجْعَلْ فِیْ سَمْعِیْ نُوْرًا وَّاجْعَلْ فِیْ بَصَرِیْ نُوْرًا وَّاجْعَلْ اَمَامِیْ نُوْرًا وَّاجْعَلْ خَلْفِیْ نُوْرًا
وَّاجْعَلْ مِنْ تَحْتِیْ نُوْرًا وَّاَعْظِمْ لِیْ نُوْرًا ۔ **مص** ۔ یا اللہ کر دل میری مین روشنی اور کر سماعت میری مین
روشنی اور کر بینائی میری مین روشنی اور کر آگی میری روشنی اور کر پیچہی میری روشنی اور کر نیچی میری روشنی اور
بڑی کر میری لئی روشنی نقل کی یہہ ابن ابی شیبہ نی آداب رکوع سجود کی یہہ ہین کہ اچھی طرح رکوع سجود مین اور رکوع کے
بعد اور درمیان دونون سجدون کی ٹہیری جلدی نکری کہ جلدی مین وعید شدید آئی ہی اور امام کی پہلے رکوع سجود
نکری کہ سر اوسکا گدہی کا ہوگا قیامت کو کذا فی وظائف النبی اور باقی آداب فقہ مین دیکہنی چاہئین **فائدہ**
سَجَدَ وَجْھِیْ لِلَّذِیْ خَلَقَہٗ وَصَوَّرَہٗ وَشَقَّ سَمْعَہٗ وَبَصَرَہٗ بِحَوْلِہٖ وَقُوَّتِہٖ
سق د ت حص مرتا ۔ فَتَبَارَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخَالِقِیْنَ **حص** ۔ اور سجدی قرآن کے

ہی وہ نہین یہہ دعا کہ سجدہ کیا منہ میرے نے واسطے اوس ذات کی کہ پیدا کیا اوسکو اور صورت دی اوسکو اور
کہولے کان اوسکے اور آنکھین اوسکے ساتھہ قدرت اپنی کے اور قوت اپنی کے نقل کیے یہہ نسائی ابوداؤد ترمذی
حاکم نے اور ایک روایت مین ابوداؤد نے کئی بار پڑھنا اسکا نقل کیا اور ایک روایت مین حاکم نے یہہ جملہ زیادہ
کیا ہے جسکا پڑھنا بہتر ہے واسطے سجدہ کرنیوالون کا اللّٰهُمَّ اكْتُبْ لِي عِنْدَكَ بِهَا أَجْرًا وَضَعْ عَنِّي
بِهَا وِزْرًا وَاجْعَلْهَا لِي عِنْدَكَ ذُخْرًا وَتَقَبَّلْهَا مِنِّي كَمَا تَقَبَّلْتَهَا مِنْ عَبْدِكَ دَاوُدَ ترجمہ
حب شخص ہو یا اللہ لکھ میری لئی نزدیک اپنی بسبب سجدہ کی ثواب اور دور کر مجھسی بسبب اوسکی بوجھ گناہ کا
اور کر اوسکو میری لئی نزدیک اپنی ذخیرہ اور قبول کر اوسکو مجھسی جیسی قبول کیا تونی اوسکو بندی اپنی داود
سے نقل کیے یہہ ترمذی ابن ماجہ ابن حبان حاکم نے ف حدیث شریف مین آیا ہی کہ ایک شخص نے جناب رسالت
مآب علیہ الف الف صلوٰۃ کی پاس حاضر ہوکر عرض کیا آجکی رات خواب مین دیکھا مینی کہ گویا ایک درخت کی پیچھی
نماز پڑھتا ہون مین اور جب سجدہ کیا مینی اوس درخت نی بہی سجدہ کیا اور یہہ دعا پڑھی پس جناب سرور عالم نی
آیت سجدہ کی قصدا پڑھی اور سجدہ کرکی یہی دعا پڑھی کذا فی المشکوٰۃ وشرح الفخر مَا وَضَعَ رَجُلٌ جَبْهَتَهُ
لِلّٰهِ سَاجِدًا فَقَالَ يَا رَبِّ اغْفِرْ لِي ثَلَاثًا إِلَّا رَفَعَ رَأْسَهُ وَقَدْ غُفِرَ لَهُ + موقوف ترجمہ نہین رکھی
کسی آدمی نی پیشانی اپنی واسطے اللہ کی حال یہہ کہ سجدہ کرنی والا ہی پس کہا اوسنے اے رب میرے بخش مجکو تین بار
مگر کہ اوٹھایا سر اپنا اوس حال مین کہ تحقیق بخشی گئی واسطے اوسکی گناہ اوسکی نقل کیے یہہ موقوفا ابن ابی شیبہ نے
ف یعنی جو کوئی سجدے مین اس دعا کو تین بار پڑھی پہلے سر اوٹھانی کی گناہ اوسکی بخشی جاتی ہین اور علما کو سجدہ
تلاوت مین اختلاف ہی امام اعظم اور صاحبین رحمہم اللہ کی نزدیک واجب ہی چودہ جگہین سننی والون پر اور پڑھنی والون
اور اورونکی نزدیک سنت ہی اور اگر تسبیحات نماز کی سجدہ کی پڑھی تو کافی ہین مگر جو دعائیں کہ حضرت سی اس سجدہ مین ثابت
ہوئی ہین پڑھنی افضل ہین اور چودہ جگہہ سجدہ کی یہہ ہین آخر سورہ اعراف مین اور سورہ رعد مین اور نحل مین اور بنی
اسرائیل مین اور مریم مین اور پہلا سجدہ حج کا اور فرقان اور نمل اور الم تنزیل السجدہ اور ص اور حم سجدہ

اور نجم اور اذا السماء انشقت اور اقرأ باسم ربک کا اسیطرح مصحف حضرت عثمان میں لکھی ہین
اور امام احمد کی نزدیک بھی چودہ ہین مگر فرق یہہ ہی کہ اونکی نزدیک بجای سجدہ ص کی دوسرا سجدہ
سورہ حج کا ہی ص مین اونکی نزدیک موکد نہین ہے اور امام مالک کی ہان گیارہ ہین سورہ نجم اور اذا
السماء انشقت اور اقرأ مین اونکی نزدیک نہین کذا ذکر الفخر و اذا جلس بین السجدتین یقول اللهم
اغفر لی وارحمنی وعافنی واهدنی وارزقنی ۔ د ت ق مس ۔ ت مس و اجبرنی
ت مس و ارفعنی ۔ مس ق مس ۔ اور جب بیٹھے بیچ دو سجدہ
پڑھی یا اللہ بخش مجکو اور رحم کر مجپر اور چین دی مجکو اور راہ دکہا مجکو اور رزق دی مجکو نقل کی ابوداؤد
ترمذی ابن ماجہ حاکم بیہقی نے اور یعنی کرمجکو نقل کیے یہہ ترمذی بیہقی نے اور بر تبہ دے مجکو نقل کے
یہہ حاکم ابن ماجہ بیہقی نے یعنی ان کتاب والون نے یہہ الفاظ پہلی دعا مین زیادہ نقل کیے ہین و
فی الفجر ۔ مس مو مص ۔ اور دعای قنوت پڑہی فجر کی نماز مین نقل کیے یہہ بزار حاکم نے اور
موقوفا ابن ابی شیبہ نے ف دعای قنوت صبح کی نماز مین پڑہنا سنت موکدہ ہی مذہب شافعی مین اور
امام اعظم کی نزدیک بدعت ہی یہہ اپنی سند سے بہت حدیثین لاتی ہین اور ان حدیثون کو محمول اسپر کیا
ہی کہ رعل اور ذکوان نے کہ قاریون کو شہید کیا تہا اونپر حضرت نے ایک مہینے تک بد دعا کی قنوت مین
پہر منع کی گئی اور چھوڑ دی چنانچہ حضرت ابوبکر اور حضرت عمر اور حضرت عثمان اور حضرت علی نے بھی نہین پڑہی
تہی کذا ذکر الفخر و فی سائر الصلوات ان نزل نازلة اذا قال سمع الله لمن حمده فی الرکعة
الاخیرة ۔۔۔ من خلفه ۔ د ۔ اور قنوت پڑہی تمام نمازون مین اگر اوتری کوئی حادثہ
قوی یعنی ۔۔۔ لئی جب کہی امام سمع اللہ لمن حمدہ بیچ رکعت آخر کی اور آمین کہین وہ لوگ
کہ پیچہے ہین یعنی مصدی نقل کیے یہہ احمد ابوداؤد نے و اذا جلس للتشهد التحیات لله والصلوٰة
والطیبات السلام علیک ایها النبی ورحمة الله وبرکاته السلام علینا وعلی عباد الله

الصَّالِحِينَ اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُولُهٗ ع سنی ہو اور جب
بیٹھی واسطے التحیات کی یہہ ہی سب عبادتین زبان کی اور عبادتین بدن کے اور عبادتین مال کی ثابت ہین واسطی خدا
سلام ہووی تہرا ای نبی اور رحمت خدا کی اور برکتین اوسکی سلام ہی ہمپر یعنی جو حاضر ہین مسلمان اور اوپر بندو
نیکبخت خدا کی گواہی دیتا ہون مین یہہ کہ نہین کوئی معبود مگر اللہ اور گواہی دیتا ہون مین یہہ کہ تحقیق محمد
بندی اوسکی ہین اور رسول اوسکی نقل کیے یہہ صحاح ستہ مین اور بیہقی نی **ف** مذہب حنفیہ میں
تشہد یہی ہی جسکی روایت کی ہی ابن مسعود سی اور اوپر بندون نیکبخت خدا کی یعنی خواہ حاضر ہون یا غائب
اور بندہ صالح وہ ہی کہ حق بندگی کا ویسا ادا کری جیسی حکم کیا گیا ہی ساتھ اسکی اور استقامت کری کہ کسی طرح
خلل اور فساد ظاہر اور باطن اوسکے مین راہ نپاوی اور حضرت غوث الثقلین رض نی لکہا ہی کہ صلاح ایک
حالت ہی کہ زوال اور فنا ارادہ اپنی کا ہو اور قائم ہو مراد حق پر کذا ذکر الفخر اَلتَّحِيَّاتُ الْمُبَارَكَاتُ
اَلصَّلَوَاتُ الطَّيِّبَاتُ لِلّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا
وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِينَ اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ م ع ه
حب ہہ عبادتین زبان کی بابرکت اور عبادتین بدن کے اور عبادتین مالی واسطی خدا کی ہین سلام ہووے
تہرا ای نبی اور رحمت اللہ کی اور برکتین اوسکی سلام ہے ہمپر اور اوپر بندون نیکبخت خدا کی گواہی دیتا ہون مین یہہ کہ
نہین کوئی معبود مگر اللہ اور گواہی دیتا ہون مین یہہ کہ تحقیق محمد رسول اللہ کی ہین نقل کیے یہہ مسلم اور چارون نے
اور ابن حبان نے **ف** مختار اکثر شافعیہ کی یہی تشہد ہی اَلتَّحِيَّاتُ الطَّيِّبَاتُ الصَّلَوَاتُ لِلّٰهِ اَلسَّلَامُ
عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِينَ اَشْهَدُ
[illegible] اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُولُهٗ م د س
[illegible] عبادتین زبانی اور عبادتین مالی اور عبادتین بدنی واسطی خدا کی ہین سلام ہووے تہرا ای نبی اور رحمت اللہ کی
اور برکتین اوسکی سلام ہی ہمپر اور اوپر بندون نیکبخت خدا کی گواہی دیتا ہون مین یہہ کہ نہین کوئی معبود

مگر اللہ اکیلا ہی وہ نہیں کوئی شریک اوسکا اور تحقیق محمد بندی ہی اوسکی ہین اور رسول اوسکی نقل کی یہہ مسلم ابو داؤد نسائی
ابن ماجہ نی اَلتَّحِیَّاتُ الطَّیِّبَاتُ وَالصَّلَوَاتُ وَالْمُلْکُ لِلّٰہِ ۔ ت : عبادتین زبانی اور بدنی
اور مالی اور عبادتین بدنی اور بادشاہت واسطی خدا کی ہی نقل کی یہہ ابو داؤد نی بِسْمِ اللّٰہِ وَبِاللّٰہِ اَلتَّحِیَّاتُ
لِلّٰہِ وَالصَّلَوٰتُ وَالطَّیِّبَاتُ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّهَا النَّبِیُّ وَرَحْمَةُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُهٗ اَلسَّلَامُ
عَلَیْنَا وَعَلٰی عِبَادِ اللّٰہِ الصَّالِحِیْنَ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰہُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ
مو مس ۔ شروع کرتا ہون مین ساتھ نام اللہ کی اور ساتھ توفیق اسکی عبادتین زبانی
واسطی خدا کی ہین اور عبادتین بدنی اور عبادتین مالی بھی سلام ہووی تمہاری نبی اور رحمت خدا کی اور برکتین اوسکی
سلام ہی ہمپر اور اوپر بندون نیکبخت خدا کی گواہی دیتا ہون مین یہہ کہ نہین کوئی معبود مگر اللہ اور گواہی دیتا ہون
مین یہہ کہ محمد بندی ہی اوسکی ہین اور رسول اوسکی نقل کی یہہ نسائی ابن ماجہ حاکم نی ف : بیچ اذکار نووی کی ہی کہ نسائی
اور بخاری نی کہا ہی کہ زیادتی بسم اللہ کی اول تشہد مین صحیح نہین ہی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سی اور کسی محدث نی
تشہد اختیار بھی نہین کیا ہی کذا ذکر الفخر اَلتَّحِیَّاتُ لِلّٰہِ الزَّاکِیَاتُ لِلّٰہِ الطَّیِّبَاتُ الصَّلَوَاتُ لِلّٰہِ
اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّهَا النَّبِیُّ وَرَحْمَةُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُهٗ اَلسَّلَامُ عَلَیْنَا وَعَلٰی عِبَادِ اللّٰہِ الصَّالِحِیْنَ
اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰہُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ ۔ مو مس طا : عبادتین زبانی
خدا کی لئی ہین اور عبادتین مالی خدا کی لئی ہین او عبادتین مالی خدا کی لئی ہین اور عبادتین بدنی خدا کی لئی ہین سلام ہووی
تمہاری نبی اور رحمت اللہ کی اور برکتین اوسکی سلام ہی ہمپر اور اوپر نیک بندون خدا کی گواہی دیتا ہون مین یہہ کہ نہین کوئی معبود
مگر خدا اور گواہی دیتا ہون مین یہہ کہ تحقیق محمد بندی خدا کی ہین اور رسول اوسکی نقل کی یہہ موقوفا حاکم اور موطا نی ف : تشہد
امام مالک نی اختیار کی ہی اور مراد پہلی عبادت مالی سی شاید وہ ہو کہ ملک ہو ریاسی اور دوسری سی حلال واللہ اعلم بسم اللہ
وَبِاللّٰہِ خَیْرِ الْاَسْمَاءِ اَلتَّحِیَّاتُ الطَّیِّبَاتُ الصَّلَوَاتُ لِلّٰہِ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰہُ
وَحْدَهٗ لَا شَرِیْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ اَرْسَلَهٗ بِالْحَقِّ بَشِیْرًا وَّنَذِیْرًا وَّاَنَّ السَّاعَةَ

لاریب فیہا السلام علیک ایہا النبی ورحمۃ اللہ وبرکاتہ السلام علینا وعلی عباد اللہ الصالحین

اللہم اغفرلی واہدنی + طٰس * شروع کرتا ہون مین ساتہہ نام خدا کی اور ساتہہ توفیق خدا کی کہ بہترین نامونکا

ہی عبادتین زبانی کی اور عبادتین مالی کی اور عبادتین بدنی کی واسطی خدا کی ہین گواہی دیتا ہون مین یہہ کہ نہین کوئی معبود مگر

خدا تنہا نہین کوئی شریک اوسکا اور گواہی دیتا ہون مین یہہ کہ تحقیق محمد بندی خدا کی ہین اور رسول اوسکی بہیجا

اونکو ساتہہ دین حق کی حال یہہ کہ وہ خوشخبری دینی والی ہین یعنی مومنون کو ساتہہ بہشت کی اور ڈرانی والی

ہین یعنی کافرون کو ساتہہ دوزخ کی اور گواہی دیتا ہون کہ تحقیق قیامت آنی والی ہی نہین شک اوسمین سلام

ہووی تمہاری نبی اور رحمت خدا کی اور برکتین اوسکی سلام ہووی ہمپر اور اوپر بندون نیکبخت خدا کی یا اللہ بخش مجکو

اور راہ دکہا مجکو نقل کی ہی طبرانی نی کبیر مین اور اوسط مین ف ازبس کہ اس زمانی کی متعصبون کی مزاج

مین اوٹہانی اونگلی کی بیچ التحیات مین انحراف واقع ہوا ہی لیکن اونہون نی [illegible] اور درستی کا دیا ہی اسلی

ضرور ہی کہ بہائی مسلمانونکی خیرخواہی کی لئی کتنی ایک روایتین حدیث اور فقہ کی کہ اسکی سنت ہونی مین واقع ہو

ئی بیان ہووین تا راہ راست پر مستقیم ہووین شیخ مجد الدین فیروزآبادی قاموس کی مصنف نی کہ سردار

محدثین کی ہین سفر السعادت مین کہ اوسمین عبادتین اور عادتین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی جو کہ حدیثون صحیح

سی ثابت ہوئی ہین قطع نظر مذاہب فقہا سی کرکر لکہین ہین لکہا ہی کہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم التحیات مین بیٹہتی

دایان ہاتہہ داہنی ران پر رکہتی اور بطور گنتی ترپن کی تین اونگلیان بند کرتی اور اونگلی شہادت کو کلمہ

شہادت مین اوٹہاتی اور حرکت دیتی شارح اس کتاب کی یعنی حضرت شیخ عبد الحق یہہ فرماتی ہین کہ عقد اونگلیون کا

داہنی ہاتہہ کا کیفیت مذکورہ پر اور اشارہ ساتہہ اونگلی شہادت کی حدیثون صحیح مین واقع ہوا ہی

[illegible] شی اس باب مین حدیثین وارد ہوئی ہین اور یہی مذہب ائمہ حدیث کا اور فقہای مجتہدین کا

[illegible] صحابیون اور تابعیون کا اور حق یہہ ہی کہ مذہب ا [illegible] حنفین کا یہی ہی اور متقدمین

[illegible] نی تصریح کی ہی ساتہہ اسکی مگر متاخرین مین ایک ذرہ خلاف واقع ہوا ہی تمام ہوا کلام شیخ

اور امام محمد نی موطا اور کتاب مشیخت مین صریح بیان کیا ہی اشارہ سبحہ کا اور حدیث آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سی ثابت
کی ہی کہ کرتی تہی حضرت اشارہ بعد اوسکی کہا کہ جو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کرتی تہی ہم بہی کرتی ہین اور یہی ہی قول ابو حنیفہ کا
اور قول ہمارا اور اسیطرح صغانی شارح ہدایہ نی اور نہایہ مین مبسوط سی شیخ الاسلام نی بہی اسیطرح نقل کیا ہی اور
شیخ ابو المکارم نی شرح مختصر وقایہ مین مضمرات سی نقل کیا ہی کہ یہہ سنت ہی بموجب قول امام اعظم اور امام محمد
رحمہما اللہ کی اور علامہ نجم الدین زاہدی نے نقل کیا ہی کہ متفق ہین روایتین تینون اماموں کی کہ یہہ سنت ہی اور
اسی طرح بہت مدینہ والی اور کوفہ والی اسکا عقیدہ رکہتے ہین اور معدن شرح کنز مین مجتبی سی نقل کیا ہی کہ سنت ہی نماز مین اوٹہانا
سبابہ داہنی ہاتہہ کا التحیات مین نزدیک ابو حنیفہ اور محمد اور شافعی [redacted] اور روایت کیا گیا ہی ابو یوسف
اور مالک اور احمد بن حنبل وغیرہم سی اور فتوی اسی پر ہی کذا فی الدرر اور بعضی شروح نقایہ مین مذکور ہی کہ
جمیع اصحاب ہمارے سی روایت کی گئی ہی کہ اوٹہانا سبابہ کا سنت ہی اور تحفہ مین لکہا ہی مستحب ہی وہو الاصح اور
بہت سی روایتین آئی ہین اختصار کی لئی اسی پر کفایت کیا ورنہ اگر سب لکہی جاتین تو ایک دفتر بن جاتا پس ضرور ہوا
عمل کرنا اسپر اللہ تعالی ہم سبکو اتباع رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کی توفیق دی اور فعل رسول صلی اللہ علیہ وسلم
کو خلاف وقار کی کہنا کمال نادانی ہی اس لئی کہ بحسب اس قول کی رکوع سجود مین بہی خلاف وقار وسکون کا لازم
آتا ہی عین ادب اور سکون محض اتباع سرور عالم مین ہی کمال نفسانیت ہی کہ اتنی روایتون پر کہ قریب تواتر کی ہین عمل نکرنا اور
ط اور جو چاہی مدد یعنی اللہ تعالی کی جانب سی کسی امر مین پس چاہیی کہ کہی ای بندون خدا کی مدد کرو میری ای بندون خدا کی مدد کرو میری ای
بندون خدا کی مدد کرو میری نقل کیے یہہ طبرانی نی ف فرمایا ہی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نی کہ جب کوئی
کچہہ چیز گم کری یا چاہی مدد اور حال یہہ کہ وہ ایسی زمین مین ہو کہ کوئی انیس و ہمنشین اوسکا نہین ہی پس چاہیی کہ
کہی یا عِبَادَ اللّٰہِ اَعِیْنُوْنِیْ پس اللہ تعالی کے بندی ہین کہ ہم نہین دیکہتی کذا ذکرہ العلی والفخر وَقَدْ جُرِّبَ
ذٰلِكَ ط اور تحقیق آزمایا گیا ہی یہہ امر نقل کیے یہہ طبرانی نی ف یہہ قول راوی کا ہی میرک شاہ نی
بعض علماء ثقات سی نقل کیا ہی کہ یہہ حدیث حسن ہے اور محتاج ہین طرف اسکی تمام مسافر اور مشائخ سی روایت کی
گئی ہے کہ یہہ مجرب ہی اس مقدمہ مین اور نزدیک ہی ساتہہ اسکی فتح مقصود کذا ذکرہ الفخر والعلی وَاِذَا اَتٰی
عَلٰی مَکَانٍ مُرْتَفِعٍ قَالَ اَللّٰھُمَّ لَكَ الشَّرَفُ عَلٰی کُلِّ شَرَفٍ وَّلَكَ الْحَمْدُ عَلٰی کُلِّ حَالٍ اَصٍ ی
اور جب چڑہی کوئی جگہہ بلند پر کہی یا اللہ واسطی تیری بزرگی ہی ہر بلندی پر یعنی قدر اور مرتبہ تیرا بلند ہی ہر بلندی
سی اور تیری لئی سب تعریف ہی ہر حال نقل کیے یہہ احمد ابو یعلی ابن سنی نی وَاِذَا رَاٰی بَلَدًا یُرِیْدُ
دُخُوْلَھَا قَالَ حِیْنَ یَرَاھَا اَللّٰھُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَمَا اَظْلَلْنَ وَرَبَّ الْاَرَضِیْنَ
السَّبْعِ وَمَا اَقْلَلْنَ وَرَبَّ الشَّیٰطِیْنِ وَمَا اَضْلَلْنَ وَرَبَّ الرِّیَاحِ وَمَا ذَرَیْنَ فَاِنَّا نَسْئَلُكَ
خَیْرَ ھٰذِهِ الْقَرْیَةِ وَخَیْرَ اَھْلِھَا وَنَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّھَا وَشَرِّ اَھْلِھَا وَشَرِّ مَا فِیْھَا
س حب مس ط اور جب دیکہی اوس شہر کو کہ چاہتا ہی داخل ہونا اوسمین کہی جب کہ دیکہی اوسکو یا

بیان مدد مانگنے کا

بیان بلند جگہہ پر چڑہنے کا

بیان شہر میں جانے کا

یا اللہ پروردگار ساتون آسمانون کی اور اوس چیز کی کہ سایہ ڈالا ہی انہون نی اور ای رب ساتون زمینون کی
اور اوس چیز کی کہ اوٹھایا ہی انہون نی اور ای رب شیطانون کی اور اونکی کہ گمراہ کیا ہی شیطانون نی
اونکو اور ای رب ہواونکی اور اوس چیز کی کہ پراگندہ کرتی ہین ہوائین پس تحقیق ہم مانگتی ہین بہلائی اس شہر کی
اور بہلائی شہر والون کی اور پناہ پکڑتی ہین ساتھ تیری برائی اسکی سی اور برائی رہنی والون اسکی سی اور
برائی اوس چیز کیسی کہ اسمین ہی نقل کی یہہ نسائی ابن حبان حاکم نی ف بہلائی شہر کی یہہ ہی کہ داخل
ہونا مبارک ہو یعنی سبب طاعت اور عبادت اور عافیت کا ہو اور بہلائی شہر والون کی یہہ کہ نیکبخت
ہون اور صحبت اونکی باعث بی مزگی کی نہو اَسْئَلُكَ خَيْرَهَا وَخَيْرَ مَا فِيهَا وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّهَا وَشَرِّ مَا فِيهَا ط
مانگتا ہون مین تجہسی بہلائی شہر کی اور بہلائی اوس چیز کی کہ اسمین ہی اور پناہ مانگتا ہون مین ساتھ تیری برائی اوسکی سی اور برائی اوس چیز
کیکہ اسمین ہی نقل کی یہہ طبرانی نی و عِنْدَ مَا يُرِيْدُ اَنْ يَّدْخُلَهَا اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْهَا ثَلٰثَ مَرَّاتٍ اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنَا جَنَاهَا
وَحَبِّبْنَا اِلٰى اَهْلِهَا وَحَبِّبْ صَالِحِيْ اَهْلِهَا اِلَيْنَا ط س یعنی اور جسوقت ارادہ داخل ہونی شہر کی

بیان منزل مین اوترنیکی اور شب خیر مین مسافر کو

یا اللہ برکت دی واسطی ہمارے شہر مین یہہ تین بار یا اللہ نصیب کر ہمکو میوی اسکی اور دوست کر ہمکو
طرف شہر والون کی اور دوست کر نیکبخت شہر والون کو طرف ہمارے نقل کی یہہ طبرانی نی اوسط
مین و اِذَا نَزَلَ مَنْزِلًا اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ فَاِنَّهٗ لَمْ يَضُرُّهٗ شَيْءٌ حَتّٰى
يَرْتَحِلَ م ت س ق ا ط مص یعنی اور جب اوترے مسافر منزل مین تو پڑہے پناہ پکڑتا ہون مین
ساتھ کلمون پوری خدا کی برائی اوس چیز کیسی کہ پیدا کی پس تحقیق نہین ضرر کرنی کی پڑہنی والی کو کوئی
چیز یہان تلک کہ کوچ کری نقل کی یہہ مسلم ترمذی نسائی ابن ماجہ احمد طبرانی ابن ابی شیبہ نی و اِذَا
اَمْسٰى وَاَقْبَلَ اللَّيْلُ يَا اَرْضُ رَبِّيْ وَرَبُّكِ اللّٰهُ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ شَرِّكِ وَشَرِّ مَا خُلِقَ
فِيْكِ وَشَرِّ مَا يَدِبُّ عَلَيْكِ وَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ اَسَدٍ وَاَسْوَدَ وَمِنَ الْحَيَّةِ وَالْعَقْرَبِ
وَمِنْ شَرِّ سَاكِنِي الْبَلَدِ وَمِنْ وَالِدٍ وَّمَا وَلَدَ د س مس یعنی اور جب شام کری مسافر اور آوی رات

بڑی ای زمین رب میرا اور رب تیرا اللہ ہی پناہ پکڑتا ہون مین ساتھہ اللہ کی برائی تیری سی یعنی خسف وغیرہ سے
اور برائی اوس چیز کیسی کہ پیدا کی گئی بیچ تجھ مین یعنی سانپ وغیرہ اور برائی اوس چیز کیسی کہ چلتی ہی اوپر تجھ یعنی حیوانات
اور جن انس اور پناہ پکڑتا ہون ساتھہ اللہ کی برائی شیر کیسی اور اژدہای کالی کیسی اور ہر طرح کے سانپ کیسی اور
بچھو کیسی اور برائی رہنی والون شہر کیسی یعنی جنات یا آدمی اور برائی جنی والی کیسی یعنی آدمی یا ابلیس اور
جنی گئی کیسی یعنی اولاد آدمی یا اولاد ابلیس نقل کی یہہ ابو داود نی حاکم نی وَ وَقْتِ السَّحَرِ يَقُولُ
سَمَّعَ سَامِعٌ بِحَمْدِ اللهِ وَنِعْمَتِهِ وَحُسْنِ بَلَائِهِ عَلَيْنَا رَبَّنَا صَاحِبْنَا وَأَفْضِلْ عَلَيْنَا عَائِذًا
بِاللهِ مِنَ النَّارِ م د س عو اور پچھلی رات کو کہی مسافر سنی سننی والی نی تعریف کرنی میری خدا کو اور
اقرار میرا ساتھہ نعمت اوسکی کی اور خوبی نعمت اوسکی کی ہم پر ای رب ہمارے یار ہو یعنی مددگار ہمارا اور فضل
کر ہم پر کہتا ہون یہہ کلام پناہ چاہتا ہوا ساتھہ خدا کی آگ سی نقل کی یہہ مسلم ابو داود نسائی ابو عوانہ نے
وَقَالَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَتُحِبُّ يَا جُبَيْرُ إِذَا خَرَجْتَ فِي سَفَرٍ أَنْ تَكُونَ أَمْثَلَ أَصْحَابِكَ
هَيْئَةً وَأَكْثَرَهُمْ زَادًا م اور فرمایا پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نی چاہتا ہی تو ای جبیر کہ جب نکلی تو سفر مین
یہہ کہ ہووی تو بہتر یارون اپنی سی ہیئت مین یعنی صورت و حال مین اور بہت زیادہ اونکا از روی توشہ کی
ف یعنی بہت مال والا اور بہت فراخی اور کمال و جمال والا ہو جاوی فَقُلْتُ نَعَمْ بِأَبِي أَنْتَ
وَأُمِّي قَالَ فَاقْرَأْ هٰذِهِ السُّوَرَ الْخَمْسَ قُلْ يَا أَيُّهَا الْكَافِرُونَ وَإِذَا جَاءَ نَصْرُ اللهِ وَقُلْ هُوَ اللهُ
أَحَدٌ وَقُلْ أَعُوذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ وَقُلْ أَعُوذُ بِرَبِّ النَّاسِ وَافْتَتِحْ كُلَّ سُورَةٍ بِبِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ
الرَّحِيمِ وَاخْتِمْ قِرَاءَتَكَ بِهَا قَالَ جُبَيْرٌ وَكُنْتُ غَنِيًّا كَثِيرَ الْمَالِ فَكُنْتُ أَخْرُجُ فِي سَفَرٍ
فَأَكُونُ أَبَذَّهُمْ هَيْئَةً وَأَقَلَّهُمْ زَادًا م پس عرض کیا مینی ہان فدا ہون تجھ پر باپ میرا اور مان میری فرمایا پس پڑھہ یہہ پانچ
سورتین قل یا اور اذا جاء اور قل ہو اللہ اور قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس اور شروع کر ہر سورت
کو ساتھہ بسم اللہ کی اور ختم کر قرات اپنی ساتھہ بسم اللہ کی یعنی سب چھہ ہونگی کہا جبیر نی اور تہا مین غنی بہت مال

بس تہا مین کہ نکلتا تہا سفر مین پس ہو جاتا تہا بہت تباہ حال یا رونہی ہیئتین اور کمتر اونکی توشہ مین

ف یعنی باوجود کثرت مال کی بدہیئت اور مفلس ہو جاتا مین بسبب ضائع ہونی مال کے اور بی ...

فَمَا ذٰلِكَ مُنْذُ عَلِمْتُهُنَّ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَرَأْتُ بِهِنَّ اَنْ كُنْتُ مِنْ

هَيْئَةً وَاَكْثَرِهِمْ زَادًا حَتّٰى اَرْجِعَ مِنْ سَفَرِيْ ** حص ** پس ہمیشہ رہا مین جب کی سیکہین مینی یہہ صورتین

رسولخدا صلی اللہ علیہ وسلم سی اور مداومت کی انکی پڑہنی کی ہوا مین بہترین اونکی ہیئت مین اور زیادہ

ترین اونکیسی توشہ مین یہان تلک کہ پہرتا مین سفر اپنی سی نقل کیے یہہ ابویعلی نے مَا مِنْ رَاكِبٍ يَخْلُوْ فِيْ

مَسِيْرِهِ بِاللّٰهِ وَذِكْرِهِ اِلَّا رَدِفَهُ اللّٰهُ مَلَكًا وَلَا يَخْلُوْ بِشِعْرٍ وَنَحْوِهِ اِلَّا رَدِفَهُ شیطان

ط ** نہین کوئی سوار کہ خالی ہوا ہو دنیا سی چلنی اپنی مین اور مشغول ہو دل اوسکا ساتہ اللہ کی اور زبان ساتہ

ذکر اوسکی کی مگر پیچہی اوسکی سوار کرتا ہی اللہ تعالی فرشتہ کو اور نہین خالی ہوتا ذکر اوسکی سی اور مشغول ہوتا

ہی ساتہ شعر کی یعنی شعر بری کی اور مانند اوسکی کے یعنی ساتہ کلام دنیا اور بیفائدہ کی مگر پیچہی سوار کرتا ہی اللہ

اوسکی شیطان کو نقل کیے یہہ طبرانی نی ف یعنی جو کوئی سواری کی وقت یاد خدا کی کرتا ہی اوسکی پیچہی

اللہ تعالی فرشتہ متعین کرتا ہی کہ نگہبان اور مددگار رہوتا ہی اور تعلیم نیکی کی کرتا ہی اور بدیسی باز رکہتا ہی والا شیطان

بیان حج کا

متعین ہوتا ہی اور بری راہ بتاتا ہی کہتا ذکر الفجر وَاِنْ كَانَ فِيْ حَجٍّ فَاِذَا اسْتَوَتْ بِهِ رَاحِلَتُهُ عَلَى

الْبَيْدَاءِ حَمِدَ اللّٰهَ وَسَبَّحَ وَكَبَّرَ ** خ ** اور جو ہووی بیچ سفر حج مین پس جب ٹہیری ساتہہ

سواری اوسکی بیدا پر الحمد للہ کہی اور سبحان اللہ اور اللہ اکبر کہی نقل کیے یہہ بخاری نی ف بیدا نام

ایک جگہہ بلند کا ہی درمیان مکہ اور مدینہ کی آگی ذو الحلیفہ کی جانب مکہ کی فَاِذَا اَحْرَمَ لَبّٰى لَبَّيْكَ اللّٰهُمَّ

لَبَّيْكَ لَبَّيْكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ لَبَّيْكَ اِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ

ع ** پس جب احرام باندہی لبیک کہی اسطرح حاضر ہون مین خدمت تیری مین یا اللہ حاضر ہون خدمت تیری مین

حاضر ہون خدمت تیری مین نہین کوئی شریک تیرا حاضر ہون خدمت تیری مین تحقیق تعریف اور نعمت تیری ہی

لبیک یعنی انعام و احسان بندون پر تیری ہی جانب سی ہی اور ملک تیری ہی لیی ہی نہین کوئی شریک تیرا یہہ صحاح ستہ مین ہی **ف** کیونکہ
احرام مین کتنی چیزون کو حرام کر لیا ہوتا ہی خواہ احرام حج کا ہو یا عمرہ کا تفصیل اوسکی فقہ مین دیکھیی اور قصد کرنی والی حج کا
چاہئی کہ اول طہارت و غسل کری اور کپڑی بن سیی یعنی بن بنی ہوئی بدن پر پہنی اور خوشبو بدن کو لگا دی اور دو رکعت پڑہی پہلی مین الحمد
اور قل یا اور دوسری مین الحمد قل ہو اللہ پڑہی کہ یہہ سنت ہی پہر نیت احرام کی کری اور اگر بدون نماز کی بہی احرام باندہی جائز ہی لیکن مکروہ
اور بعد نماز کی لبیک کہی اور بعد اوسکی سید کائنات پر درود بہیجی اور لبیک کہنی بعد نماز کی ہماری نزدیک سنت
ہی اور فرض احرام کی دو ہین نیت اور مطلق ذکر لبیک ہو یا سوا اوسکی اور ہوا اور سوا انکی اور چیزین سنت ہین
یا مستحب اور لبیک کہنی ہماری حج مین ایکبار فرض ہی اور بار بار سنت اور مستحب ہی کہ جب لبیک کہی تین بار
سی کم نہ کہی اور زبان سی کہی ولسی کہنا مفید نہین کذا ذکرہ الفخر لَبَّيْكَ لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ وَالْخَيْرُ
بِيَدَيْكَ لَبَّيْكَ وَالرَّغْبَاءُ إِلَيْكَ وَالْعَمَلُ لَبَّيْكَ * م و مر عه * حاضر ہون مین خدمت
تیری مین حاضر ہون خدمت تیری مین اور مستعد ہون طاعت پر اور بہلائی ہاتہون تیری مین ہی یعنی قبضہ قدرت
و تصرف تیری مین حاضر ہون خدمت تیری مین اور رغبت طرف تیری ہی اور عمل طرف تیری چڑہتی ہین حاضر
ہون خدمت تیری مین نقل کیے یہہ موقوفا مسلم اور چارون نی لَبَّيْكَ إِلٰهَ الْحَقِّ لَبَّيْكَ * س ق
حب مس * لبیک کہتا ہون ای معبود برحق لبیک نقل کیے یہہ نسائی ابن ماجہ ابن حبان حاکم نی وَإِذَا
فَرَغَ مِنْ تَلْبِيَتِهِ سَأَلَ اللّٰهَ مَغْفِرَتَهُ وَرِضْوَانَهُ وَاسْتَعْتَقَهُ مِنَ النَّارِ * ط * اور جب فراغت
پاوی لبیک کہنی سی مانگی خدا تعالی سی بخشش اوسکی اور خوشنودی اوسکی اور مانگی اوس سی آزادگی آگ سی نقل
کی یہہ طبرانی نی **ف** چنانچہ حدیث شریف مین یہہ دعا آئی ہی پڑہنی بلکہ بعد لبیک کی پڑہنا اسکا سنت ہی
اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ مَغْفِرَتَكَ وَرِضَاكَ عَنِّي فِي دَارِ الْقَرَارِ وَأَنْ تُعْتِقَنِي مِنَ النَّارِ کذا ذکرہ الفخر فَإِذَا طَافَ
كُلَّمَا أَتَى الرُّكْنَ كَبَّرَ * خ * پس جب طواف کری جب کہ آوی رکن اسود کی پاس تکبیر کہی نقل کی یہہ بخاری نی
ف جہان فقط رکن مذکور ہوتا ہی اوس سی وہ رکن مراد ہوتا ہی جسمین حجر اسود ہی پس جب وہان آوی اوسکی

بسم اللہ الحمد للہ لا الہ الا اللہ اور درود اور اللہ اکبر کہہ کر طواف شروع کرے پھر جب ایک دورہ کر چکے اسکو
شوط کہتے ہیں اسیطرح کرے پس سات شوط یونہی ادا کرے اور جب تکبیر کہے دونوں ہاتھ کندھے تک اوٹھا کر ہتھیلیاں اپنے
حجر اسود کی کرے پھر بوسہ دے اور طور بوسہ کا یہہ ہے کہ دونوں ہاتھ حجر اسود پر رکھکر درمیان اونکے مونہہ رکھکر
بوسہ دے مگر اسطرح کہ آواز نہ آوے اور جو مونہہ سے نہیں دے سکتا ہے ہاتھ لگا کر چومے جو یہہ بھی نہ ہو سکے
تو لکڑی وغیرہ لگا کر اوسے چومے یہہ موافق تصریح صدا دے کی ہے اور جو یہہ بھی نہ ہو سکے دونوں ہاتھوں سے
اوسکی طرف اشارہ کرے اور مستحب ہے کہ حجر اسود پر سجدہ کرے اور بوسہ دے تین بار یونہی کرے کذا ذکر
الفخر وَيَقُولُ بَيْنَ الرُّكْنَيْنِ رَبَّنَا آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً وَقِنَا عَذَابَ
النَّارِ ۔ د س حب مس ۔ اور کہے درمیان دونوں رکنوں کے اے رب ہمارے دے ہمکو دنیا میں
اور آخرت میں نیکی اور بچا ہمکو عذاب آگ کیسے نقل کیے یہہ ابو داؤد نسائی ابن حبان حاکم نے ف
کعبہ کے چار کونے ہیں دو کو عراقی اور شامی کہتے ہیں اور دو کو رکن اسود اور رکن یمانی اور کبھی ان دونوں کو بھی
رکنین یمانین کہتے ہیں یہاں وہی مراد ہیں یعنی رکن اسود اور رکن یمانی کہ جانب جنوب کے ہیں کذا ذکرہ الفخر
وَكَذَلِكَ بَيْنَ الرُّكْنِ وَالْحِجْرِ ۔ مو مص ۔ اور اسیطرح یعنی یہی دعا پڑہے درمیان رکن اسود کے اور حجر کے
نقل کیے یہہ موقوفاً ابن ابی شیبہ نے ف حجر کہتے ہیں کعبہ کی دیوار کو کہ جانب شمال کعبہ کے ہے آگے یہہ
دیوار کعبے کی تھی اب اسکو پرے چھوڑ کر ورے دیوار کعبے کی بناتے ہیں حجر بطور آدھے دائرہ کے ہے بقدر اٹھائیس گز
کے کذا ذکرہ الفخر وَفِي الطَّوَافِ ۔ مس ۔ أَوْ بَيْنَ الرُّكْنِ وَالْمَقَامِ ۔ مو مص ۔ اور پڑہے یہی طواف
میں نقل کیے یہہ حاکم نے یا درمیان رکن اور مقام ابراہیم کے نقل کی یہہ موقوفاً ابن ابی شیبہ نے ف یعنی
حاکم نے مطلق طواف میں اگلی کی دعا پڑہنے روایت کی ہے اور ابن ابی شیبہ نے خاص درمیان رکن اسود اور
مقام ابراہیم کے اَللّٰهُمَّ قَنِّعْنِي بِمَا رَزَقْتَنِي وَبَارِكْ لِي فِيهِ وَاخْلُفْ عَلَى كُلِّ غَائِبَةٍ لِي بِخَيْرٍ ۔ مس
مو مص ۔ یا اللہ قناعت دے مجکو ساتھ اوس چیز کے کہ نصیب کی تونے مجکو اور برکت دے میرے لئے اوسمیں اور خلیفہ ہو

لَا اِلٰهَ فی ابن ابی شیبہ موقوفا اور حاکم نی یہہ نقل کی اسکی ساتھ بہا ہی کہ غائب ہی میری حفیر پہہ او نکہبان
اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ٭ موقوف
نہین کوئی معبود مگر خدا ایک ہی وہ نہین کوئی شریک اوسکا واسطی اوسکی پادشاہت ہی اور اوسکی لئی تعریف
ہی اور وہ ہر چیز پر قادر ہی نقل کی یہہ موقوفاً ابن ابی شیبہ نی **ف** یعنی ایک روایت ابن ابی شیبہ کی مین
یہہ کلمہ پہلی دعا کی ساتھہ زیادہ ہی فَاِذَا فَرَغَ مِنَ الطَّوَافِ تَقَدَّمَ اِلٰى مَقَامِ اِبْرَاهِيْمَ فَقَرَأَ
وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَقَامِ اِبْرَاهِيْمَ مُصَلًّى وَجَعَلَ الْمَقَامَ بَيْنَهٗ وَبَيْنَ الْبَيْتِ وَصَلّٰى رَكْعَتَيْنِ
فِي الْاُوْلٰى قُلْ يَا اَيُّهَا الْكَافِرُوْنَ وَفِي الثَّانِيَةِ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ٭ پس جب فراغت
پاوی طواف سی آوی طرف مقام ابراہیم کے پس پڑہی یہہ آیت اور نکرو مقام ابراہیم کو جای نماز
اور کری مقام ابراہیم کو درمیان اپنی اور درمیان کعبی کے اور پڑہی دو رکعت پڑہی پہلی رکعت مین
قل یا اور دوسری مین قل ہو اللہ **ف** مقام ابراہیم ایک پتہر ہی کہ حضرت ابراہیمؑ نی اوسپر
کہڑی ہوکر لوگون کو بحسب حکم آلہی کے حج کی لئی پکارا تہا چنانچہ وہ حکم بیچ آیت وَاَذِّنْ فِي النَّاسِ بِالْحَجِّ
کی مذکور ہی یعنی اعلام کر لوگون مین ساتھہ حج کی اوسپر نشان قدمون حضرت ابراہیم علیہ السلام کا ہی
اب سامنی کعبی کے ایک حجری مین ہی پس اوسکی پیچہی کہڑا ہوکر دوگانہ پڑہی کہ وہ اوسکی اور کعبی کے بیچ مین ہووی
یہہ دو رکعت ہر طواف کی بعد واجب ہین خواہ طواف نفل ہو یا فرض یا واجب اور یہہ جگہہ کہ اس نماز کی لئی
بیان ہوئی افضل ہی اگر اور جای بہی پڑہی جائز ہی کذا ذکر الفخر ثُمَّ يَرْجِعُ اِلَى الرُّكْنِ فَيَسْتَلِمُهٗ ثُمَّ
يَخْرُجُ مِنَ الْبَابِ اِلَى الصَّفَا ٭ پہر پہری طرف رکن کی یعنی حجر اسود کی پس چومی اوسکو یعنی دوبارہ
ہاتہہ وغیرہ سی چہووی پہر نکلی دروازہ مسجد کی سی یعنی باب الصفا سی طرف صفا کے **ف** سنت یہہ ہی
کہ فی الفور بقصد سعی کے صفا کی طرف نکلی بلا عذر تاخیر کرنی بری ہی اور عذر سی یا استراحت کی لئی واسطی دور کرنی
کی اگر تاخیر کری مضائقہ نہین کذا ذکر الفخر فَاِذَا دَنَا مِنْهُ قَرَأَ اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللّٰهِ اَبْدَأُ

بِمَا بَدَأَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ بِهِ فَبَدَأَ بِالصَّفَا حَتّٰى رَأَى الْبَيْتَ ۔ پس جب قریب ہوے صفا سے پڑہی یہہ آیت تحقیق
صفا اور مروہ نشانیوں خدا کی سے ہی پہر کہی ابتدا کرتا ہوں میں یعنی سعی میں ساتہہ اوس چیز کی کہ ابتدا کی اللہ عز وجل
نے ساتہہ اوسکی یعنی ساتہہ ذکر صفا کی پہر چڑہی صفا پر یہانتک کہ دیکہی خانہ کعبہ کو **ف** اگلی زمانی میں
کوٹہے کعبی کا صفا پرسے معلوم ہوتا تہا اب بنا حرم سے چہپ گیا ہی مگر بعض جگہہ صفا پر کہیں اگر دروازہ حرم کا کہلا
ہو تو بعض حصہ کعبہ کا معلوم ہوتا ہی کذا ذکرہ الفخر فَاسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ فَوَحَّدَ اللّٰهَ وَكَبَّرَهُ ۔ پس منہہ کیا قبلہ
کی طرف پس کہی وحدانیت خدا کی اور بڑائی اوسکی **ف** یعنی لا الہ الا اللہ اللہ اکبر کہی ور دونوں ہاتہہ کندہی
تک بطور دعا کی اوٹہاوے کذا ذکرہ الفخر وَقَالَ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ
وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِي وَيُمِيتُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ أَنْجَزَ وَعْدَهُ وَ
نَصَرَ عَبْدَهُ وَهَزَمَ الْأَحْزَابَ وَحْدَهُ ۔ اور کہی نہیں کوئی معبود مگر اللہ تنہا نہیں کوئی شریک اوسکا
اوسیکی لیے پادشاہت ہی اور اوسیکی لیے سب تعریف ہی وہی جلاتا ہی اور مارتا ہی اور وہ ہر چیز پر قادر ہی
نہیں کوئی معبود مگر اللہ تنہا پورا کیا وعدہ اپنا یعنی مکہ فتح ہوا اور تقویت دین کی ہوئی اور مدد کی بندہ اپنی
کی یعنی رسولخدا کی اور شکست دی کفار کی گروہوں کو تنہا **ف** یعنی غزوہ خندق میں کہ قریب بارہ ہزار کے
کی کفار سوای یہود قریظہ اور نضیر کی جمع ہوکر مدینہ پر آچڑہی تہی اور ارادہ لڑائی کا سرور عالم سے رکہتی تہی
اللہ تعالی نے ہوا کو اور لشکر ملائکہ کو اونپر متعین کیا کہ ہلاک اور خراب کیا اور یہہ کلمہ احتمال ہی کہ سوای توحید
وتکبیر کی فرمائی ہوں یا یہی بیان اوس توحید وتکبیر کا ہو کذا ذکرہ العلی ثُمَّ دَعَا بَيْنَ ذٰلِكَ وَقَالَ
مِثْلَ هٰذَا ثَلَاثَ مَرَّاتٍ ۔ پہر دعا کری درمیان میں اسکی اور کہی مانند اسکی تین بار **ف** یعنی کلمہ
وغیرہ پڑہی اور دعا کری تین بار ثُمَّ نَزَلَ إِلَى الْمَرْوَةِ حَتّٰى إِذَا انْصَبَّتْ قَدَمَاهُ فِي بَطْنِ الْوَادِي سَعٰى
حَتّٰى إِذَا صَعِدَتَا مَشٰى ۔ پہر اوترے صفا سے اور قصد کرے مروہ کا یہانتک کہ جب اوتریں دونوں پانو
اوسکی بیچ نشیب نالی کی دوڑے یہانتک کہ جب چڑہی دونوں پانو چلے **ف** یعنی جب نشیب نالی سے بلندی پر چڑہی

پہنچی تک سعی موقوف کری اور آہستہ چلی اور یہہ سعی یعنی جلدی انکی زمانی مین تہی اب برابر ہی مگر بجای سعی کرنی کی
نشانی بنادی ہی اوسکو میلین اخضرین کہتی ہین پس اوس جگہہ سعی کری ادای سنت کی لئی کذا ذکرہ الفخر

حَتّٰی اِذَا اَتَی الْمَرْوَةَ فَعَلَ عَلَی الْمَرْوَةِ كَمَا فَعَلَ عَلَى الصَّفَا * م د س ق عو * یہان تلک کہ
جب آوی مروی پر کری مروی پر جیسیکہ کیا تہا صفا پر نقل کی یہہ مسلم ابو داود نسائی ابن ماجہ ابو عوانہ نی

ف یعنی متوجہ قبلہ کو ہوکر تکبیرات وغیرہا کہی پہر مروی سی اوترکر صفا کو جاوی اور پہلی طرح سعی کری
سات بار یہہ نہین کری کہ صفا سی مروہ تلک ایک شوط ہوتا ہی اور مروہ سی صفا تلک دو شوط یہہ سات بار
سعی کرنی واجب ہی کذا ذکرہ الفخر اور ایک روایت مین یون آیا ہی وَاِذَا رَقِیَ الصَّفَا كَبَّرَ ثَلَاثًا وَيَقُولُ
لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ يَصْنَعُ
ذٰلِكَ سَبْعَ مَرَّاتٍ فَيَصِيرُ مِنَ التَّكْبِيرِ اِحْدٰى وَعِشْرُونَ وَمِنَ التَّهْلِيلِ سَبْعٌ وَيَدْعُو فِيمَا
بَيْنَ ذٰلِكَ وَيَسْئَلُ اللّٰهَ ثُمَّ يَهْبِطُ فَاِذَا رَقِيَ عَلَى الْمَرْوَةِ صَنَعَ كَمَا صَنَعَ عَلَى الصَّفَا حَتّٰى يَفْرُغَ
مِنْ سَعْيِهٖ * موطا مص * اور جب چڑہی صفا پر تکبیر کہی تین بار اور کہی نہین کوئی معبود مگر اللہ تنہا نہین
کوئی شریک اوسکا اوسکی لئی بادشاہت ہی اور اوسکی لئی تعریف ہی اور وہ ہر چیز پر قادر ہی کری یہ
یعنی تین بار تکبیر کہی اور ایکبار کلمہ پڑہنا سات بار پس ہونگی تکبیرین اکیس بار اور کلمی سات بار اور دعا کری درمیان
اسکی یعنی درمیان اسکی کہ مذکور ہوا سات بار پڑہتی ہی اور مانگی خدا تعالی سی پہر اوتری صفا سی پس جب
چڑہی مروی پر کری جیسیکہ کیا تہا صفا پر یہان تلک کہ فراغت پاوی سعی اپنی سی نقل کی یہہ موقوفا موطا نی مین
اور ابن ابی شیبہ نی وَيَدْعُو عَلَى الصَّفَا اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ قُلْتَ اُدْعُونِي اَسْتَجِبْ لَكُمْ وَاِنَّكَ
لَا تُخْلِفُ الْمِيعَادَ وَاِنِّي اَسْئَلُكَ كَمَا هَدَيْتَنِي لِلْاِسْلَامِ اَنْ لَا تَنْزِعَهٗ مِنِّي حَتّٰى
وَاَنَا مُسْلِمٌ * موطا * اور دعا کری اے اللہ تحقیق تو نی فرمایا ہی دعا کرو مجہ سی
اور تحقیق تو نہین خلاف کرتا ہی وعدی کو اور تحقیق مین مانگتا ہون تجہ سی کہ جیسی ہدایت کیا تو نی مجہکو

سلام کی نہ نکالی تو اوسکو مجھی یہان تلک کہ ماری تو مجکو اوس حالمین کہ مین مسلمان ہون یہہ موقوفاً طبرانی

نے وبین الصفا والمروۃ رب اغفر وارحم انت الاعز الاکرم * مو مص اور بیچ

درمیان صفا اور مروہ کی ای رب میری بخش اور رحم کر تو ہی غالب تر بزرگتر نقل کیے یہہ موقوفاً ابن ابی شیبہ نے

واذا سار الی عرفات لبّی وکبّر * مر د * اور جب چلی طرف عرفات کی لبیک کہی اور تکبیر نقل کی

مسلم ابو داود نی ف یعنی کبہی لبیک کہی راہ مین اور کبہی تکبیر لیکن علما نی لکہا ہی کہ لبیک کہنی سنت ہے

اور تکبیر کہنی جائز کذا ذکر الفخر وخیر الدعاء دعاء یوم عرفۃ وخیر ما قلت انا والنبیون

قبلی لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ لہ الملک ولہ الحمد وہو علی کل شیء قدیر *

ت * اور بہترین دعا کی دعا دن عرفہ کی ہی اور بہترین اوس چیز کا کہا مینی اور سب انبیا نی کہ پہلی

مجسی تھے یہہ ہی لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ لہ الملک ولہ الحمد وہو علی کل شیء قدیر نقل کیے یہہ ترمذی نے

اکثر دعائی ودعاء الانبیاء قبلی بعرفۃ لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ لہ الملک

ولہ الحمد وہو علی کل شیء قدیر اللہم اجعل فی قلبی نورا وفی سمعی نورا وفی بصری

نورا اللہم اشرح لی صدری ویسر لی امری واعوذ بک من وساوس الصدر

وشتات الامر وفتنۃ القبر اللہم انی اعوذ بک من شر ما یلج فی اللیل وشر ما

یلج فی النہار وشر ما تہب بہ الریاح * مص * بہت دعا میری اور دعا انبیا کی کہ پہلی مجسی تھے

دن عرفہ کی یہہ ہی لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ لہ الملک ولہ الحمد وہو علی کل شیء قدیر یا اللہ کر دل میری

مین روشنی اور سماعت میری مین روشنی اور بینائی میری مین روشنی یا اللہ کہول میری لیے سینہ میرا اور

آسان کر میری لیے سب کام میری اور پناہ پکڑتا ہون مین ساتھہ تیری وسوسون سینہ کیسی اور پراگندگی

کام کیسی اور فتنہ قبر کیسی یا اللہ تحقیق مین پناہ پکڑتا ہون ساتھہ تیری برائی اوس چیز کیسی کہ داخل ہوتی

ہی رات مین اور برائی اوس چیز کیسی کہ داخل ہوتی ہی دن مین یعنی قسم موذیات سی اور برائی اوس چیز کیسی

کہ چاہتا ہون اوسکی ہواؤن کی شر سے یعنی شیاطین و جنات تا آپکی یہہ ابن ابی شیبہ نی ف تکرکو دعا اسلی فرمایا
کہ تعریف کرنی کریم کی حقیقت مین دعا ہوتی ہی کنایۃً اور علامت شرح صدر کی حدیث شریف مین یہہ آئی ہی کہ بیزاری
ہو دنیا سی اور رجوع ہو طرف دار الخلود کی اور مستعد ہو واسطی موت کی پہلی آنی اوسکی سے اور مراد پناہ وسوسون
سینی کی سی پناہ اون چیزون سی ہے کہ باعث وسواس کی ہون یعنی نفس و شیطان اور پراگندگی کام
کی یعنی پراگندگی امر دین کی سبب مشغول ہونی کی ساتھہ امور دنیا کی اس سی بھی پناہ ہی اور فتنہ قبر کا یعنی
حیرانی جواب منکر و نکیر کی سی کذا ذکر الفخر ۔ اَلتَّلْبِيَةُ بِعَرَفَاتٍ سُنَّةٌ ۔ ش مس ۔ اور لبیک
کہنی عرفات مین سنت ہی نقل کی یہہ نسائی اور حاکم نی ف یعنی پہلی وقوف کی اور بعد وقوف کی رمی
جمار تلک لبیک کہنی سنت مؤکدہ ہی والا ہر حالت مین بعد احرام کی مستحب ہی لیکن شروع احرام مین
واجب ہی کذا ذکر العلی ۔ قَالَ لَمَّا وَقَفَ بِعَرَفَاتٍ وَقَالَ لَبَّيْكَ اللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ قَالَ إِنَّمَا الْخَيْرُ خَيْرُ
الْآخِرَةِ ۔ طس ۔ اور جب وقوف کری عرفات مین اور کہی حاضر ہون خدمت تیری مین یا اللہ حاضر ہون
خدمت تیری مین کہی بعد اوسکی سوا اسکی نہین کہ بھلائی بھلائی آخرت کی ہی نقل کی یہہ طبرانی نی اوسط مین فَإِذَا
صَلَّى الْعَصْرَ وَوَقَفَ بِعَرَفَةَ يَرْفَعُ يَدَيْهِ ۔ پس جب نماز پڑہی عصر کی اور وقوف کری عرفات مین اوٹھاتے
ہاتہہ اپنی ف عرفات مین عصر کی نماز ظہر کی ساتھہ پڑہ لیتی ہین اوسکی بعد عرفات مین وقوف کرتی ہین
یعنی ٹھہرتی ہین کہ یہہ وقوف فرائض حج سی ہی بعد دوپہر ڈھلنی تاریخ نوین کی تمام شب دسوین تلک وقت
وقوف کا ہی اگر ایک ساعت بھی اسمین وقوف کریگا فرض ادا ہوجاویگا اور سنت یہہ ہی کہ بعد غروب کی
وہان سی پھری کذا ذکر الفخر ۔ وَيَقُولُ اللّٰهُ أَكْبَرُ وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ اللّٰهُ أَكْبَرُ وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ اللّٰهُ أَكْبَرُ وَلِلّٰهِ
الْحَمْدُ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ اللّٰهُمَّ اهْدِنِي بِالْهُدٰى
وَنَقِّنِي بِالتَّقْوٰى وَاغْفِرْ لِي فِي الْآخِرَةِ وَالْأُولٰى ثُمَّ يَرُدُّ يَدَيْهِ فَيَسْكُتُ قَدْرَ مَا يَقْرَأُ
إِنْسَانٌ فَاتِحَةَ الْكِتَابِ ثُمَّ يَعُودُ فَيَرْفَعُ يَدَيْهِ وَيَقُولُ مِثْلَ ذٰلِكَ ۔ مو مص

اور اللہ کی لئی سب تعریف ہی اللہ بہت بڑا ہی اور اللہ کی لئی سب تعریف ہی اللہ بہت بڑا ہی اور اللہ کی لئی سب
تعریف ہی نہین کوئی معبود مگر اللہ تنہا نہین کوئی شریک اوسکا اوسیکی لئی پادشاہت ہی اور اوسیکی لئی تعریف ہی
یا اللہ دکہا مجکو راہ سیدہی اور پاک کر مجکو یعنی عیبون ظاہر اور باطن کی سبی بسبب تقوی کے اور بخش مجکو
امر آخرت مین اور دنیا مین یعنی جو گناہ امر دین و دنیا مین سرزد ہوئی ہین بخشدی پہر چہوڑ دی ہاتہہ اپنی
پہر چپکا رہی دعا پڑہنی سی بقدر پڑہنی آدمی کے الحمد کو پہر عود کری یعنی پہر دعا پڑہی پس اوٹہا دی ہاتہہ اپنی
اور کہی مانند اوسکی یعنی دعا وغیرہ پڑہی اتنا کہ پہر موقوف ابن ابی شیبہ نی وَاِذَا رَجَعَ وَاَتَی الْمَشْعَرَ الْحَرَامَ
اِسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ فَدَعَاهُ وَكَبَّرَهُ وَهَلَّلَهُ وَوَحَّدَهُ فَلَمْ يَزَلْ وَاقِفًا حَتّٰى اَسْفَرَ جِدًّا اور
دس ق عو اور جب پہری عرفات سی اور آوی مشعر الحرام پر موںہہ کری قبلہ کی طرف پس دعا کری خدا تعالی
سی اور ساتہہ تکبیر اور تہلیل اور توحید کے یاد کری اوسکو یعنی اللہ اکبر لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ
کہی پس ہمیشہ کہڑا رہی یہان تلک کہ روشن ہو وی صبح خوب نقل کی یہہ مسلم ابوداود نسائی ابن ماجہ ابو عوانہ
نی ف عرفات سی پہر کر رات کو مزدلفہ مین رہتی ہین کہ سنت موکدہ ہی وہان کا رہنا پہر صبح کی نماز اول
وقت پڑہ کر مشعر حرام پر کہ نام پہاڑ مزدلفہ کا ہی موقوف کرتی ہین مطلق وقوف کرنا وہان کا واجب ہی اگرچہ
ایک ساعت ہی ہو اور اسقدر کہ مذکور ہوا وقوف کرنا سنت ہی اور وقت وقوف کا طلوع صبح صادق
سی طلوع آفتاب تلک ہی اگر اسکی پہلی یا پیچہی کریگا معتبر نہین کذا ذکرا الفتح وَلَمْ يَزَلْ يُلَبِّيْ حَتّٰى رَمٰى
الْجَمْرَةَ اَيْ جَمْرَةَ الْعَقَبَةِ ع اور ہمیشہ لبیک کہتا رہی یعنی احرام کی دن سی جگہون مقرر پر یہان
تلک کہ رمی کری جمرہ کو یعنی جمرۃ العقبہ کو یہہ صحاح ستہ مین ہی ف جمرہ اصل مین سنگریزہ کو کہتی ہین پہر اب
نام اون مناروں کا ہو گیا ہی جنپر کنکر مارتی ہین وہ تین ہین ایک جمرہ اولی جسکو جمرہ دنیا بہی کہتی ہین اور دوسری
جمرۃ الوسطی اور تیسری جمرۃ العقبہ رمی کرنی انکی واجب ہی دسوین تاریخ جمرۃ العقبہ پر فقط رمی کرتی ہین یعنی
کنکر مارتی ہین) اور اول کنکر مارنی مین لبیک کہنی موقوف کرتی ہین اور گیارہوین بارہوین تینون کو رمی کرتی ہین

اور تیرہویں کو بھی رمی کرتی ہیں اگر وہاں رہیں کذا ذکر ... مراد ہر رمی الجمار ہے فاذا اتی الجمرۃ

الدنیا رمٰھا بسبع حصیات یکبر علی اثر کل حصاۃ ... اور جب جاوی سنگریزی مارنی یعنی ان

مناروں پر کیا دین مارویں تاریخ پس جب آوی جمرہ دنیا پر پہینکی اوسپر سات کنکر یعنی لقبدر دانہ باقلا کے

تکبیر کہتا جاوی یعنی ہر کنکر کی نقل کے یہہ بخاری نسائی نے اور مع کل حصاۃ مر دس ق مص

یا تکبیر کہی ساتھہ ہر کنکر کی نقل کے یہہ مسلم ابوداؤد نسائی ابن ماجہ ابن ابی شیبہ نے ثم یتقدم فیسھل

فیقوم مستقبل القبلۃ قیاما طویلا فیدعو ویرفع یدیہ ثم یرمی الجمرۃ الوسطیٰ

کذلک فیاخذ ذات الشمال فیسھل ویقوم مستقبل القبلۃ قیاما طویلا فیدعو ویرفع

یدیہ ثم یرمی الجمرۃ ذات العقبۃ من بطن الوادی ولا یقف عندھا خ س پہر آگے

بڑہی تہوڑا سا یعنی بعد رمی جمرۃ الدنیا کی پس ٹہیری زمین نرم میں پس کہڑا ہووی مقابل قبلہ کی کہڑا ہونا

دراز پس دعا کری اور اوٹہاوی ہاتہہ اپنی پہر رمی کری جمرۃ الوسطی پر اسطرح یعنی مثل جمرۃ الدنیا کی پس چلے

بائیں طرف پس داخل ہووی زمین نرم میں اور کہڑا ہووی سامنی قبلہ کی کہڑا ہونا دراز پس دعا کری اور اوٹہاوی

ہاتہہ اپنی پہر پہینکی سنگریزی جمرۃ العقبہ پر نشیب وادی سے اور نہ ٹہیری نزدیک اوسکی نقل کے یہہ بخاری

نسائی نے ف یہ جمرہ دنیا کی آگی دیر تک ٹہیرنا مستحب ہی چنانچہ بعضی روایت میں بقدر پڑہنی

سورہ بقرہ کی آیا ہی پس کہڑی ہوکر اللہ تعالی کی حمد اور تکبیر وتہلیل وتسبیح کری اور درود پڑہی اور کمال حضور

اور خشوع سی دعا اپنی لئی اور والدین کی لئی کری اور بخشش چاہی اور بعد رمی جمرۃ العقبہ کی نہ ٹہیری نہ پہلے

دن اور نہ دوسری تیسری دن اور دعا کرنی میں اختلاف ہی بعضی کہتی ہیں ٹہیری نہیں چلتی ہوئی دعا

کرتا جاوی اور بعضی مطلق دعا کرنی منع کرتی ہیں کذا ذکر النووی ویستبطن الوادی حتی اذا فرغ قال

اللھم اجعلہ حجا مبرورا وذنبا مغفورا حب مص مو مص اور دخل ہووی ...

یعنی رمی جمرۃ العقبہ کی لئی یہاں تک کہ جب فراغت پاوی پڑہی یا اللہ کر حج ہماری کو حج مقبول ...

گناه بخشا گیا نقل کیے یہہ ابن ابی شیبہ نی اور موقوف بہی آوی ہے ف حج مبرور اوسکو کہتی ہین جسمین گناه
اور ریاست نہو کذا ذکرہ وَيَدْعُو عِنْدَ الْجَمَرَاتِ كُلِّهَا وَلَا يُوَقِّتُ شَيْئًا موص اور دعا کری پاس
ہر جمرات کی اور نہ مقرر کری کوئی دعا یعنی جو چاہی مانگی نقل کیے یہہ موقوفاً ابن ابی شیبہ نی ف اس حدیث
سی معلوم ہوتا ہی کہ جمرۃ العقبہ کی پاس بہی دعا کری اگرچہ بعض تہیری کی ہو وَاِذَا ذَبَحَ سَمَّى وَكَبَّرَ وَوَضَعَ
رِجْلَهُ عَلَى صِفَاحِهِ اَيْ عَرْضِ خَدِّهِ ع اور جب ذبح کری قربانی بسم اللہ اور اللہ اکبر کہی اور رکہے
پانو اپنا اوپر صفاح اوسکی یعنی جوڑا وکلّہ قربانی کے یہہ صحاح ستہ مین ہی وَيَقُولُ فِي الْاُضْحِيَّةِ
بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْ مِنِّيْ وَمِنْ اُمَّةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ م د اور کہی وقت
ذبح قربانی کے ذبح کرتا ہون مین ساتہہ نام خدا کی یا اللہ قبول کر مجہسی یعنی قربانی میری اور امت محمد صلی اللہ
علیہ وسلم کیسی یعنی قربانیان اونکی نقل کیے یہہ مسلم ابو داود نی ف اگر نام اللہ تعالی کا ذبح کے
وقت قصداً ترک کری وہ جانور کہانا حرام ہوگا پس لفظ بسم اللہ کا کہنا ضروری اور بسم اللہ اللہ اکبر کہنا مستحب
ہی اور دعائین کہ مذکور ہوتی ہین اولی ہی پڑہنا اونکا کذا ذکرہ الفقہاء اِنِّيْ وَجَّهْتُ وَجْهِيَ لِلَّذِيْ فَطَرَ
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ عَلٰى مِلَّةِ اِبْرَاهِيْمَ حَنِيْفًا وَّمَا اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ اِنَّ صَلَاتِيْ وَنُسُكِيْ
وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِيْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَبِذٰلِكَ اُمِرْتُ وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ اَللّٰهُمَّ
مِنْكَ وَلَكَ بِسْمِ اللّٰهِ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ ثُمَّ يَذْبَحُ د ق مس تحقیق مین متوجہ کیا مونہہ اپنا واسطے
اوس ذات کی کہ پیدا کیا آسمانون کو اور زمین کو حال یہہ کہ مین دین ابراہیم پر ہون توحید کرنی والا
اور نہین مین مشرکون سی تحقیق نماز میری اور عبادتین میری اور زندگی میری اور موت میری واسطے خدا
پروردگار عالمون کی ہی نہین کوئی شریک اوسکا اور ساتہہ اسیکی حکم کیا گیا ہون مین اور مین مسلمانون
سی ہون یا اللہ یہہ قربانی تجہسی ہی یعنی تیری عطا سی ہی اور تیری ہی لئی ہے یعنی تیری رضامندی کے لیئی
کرتا ہون ساتہہ نام خدا کی ذبح کرتا ہون اور اللہ بہت بڑا ہی یہہ پڑہی پہر ذبح کری نقل کی یہہ ابو داود ابن ماجہ

بیان قربانی کا

حاکم نی ھ قال صلی اللہ علیہ وسلم لفاطمۃ قومی الی اضحیتک فاشھدیھا فانہ یغفر لک

عند اول قطرۃ من دمھا کل ذنب عملتیہ [illegible] صلاتی ونسکی [illegible] الی آخرہ قال عمران

قلت یا رسول اللہ ھذا لک ولاھل بیتک خاصۃ قال بل للمسلمین عامۃ یعنی

اور فرمایا پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نی حضرت فاطمہ کو کہ اوٹھ طرف قربانی اپنی کی پس حاضر ہو اوس پاس پس تحقیق بخشا

جاویگا واسطی تیری نزدیک اول قطری کی کہ گری خون اوسکی ہر گناہ کہ کیا ہی تو نی اور پڑھ یہہ آیت وقت

ذبح کی ان صلاتی ونسکی آخر آیت تک کہا عمران صحابی نی کہ عرض کیا مینی ای رسول خدا کی یہہ ثواب تمہاری لیے

اور اہلبیت تمہاری ہی کی لئی ہی خاص کر یعنی امت آپکی بہی اسمین شریک ہی فرمایا حضرت نی بلکہ سب مسلمانونکی

لئی ہی یعنی جو کریگا یہی ثواب پاویگا نقل کی یہہ حاکم نی ف اس سی معلوم ہوا کہ عورت کی لئی بہی سنت ہے

اپنی قربانی پر حاضر ہونا فان کانت بدنۃ فلیقمھا ثم لیقل اللہ اکبر اللہ اکبر اللہ اکبر

اللھم منک ولک ثم لیسم اللہ ثم لینحر وان کانت عقیقۃ فمثل کالاضحیۃ

موعوس یہہ پس جو ہووی قربانی اونٹ پس چاہئی کہ کھڑا کری اوسکو پہر کہی اللہ اکبر اللہ اکبر اللہ اکبر

یہہ تجھسی ہی اور تیری ہی لئی ہی پہر بسم اللہ کہی پہر نحر کری اور جو ہووی جانور ذبح کا عقیقہ کری مانند قربانی کی

یعنی بسم اللہ اللہ اکبر [illegible] نقل کی یہہ موقوفا حاکم نی ف نحر یعنی اونٹ کا سینہ چاک

کرنا اور گائین وغیرہ کا ذبح کرنا یعنی گلا کاٹنا مستحب ہی اور خلاف اسکا مکروہ ہی اور عقیقہ اوس بکری وغیرہ کو

کہتی ہین جو ذبح کی جاتی ہی ساتوین دن پیدائش لڑکی کی [illegible] کذا ذکر المصطفی ویسمی علی

العقیقۃ کما یسمی علی الاضحیۃ بسم اللہ عقیقۃ فلان [illegible] اور بسم اللہ کہی عقیقہ پر

جیسے کہ بسم اللہ کہی قربانی پر اس طرح کہی بسم اللہ یہہ عقیقہ فلانی لڑکیکا ہی [illegible] ابن ابی شیبہ

واذا دخل البیت کان فی نواحیہ [illegible] فی زوایاہ [illegible] اور جب

[illegible] کہی بیچ چارون کونون اوسکی نقل کی یہہ بخاری ابوداود نی اور بیچ کونون [illegible]

روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور ایک روایت میں ہے فی نواحیہ کلہا فاذا خرج [illegible] رکع فی قبل البیت رکعتین یعنی اور
دعا کی سب کو [illegible] کعبے کے جب نکلے باہر سامنے کعبے کی دو رکعتیں نقل کیے یہ مسلم نسائی نے
[illegible] دخل النبی صلی [illegible] علیہ وسلم الکعبۃ ھو واسامۃ وعثمان بن طلحۃ الحجبی وبلال
بن رباح فاغلقہا علیہ ومکث فیہا فسألت بلالا حین خرج ماذا صنع رسول اللہ صلی
اللہ علیہ وسلم فقال جعل عمودا عن یسارہ وعمودین عن یمینہ وثلاثۃ اعمدۃ وراءہ
وکان البیت یومئذ علی ستۃ اعمدۃ ثم صلی یعنی اور داخل ہوئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کعبے میں
اور اسامہ اور عثمان بن طلحہ حجبی اور بلال بن رباح پس بند کیا دروازہ اوسکا عثمان نے اوپر آنحضرت کے یعنی
تا لوگ بہیڑ نہ کریں اور ٹہیری پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم اوسمیں پس پوچھا میں یعنی ابن عمر نے بلال سے جسوقت کہ
نکلے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کیا کیا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے یعنی کعبے میں ٹہیر کر پس کہا بلال نے کہ کیا پیغمبر صلی
اللہ علیہ وسلم نے ایک ستون بائیں طرف اپنی اور دو ستون داہنی طرف اپنی اور تین ستون پیچہے اپنی اور تہا کعبہ اوسدن
اوپر چہہ ستونوں کی یعنی اسپر تہا چہہ ستون ہیں پہر نماز پڑہی نقل کیے یہہ بخاری مسلم نے ولما دخل صلی اللہ علیہ
وسلم البیت امر بلالا فاجاف الباب والبیت اذ ذاک علی ستۃ اعمدۃ فمضی
حتی اذا کان بین الاسطوانتین اللتین تلیان باب الکعبۃ جلس فحمد اللہ واثنی علیہ
وسألہ واستغفرہ ثم قام حتی اذا اتی ما استقبل من دبر الکعبۃ یعنی اور جب داخل ہوئے پیغمبر خدا صلی اللہ
علیہ وسلم کعبہ میں حکم کیا بلال کو پس بند کیا دروازہ اور کعبہ اوسوقت میں اوپر چہہ ستونوں کی تہا پس گئے آنحضرت یعنی طرف دیوار
کعبہ کی کہ سامنے دروازے کی ہے یہاں تلک کہ جسوقت ہوئے درمیان اون دونوں ستونوں کی کہ قریب ہیں دروازہ
کعبے کے یعنی سامنے دروازے کی ہیں بیٹہے پس تعریف کی خدا تعالی کے اور ثنا کی اوسپر اور حاجتیں مانگیں اوس سے
بخشش چاہی اوس سے پہر کہڑے ہوئے یہاں تلک کہ جسوقت آئے اوس چیز کو کہ سامنے تہی پشت کعبے سے یعنی دیوار
کعبے کے سامنے دروازہ کعبے کے ہے اوسکی طرف گئے اور دروازہ کعبہ کو اپنی پشت پر کیا فوضع وجہہ

وَحَمِدَ اللّٰهَ وَاَثْنٰی عَلَیْهِ وَسَاَلَهٗ وَاسْتَغْفَرَهٗ ثُمَّ انْصَرَفَ اِلَی الرُّکْنِ مِنْ اَرْکَانِ
الْکَعْبَةِ فَاسْتَقْبَلَهٗ بِالتَّکْبِیْرِ وَالتَّهْلِیْلِ وَالتَّسْبِیْحِ وَالثَّنَاءِ عَلَی اللّٰهِ وَالْمَسْاَلَةِ وَالْاِسْتِغْفَارِ
ثُمَّ خَرَجَ فَصَلّٰی رَکْعَتَیْنِ مُسْتَقْبِلَ وَجْهِ الْکَعْبَةِ ثُمَّ انْصَرَفَ یعنی پہر کیا نوشہ اپنا اور
مبارک اپنا او سیر اور حمد کی خدا تعالی کے اور ثنا کی اوسپر اور حاجتیں مانگیں لوس سے اور بخشش چاہی اوس سے
پہر پہری طرف ہر کونی کے کونوں کعبی کیسی میں متوجہ ہوئی طرف ہر کونی کی ساتہہ تکبیر کہی کے اور لا الہ الا اللہ
پڑہنی کی اور سبحان اللہ پڑہنی کے او ثنا کرنی کی اللہ تعالی پر اور مانگنی حاجتوں کی اور بخشش چاہنی کی پہر باہر
نکلی پس پڑہیں دو رکعتیں سامنی دروازی کعبی کے پہر پہری طرف مکان کے نقل کی یہہ نسائی نی وَاِذَا شَرِبَ
مَاءَ زَمْزَمَ فَلْیَسْتَقْبِلِ الْکَعْبَةَ وَلْیَذْکُرِ اسْمَ اللّٰهِ تَعَالٰی وَلْیَتَنَفَّسْ ثَلَاثًا وَلْیَتَضَلَّعْ مِنْهَا
فَاِذَا فَرَغَ فَلْیَحْمَدِ اللّٰهَ اِنَّ اٰیَةَ مَا بَیْنَنَا وَبَیْنَ الْمُنَافِقِیْنَ لَا یَتَضَلَّعُوْنَ مِنْ زَمْزَمَ ق مس
اور جب پیوی کوئی پانی زمزم کا پس منہہ کری کعبی کے طرف اور بسم اللہ کہی اور تین دم لی یعنی تین دم میں پیوی
اور ہر دم میں برتن مونہہ سے جدا کرلی اور سیراب ہووی اوس سے یعنی بہت پیٹ بہر کر پیئی کہ کوکین تن جائے
پس جب فراغت پاوی پس تعریف کری خدا تعالی کے تحقیق نشان فرق کی درمیان ہمارے اور درمیان منافقوں
کے یہہ ہی کہ وے نہیں سیراب ہوتی زمزم سے نقل کے یہہ ابن ماجہ حاکم نی ف یعنی علامت مومنین کے یہہ ہے
کہ پانی پیٹ بہر کر پیتی ہیں اور علامت منافقین کی یہہ ہی کہ نہیں پیٹ بہر کر پیتی اوسکو اور زمزم نام کنوئیں
کا ہی اتنیس گز کا فرق کوئی بہی رکہتا ہی اول حضرت جبرئیل علیہ السلام نی پانی اوسکا نکالا حضرت اسمعیل علیہ السلام
کی لی پہر حضرت ابراہیم علیہ السلام نی کہود کر کنواں بنایا پہر اٹ گیا تہا [illegible] نے صاف کیا پس پانی اوسکا
سب پانیوں سے افضل ہی بلکہ بعضوں نی آب کوثر پر افضل کہا ہی کہا ذکرہ [illegible] مَاءُ زَمْزَمَ لِمَا شُرِبَ لَهٗ
فَاِنْ شَرِبْتَهٗ تَسْتَشْفِیْ بِهٖ شَفَاکَ اللّٰهُ وَاِنْ شَرِبْتَهٗ مُسْتَعِیْذًا اَعَاذَکَ اللّٰهُ
ظَمَاَکَ قَطَعَهٗ وَکَانَ ابْنُ عَبَّاسٍ اِذَا شَرِبَ مَاءَ زَمْزَمَ قَالَ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ

وَرِزْقًا وَاسِعًا وَشِفَاءً مِنْ كُلِّ دَاءٍ ہی اور پانی زمزم کا واسطی اوس چیز کی ہی کہ پیا جاوی واسطی

[illegible] جو پیوی تو اوسکو حال یہہ کہ شفا چاہتا ہو

تجکو اللہ اور جو پیوی تو اوسکو حال یہہ کہ پناہ چاہنی والا ہووی پناہ دیوی تجکو خدا اور جو پیوی تو اوسکو

کہ بجہاوی تو پیاس اپنی بجہا دیگا خدا پیاس کو اوسکی ابن عباس جب پیتی پانی زمزم کا کہتی یا اللہ تحقیق مین

مانگتا ہون تجسی علم نفع دینی والا یعنی مجکو اور اورونکو کہ وہ علم معرفت اور علم کتاب وسنت کا ہی کہ باعمل

ہو اور رزق فراخ اور شفا ہر بیماری سی یعنی ظاہری ہو یا باطنی نقل کی یہہ حاکم نی وَلَمَّا اَتَى الْاِمَامُ

الْحُجَّةُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ لِزَمْزَمَ وَاسْتَسْقٰى مِنْهُ شَرْبَةً ثُمَّ اسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ قَالَ اللّٰهُمَّ

اِنَّ ابْنَ اَبِي الْمَوَالِ حَدَّثَنَا عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ جَابِرٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

قَالَ مَاءُ زَمْزَمَ لِمَا شُرِبَ لَهُ وَهٰذَا اَشْرَبُهُ لِعَطَشِ يَوْمِ الْقِيَامَةِ ثُمَّ شَرِبَ قُلْتُ هٰذَا

سَنَدٌ صَحِيْحٌ وَالرَّاوِيْ عَنِ ابْنِ الْمُبَارَكِ لِذٰلِكَ سُوَيْدُ بْنُ سَعِيْدٍ ثِقَةٌ رَوٰى لَهُ مُسْلِمٌ

فِيْ صَحِيْحِهٖ وَابْنُ اَبِي الْمَوَالِ ثِقَةٌ رَوٰى لَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ صَحِيْحِهٖ فَصَحَّ الْحَدِيْثُ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ

اور جب کہ آئی پیشوا دلیل اسلام کی یعنی امام اونکا عبد اللہ بن مبارک ہی کوئین زمزم پر اور چاہا اوس سی پانی پیا

پہر متوجہ ہوئی قبلہ کی طرف کہا یا اللہ تحقیق ابن ابی الموال سی [illegible] حدیث روایت کی ہمکو محمد بن

منکدر سی کہ روایت کی جابر سی یہہ حدیث کہ تحقیق رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا کہ پانی زمزم کا

واسطی اوس چیز کی ہی کہ پیا جاوی واسطی اوسکی اور یہہ پانی پیتا ہون مین اسکو واسطی پیاس کہ دن قیامت کی

پہر پیا کہا مصنف نی کہتا ہون مین کہ یہہ یعنی سند نقل کی ہوئی عبد اللہ بن مبارک کی سند صحیح ہی اور راوی ابن مبارک

مذکور سی سوید بن سعید ہی کہ ثقہ ہی روایت کی ہی حدیث اوسکی مسلم نی بیچ صحیح مسلم کی یعنی اگر وہ ثقہ ہوتا تو مسلم

حدیث اوسکی نہ لاتا اور ابن ابی الموال بہی ثقہ ہی روایت کی حدیث اوسکی بخاری نی بیچ صحیح بخاری کی

پس صحیح ہوئی یہہ حدیث یعنی بسبب صحیح ہونی سند کی شکر اللہ تعالی کا ف عبد اللہ بن مبارک مرتبہ [illegible]

بزرگ قدر سا گرد امام اعظم رحمہ اللہ کی مین و ... غزاۃ او لقی العدو قال اللھم انت عضدی
و نصیری بک احول و بک اصول و بک اقاتل ... عو ... یا اللہ تو ہی مدد کرنی والا اور مددگار میرا ساتھہ مدد تیری ... حیلہ کرتا ہون مین
سفر جہاد کا یا ملی دشمن سی کہی یا اللہ تو ہی مدد کرنی والا اور مددگار میرا ساتھہ مدد تیری کی حیلہ کرتا ہون مین
دشمنون کی مکر کی دفع کی لئی اور ساتھہ قوت تیری کی حملہ کرتا ہون مین اور ساتھہ مدد تیری کی لڑتا ہون مین نقل کیے
ہیہ ابو داؤد ترمذی نسائی ابن حبان ابن ابی شیبہ ابو عوانہ نی رب بک اقاتل و بک اصاول و لا حول
و لا قوۃ الا بک س ای پروردگار میری ساتھہ مدد تیری کی لڑتا ہون مین اور ساتھہ قوت تیری کی
حملہ کرتا ہون مین اور نہین ہی بچانا گناہ سی اور نہ قوت لڑنیکی مگر ساتھہ قوت تیری کی نقل کیے ہیہ نسائی نی
اللھم انت عضدی و انت ناصری و بک اقاتل عو یا اللہ تو مدد کرنی والا میرا ہی اور مددگار میرا ہی
اور ساتھہ مدد تیری کی لڑتا ہون مین نقل کیے ہیہ ابو عوانہ نی و اذا اراد القاء العدو انتظر الامام
حتی مالت الشمس ثم قام فقال یا ایھا الناس لا تتمنوا لقاء العدو اور جب ارادہ کرین لوگ
ملنی دشمن کا یعنی جنگ کفار کا انتظار کری سردار یہان تلک کہ ڈہلی آفتاب پہر کہڑا ہووی امام یعنی خطبہ کی لئی اور
رغبت دلانی کی لئی لڑائی پر پس کہے ای لوگون نہ آرزو کرو ملنی دشمن کی یعنی آرزو لڑائی کفار کی نہ کرو کہ یہہ بلا مانگنی
ہی اور ... فاذا لقیتموھم فاصبروا اور مانگو اللہ سی عافیت ... جب ملو تم
اونسی پس صبر کرو ف یعنی احیانا اگر لڑائی واقع ہو جاوی تو صبر کرو اور نہ بہاگو اس لیے کہ ... چاہئی کہ اللہ تعالی
سی بلا نہ مانگی اور جو بلا نازل ہووی تو صبر کری و اعلموا ان الجنۃ تحت ظلال السیوف اور جانو کہ تحقیق بہشت
بیچ سایہ تلوارونکی ہی ف مراد یہہ ہی کہ بہشت حاصل ہوتی ہی ... تلوارونکی لڑائی کفار کی مین
خواہ شہید ہووی یا غازی ہو ثم قال اللھم منزل الکتب و مجری السحاب ... الاحزاب
اھزمھم و انصرنا علیھم خ م د پہر پڑہی یہہ دعا یا اللہ اوتارنی والی کتاب کی اور چلانیوالی ...
او شکست دینی والی کفار کی گروہونکی شکست دی انکو اور مدد دی ہمکو او نہیں نقل کیے یہہ بخاری ...

اور ایکبار دعا مین وہ ہوتا ہی سو یہہ ہی اَللّٰهُمَّ مُنْزِلَ الْكِتَابِ سَرِيعَ الْحِسَابِ اهْزِمِ الْأَحْزَابَ اَللّٰهُمَّ اهْزِمْهُمْ

وَزَلْزِلْهُمْ خ م د [illegible] اوتارنے والی کتاب کی جلدی لینی والی حساب کی شکست دی کفار کی گروہون کو

اے اللہ شکست دی اونکو اور ہلا اونکو یعنی ثابت مقابلہ مین نہ رکہہ اونکو نقل کے یہہ بخاری مسلم نی وَإِذَا

أَشْرَفَ عَلَى بَلَدٍ هُم اللّٰهُ أَكْبَرُ خَرِبَتْ أَيْ يَعْنِي الْبَلَدَ الَّتِي قَصَدَهَا إِنَّا إِذَا نَزَلْنَا بِسَاحَةِ قَوْمٍ

فَسَاءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِينَ خ م د ت س ق اور جب آوی اوپر شہر کافرون کی یعنی جسکا

ارادہ رکہتا ہی کہی اللہ بہت بڑا ہی خراب ہو وی یہہ شہر یعنی نام لیوی اوس شہر کا کہ ارادہ رکہتا ہی اوسکا تحقیق ہم

جسوقت کہ اوترین بیچ میدان کسی قوم کی پس بری ہووی صبح ڈرائی گیون کی نقل کے یہہ بخاری مسلم ترمذی

نسائی ابن ماجہ نی ف بری ہووی صبح یعنی غارت اونکی بری ہووی ازبسکہ غارت صبح کو اکثر واقع ہوتی ہے

مسلم نی اوسکا نام نذیر رکہا کذا ذکرہ الشیخ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ ہ م یہہ تین بار ہی نقل کی یہہ مسلم نی وَإِذَا خَافَ

قَوْمًا اَللّٰهُمَّ إِنَّا نَجْعَلُكَ فِي نُحُورِهِمْ وَنَعُوذُ بِكَ مِنْ شُرُورِهِمْ د س حب مس اور جب

ڈری کسی قوم سی کہی یا اللہ تحقیق ہم کرتی ہین تجکو بیچ مقابلہ اونکی کی یعنی تو دفع کری تو اونکو اور پناہ پکڑتی ہین ساتہہ تیری

برائیون اونکی سی نقل کی یہہ ابوداود نسائی ابن حبان حاکم نی فَإِنْ حَصَرَهُمْ عَدُوٌّ قَالُوا اَللّٰهُمَّ اسْتُرْ

عَوْرَاتِنَا وَآمِنْ رَوْعَاتِنَا ہ م ر آ ہ پس اگر گہیری مسلمانون کو دشمن کہین یہہ [illegible] امن

وان واذ کرو ہمارے شرم کی جگہون کو اور امن کر ہمکو ڈرانے والی چیزون سے نقل کی یہہ بزار و احمد نی فَإِنْ أَصَابَتْهُ جِرَاحَةٌ قَالَ بِسْمِ اللّٰهِ س پس جو

پہونچی اوسکو زخم کہی بسم اللہ نقل کی یہہ نسائی نی ف جب حضرت طلحہ کی انگلی جنگ احد مین کٹی تو

اونہون نی کہا خوب ہوا فرمایا حضرت سرور کائنات نی اگر تو بسم اللہ کہتا تو الٹہا لیتی اونکو فرشتی اوس حال مین کہ

لوگ دیکہتی کذا ذکرہ الشیخ فَإِذَا انْهَزَمَ الْعَدُوُّ وَسَوَّى الْإِمَامُ الْجَيْشَ صُفُوفًا خَلْفَهُ ثُمَّ قَالَ اَللّٰهُمَّ

لَكَ الْحَمْدُ كُلُّهُ لَا قَابِضَ لِمَا بَسَطْتَ وَلَا بَاسِطَ لِمَا قَبَضْتَ وَلَا هَادِيَ لِمَنْ أَضْلَلْتَ وَلَا

مُضِلَّ لِمَنْ هَدَيْتَ وَلَا مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ وَلَا مَانِعَ لِمَا أَعْطَيْتَ وَلَا مُقَرِّبَ لِمَا بَاعَدْتَ

وَلَا مُبَاعِدَ لِمَا قَرَّبْتَ اَللّٰهُمَّ ابْسُطْ عَلَيْنَا مِنْ بَرَكَاتِكَ وَرَحْمَتِكَ وَفَضْلِكَ وَرِزْقِكَ اَللّٰهُمَّ

إِنِّي أَسْئَلُكَ النَّعِيْمَ الْمُقِيْمَ الَّذِيْ لَا يَحُوْلُ وَلَا يَزُوْلُ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْئَلُكَ الْأَمْنَ يَوْمَ الْخَوْفِ

اَللّٰهُمَّ عَائِذٌ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا أَعْطَيْتَنَا وَمِنْ شَرِّ مَا مَنَعْتَنَا اَللّٰهُمَّ حَبِّبْ إِلَيْنَا الْإِيْمَانَ وَزَيِّنْهُ

فِيْ قُلُوْبِنَا وَكَرِّهْ إِلَيْنَا الْكُفْرَ وَالْفُسُوْقَ وَالْعِصْيَانَ وَاجْعَلْنَا مِنَ الرَّاشِدِيْنَ اَللّٰهُمَّ تَوَفَّنَا مُسْلِمِيْنَ وَأَحْيِنَا مُسْلِمِيْنَ

وَأَلْحِقْنَا بِالصَّالِحِيْنَ غَيْرَ خَزَايَا وَلَا مَفْتُوْنِيْنَ اَللّٰهُمَّ قَاتِلِ الْكَفَرَةَ الَّذِيْنَ يُكَذِّبُوْنَ رُسُلَكَ وَيَصُدُّوْنَ

عَنْ سَبِيْلِكَ وَاجْعَلْ عَلَيْهِمْ رِجْزَكَ وَعَذَابَكَ إِلٰهَ الْحَقِّ اٰمِيْنَ مس حب مس یعنی جب شکست پائی

دشمن برابر کری سردار لشکر کو صفین باندہ کر پیچھی اپنی پہر کہی یا اللہ تیری ہی لئی سب تعریف ہی نہین کوئی تنگ کرنی والا

اوس چیز کو کہ فراخ کی تونی یعنی تیری عطا کوئی نہین روک سکتا اور نہین کوئی فراخ کرنی والا اوس چیز کو کہ تنگ کی

تو نی اور نہین کوئی راہ دکہانی والا اوس شخص کو کہ گمراہ کیا تو نی اور نہین کوئی گمراہ کرنی والا اوسکو کہ راہ دکہا ئی

تو نی اور نہین کوئی روزی دینی والا اوسکو کہ منع کی تو نی روزی اوسکی اور نہین کوئی منع کرنی والا اوسکو

کہ روزی دی تو نی اوسکو اور نہین کوئی نزدیک کرنی والا اوسکو کہ دور کیا تو نی یعنی رحمت سی اور نہین کوئی

دور کرنی والا اوسکو کہ نزدیک کیا تو نی یا اللہ فراخ کر ہمپر برکتین اپنی اور رحمت اپنی اور فضل اپنا اور رزق اپنا

یا اللہ تحقیق مین مانگتا ہون تجہسی نعمت ہمیشہ رہنی والی جو کہ نہ بگڑتی اور نہ جاتی رہی یعنی نعمتین بہشت کی خداوندا

تحقیق مین مانگتا ہون تجہسی امن بیچ دن خوف کی یعنی دن قیامت کی یا اللہ ہم پناہ پکڑتی ہین ساتہہ تیری برائی

اوس چیز کیسی کہ دی تو نی ہمکو یعنی مال وغیرہ باعث تکبر کا نہو اور برائی ... کہ باز رکہی تو نی ہمسی یعنی نہوا وسکا

باعث غم کا نہ ہو یا اللہ دوست کر طرف ہماری ایمان کو اور آراستہ کر ... ہماری اور ناخوش کر

طرف ہماری کفر اور فسق کو یعنی طاعت سی نکل جانی کو ساتہہ چہوڑنی عبادت ... نی کو اور کر ہمکو

ہدایت والون مین سی یا اللہ مار ہمکو مسلمان اور ملا ہمکو ساتہہ نیک کارون کی ... لیکن نہ

خوار ہووین ہم اور نہ فتنہ زدہ خداوندا مار کافرون کو جو کہ جہٹلاتی ہین رسولون تیری کو ...

تیری سے یعنی ہنگامی بیچ اہل کے اور پھر عذاب ایذا دینے والا اپنا اور عذاب اپنا ہی معبود برحق قبول کر نقل کیا اسکو نسائی نے

ابن حبان حاکم نے وارد ہے ... اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ وَارْحَمْنِيْ وَاهْدِنِيْ وَارْزُقْنِيْ ۔ عو

اوسکو کہ اسلام لاوے یہ دعا یا اللہ بخش مجکو اور مہربانی کر مجپر اور راہ دکھا مجکو اور رزق دے مجکو نقل کیا

یہ ابو عوانہ نے فَاِذَا رَجَعَ مِنْ سَفَرِهٖ يُكَبِّرُ عَلٰى كُلِّ شَرَفٍ مِّنَ الْاَرْضِ ثَلَاثَ تَكْبِيْرَاتٍ ثُمَّ يَقُوْلُ لَآ

اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ اٰيِبُوْنَ تَائِبُوْنَ عَابِدُوْنَ

سَاجِدُوْنَ سَائِحُوْنَ لِرَبِّنَا حَامِدُوْنَ صَدَقَ اللّٰهُ وَعْدَهٗ وَنَصَرَ عَبْدَهٗ وَهَزَمَ الْاَحْزَابَ وَحْدَهٗ

خ م د ت س ۔ پس جب پھرے سفر اپنے سے تکبیر کہے اوپر ہر بلندی زمین کی تین تکبیرین پھر کہے

نہین کوئی معبود مگر اللہ ایک ہے وہ نہین کوئی شریک اوسکا اوسیکے لئے پادشاہی ہے

اور اوسیکے لئے تعریف ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے ہم پھرنے والے ہین توبہ کرنے والے ہین بندگی کرنے والے ہین سجدہ کرنے والے ہین

چلنے والے ہین یعنی جہاد کے لئے واسطے پروردگار اپنے کے تعریف کرنے والے ہین سچ کیا اللہ نے وعدہ اپنا

اور مدد کی بندے اپنے کی یعنی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی اور شکست دی کفار کے گروہون کو اکیلے نقل

کی یہ بخاری مسلم ابو داود و ترمذی نسائی نے فَاِذَا اَشْرَفَ عَلٰى بَلْدَتِهٖ اٰيِبُوْنَ تَائِبُوْنَ عَابِدُوْنَ لِرَبِّنَا

حَامِدُوْنَ وَلَا يَزَالُ يَقُوْلُهَا حَتّٰى يَدْخُلَ بَلْدَتَهٗ ۔ خ م س ۔ پس جب نزدیک ہوتے شہر اپنے

کی کہتے ہم پھرنے والے ہین توبہ کرنے والے ہین بندگی کرنے والے ہین واسطے پروردگار اپنے کی حمد کرنے والے ہین اور ہمیشہ کہتے

تھے ان کلمات کو یہان تک کہ داخل ہوتے شہر اپنے مین نقل کیے یہ بخاری مسلم نسائی نے فَاِذَا دَخَلَ

عَلٰى اَهْلِهٖ قَالَ تَوْبًا تَوْبًا لِرَبِّنَا اَوْبًا لَا يُغَادِرُ عَلَيْنَا حَوْبًا ۔ ط ی ۔ اَوْبًا اَوْبًا لِرَبِّنَا تَوْبًا لَا

يُغَادِرُ عَلَيْنَا حَوْبًا ۔ ص حب ۔ اور جب داخل ہوتے اہل اپنے پر کہتے توبہ کرتا ہون توبہ توبہ طرف پروردگار

اپنے کے ایسا ... پھرنے والا ہون سفر سے وہ توبہ کہ نہ چھوڑے ہم پر کوئی گناہ نقل کیے یہ احمد طبرانی ابن سنی نے

پھر آتا ہون پھر آنا ... توبہ کرنے والا ہون پروردگار اپنے سے ایسی توبہ کہ نہ چھوڑے ہم پر کوئی گناہ نقل کی یہ ابن حبان نے

باب رفع ہم

ابو یعلی نے و من نزل بہ غم او کرب او امر مہم فلیقل لا الہ الا اللہ العظیم الحلیم لا الہ
الا اللہ رب العرش العظیم لا الہ الا اللہ رب السموات ... رب العرش الکریم
خ م ت س ق اور جسپر اوترے غم یا سختی یا کار دشوار پس چاہیے کہ کہے نہین کوئی معبود مگر اللہ بزرگ بردبار
نہین کوئی معبود مگر خدا جو پروردگار عرش بڑے کا ہے نہین کوئی معبود مگر خدا جو پروردگار آسمانون کا اور پروردگار
زمین کا ہے اور پروردگار عرش بزرگ کا نقل کیے یہہ بخاری مسلم ترمذی نسائی ابن ماجہ نے لا الہ الا اللہ الحلیم
الکریم لا الہ الا اللہ رب العرش العظیم لا الہ الا اللہ رب السموات و رب الارض و رب
العرش الکریم خ نہین کوئی معبود مگر اللہ بردبار بزرگ نہین کوئی معبود مگر اللہ پروردگار عرش بڑے کا نہین کوئی معبود
مگر اللہ پروردگار آسمانون اور پروردگار زمین کا اور پروردگار عرش بزرگ کا نقل کیے یہہ بخاری نے
لا الہ الا اللہ الحلیم العظیم لا الہ الا اللہ رب العرش العظیم ثم یدعو بعد ذلک عو
نہین کوئی معبود مگر خدا بردبار بزرگ نہین کوئی معبود مگر اللہ پروردگار عرش بڑے کا پہر دعا کرے پیچھے اسکے یعنی جو چاہے
نقل کیے یہہ ابو عوانہ نے لا الہ الا اللہ الحلیم الکریم سبحان اللہ و تبارک اللہ رب العرش العظیم
مص س حب مس والحمد للہ رب العالمین س حب مس نہین کوئی معبود مگر اللہ بردبار بزرگ پاک ہے اللہ اور بہت
برکت والا ہے اللہ پروردگار عرش بڑے کا نقل کی یہہ ابن ابی شیبہ نے ابن حبان حاکم نے اور بعضی روایتون مین یہہ جملہ اسمین زیادہ آیا ہے
اور سب تعریف ہے واسطے خدا کے جو پروردگار عالمون کا ہے نقل کیے یہہ نسائی ابن حبان حاکم نے لا الہ
الا اللہ الحلیم الکریم سبحان اللہ رب السموات السبع ... العرش العظیم الحمد للہ رب العا
اللہم انی اعوذ بک من شر عبادک صحیح السند ... فی کتابہ الدعاء
نہین کوئی معبود مگر اللہ بردبار بزرگ پاک ہے خدا کہ پروردگار ہے ساتون آ ... پروردگار عرش بڑے کا
سب تعریف ہے واسطے خدا کی کہ پروردگار ہے عالمون کا یا اللہ تحقیق مین پناہ پکڑتا ہون
تیرے کیسی کہا مصنف نے کہ یہہ حدیث صحیح الاسناد ہے روایت کی ابن ابی عاصم نے بیچ کتاب اپنی کے

اوسکا دعا ہی حسبنا اللہ ونعم الوکیل ۔ خ ت س ۔ کفایت ہی ہمکو اللہ اور اچھا ہی کارساز نقل کی
ہی بخاری ترمذی نسائی نی حسبی اللہ ونعم الوکیل ۔ خ ۔ کفایت ہی مجکو اللہ اور اچھا کارساز ہی ف
روایت کی ابن عباس نی کہ حضرت ابراہیم علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کو جب آگ مین ڈالا ہی کلمہ پڑہا اور آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم نی بہی اسکو پڑہا جب کہ کہا لوگون نی ان الناس قد جمعوا لکم فاخشوہم یعنی کفار تمسی لڑنی
کی لیی جمع ہوی ہین ڈرو انسی اور ایک روایت مین آیا ہی کہ جب حضرت ابراہیم علیہ السلام کو آگ مین ڈالنی لگی تو آخر قول
حسبی اللہ ونعم الوکیل تہا کذا ذکرہ الفخر اور انیس المنقطعین مین روایت کی ہی عبد اللہ بن بریدہ نی رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم سی کہ جو کوئی پڑہی دس کلمی پیچہی نماز صبح کی پاویگا اللہ کو نزدیک اونکی کفایت کرنی والا اونمین سی
پانچ دنیا کی لیی ہین اور پانچ آخرت کی لیی حسبی اللہ لدینی حسبی اللہ لما اہمنی حسبی اللہ لمن بغی علی حسبی اللہ لمن
حسدنی حسبی اللہ لمن کادنی بسوء حسبی اللہ عند الموت حسبی اللہ عند المسألۃ فی القبر حسبی اللہ عند المیزان
حسبی اللہ عند الصراط حسبی اللہ عند الحوض حسبی اللہ لا الہ الا ہو علیہ توکلت والیہ انیب اللہ اللہ ربی لا
اشرک بہ شیئا ۔ د س ق مص طس ۔ اللہ تعالی پروردگار میرا ہی نہین شریک کرتا ہون مین ساتہہ اوسکی کسی چیز
کو نقل کیے یہہ ابوداؤد ونسائی ابن ماجہ ابن ابی شیبہ نی اور طبرانی نی اوسط مین اللہم ربی لا اشرک بہ
شیئا ثلث مرات ۔ طب ۔ اللہ پروردگار میرا ہی نہین شریک کرتا ہون مین ساتہہ اوسکی کسی چیز کو
پڑہی یہہ تین بار نقل کیے یہہ طبرانی نی دعا مین ف آخری کلام عمر بن عبد العزیز کا موت کی وقت یہی تہا کذا
ذکرہ الفخر اللہ اللہم ربی لا اشرک بہ شیئا اللہ اللہم ربی لا اشرک بہ شیئا ۔ حب ۔ معنی
اسکے وہی ہین جو گذری نقل کی یہہ ابن حبان نی توکلت علی الحی الذی لا یموت والحمد للہ الذی
لم یتخذ ولدا ولم یکن لہ شریک فی الملک ولم یکن لہ ولی من الذل وکبرہ تکبیرا
مص ۔ بہروسا کیا مینی اوپر زندہ کی جو نہ مری اور سب تعریف ہی واسطی خدا کی جسنی نہین پکڑی اولاد
اور نہین ہی اوسکا شریک کوئی پادشاہت مین اور نہین ہی اوسکی لیی دوست بچانی والا ذلت سی اور بڑا

کر اوسکی برائی کرنا نقل کیے یہہ حاکم نی اَللّٰھُمَّ رَحْمَتَکَ اَرْجُوْ فَلَا تَکِلْنِیْ اِلٰی نَفْسِیْ طَرْفَۃَ عَیْنٍ وَاَصْلِحْ
لِیْ شَانِیْ کُلَّہٗ ۞ د حب ط مص ۞ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ ۞ د حب مص ی ۞ یا اللہ مہربانی
تیری کی امید رکھتا ہون مین پس نہ سونپ مجھکو طرف نفس میری کی ایک پلک مارنی اور سنوار میری لیے سب کام میرے
یعنی دین و دنیا کی نقل کی یہہ ابو داؤد ابن حبان طبرانی ابن ابی شیبہ نی اور ایک روایت مین یہہ زیادہ آیا ہے
نہین کوئی معبود مگر تو نقل کیے یہہ ابو داؤد ابن حبان ابن ابی شیبہ ابن سنی نی **ف** یہہ جو فرمایا کہ نہ سونپ
مجھکو میری نفس کے طرف اسلیے کہ مین عاجز ہون قدرت حاجت روائی کے نہین رکھتا اور نہ اچھا برا اپنی جانتا
جانتا ہون پس تو ہی اپنی فضل سی متکفل میری کامون کا ہو کذا ذکرہ الفخر یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ
ص س ی ۞ ای زندہ ای خبرگیری کرنی والی بسبب رحمت تیری کی فریاد کرتا ہون مین نقل کی یہہ حاکم ابن سنی
نی و قیل مرق ھو ساجد یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ ۞ س مس ۞ اور بار بار کہی یا حی یا قیوم اوسحال مین کہ وہ سجدہ مین تھی
لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۞ ی ۞ نہین کوئی معبود مگر تو پاک ہی تو تحقیق مین ہون
ظالمون سی نقل کیے یہہ ابن سنی نی لَمْ یَدْعُ بِھَا رَجُلٌ مُّسْلِمٌ فِیْ شَیْءٍ قَطُّ اِلَّا اسْتَجَابَ اللّٰہُ لَہٗ ۞ ت
س مس ا ر ص ۞ نہ دعا کی ساتھہ اس آیت کی کسی آدمی مسلمان نی بیچ کسی چیز کی یعنی واسطی حاجات اور دفع
بلیات کی مگر کہ قبول کی خدا تعالی نی دعا اوسکی نقل کیے یہہ ترمذی نسائی حاکم احمد بزار ابو یعلی نی **ف** بستان
ابو اللیث مین نقل کیا ہی حضرت امام جعفر صادق سی کہ کہا اونہون نی تعجب کرتا ہون مین اوس شخص سی کہ مبتلا ہو
اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْاَرْبَعِ مِنْ عِلْمٍ لَا يَنْفَعُ وَمِنْ قَلْبٍ لَا يَخْشَعُ وَمِنْ نَفْسٍ لَا تَشْبَعُ
وَمِنْ دُعَاءٍ لَا يُسْمَعُ* د* یا اللہ تحقیق مین پناہ مانگتا ہون ساتھہ تیری چار چیز سی اوس علم سی کہ نفع دے
اور اوس دل سی کہ نہ ڈری اور اوس نفس سی کہ نہ سیر ہو اور اوس دعا سی کہ نہ مقبول ہو نقل کیے یہہ ابو داود نی
اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ* خ م د س*
یا اللہ پروردگار ہمارے دی ہمکو دنیا مین بہلائی یعنی عافیت وغیرہ اور آخرت مین بہلائی یعنی بخشش اور جنت اور بچا
ہمکو عذاب آگ کی سی نقل کیے یہہ بخاری مسلم ابو داود نسائی نے اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ خَطِيْئَتِيْ وَجَهْلِيْ وَاِسْرَافِيْ
فِيْ اَمْرِيْ وَمَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّيْ* خ م مص* یا اللہ بخش واسطے میری گناہ کہ چوک کر کیے ہین اور انجان
سی کئے ہین اور زیادتی میری بیچ کام میری کی اور وہ گناہ کہ تو بہت جاننے والا ہی اوسکو مجہسی نقل کیے یہہ بخاری
مسلم ابن ابی شیبہ نی اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ جِدِّيْ وَهَزْلِيْ وَخَطَائِيْ وَعَمْدِيْ وَكُلُّ ذٰلِكَ عِنْدِيْ* خ
م* یا اللہ بخش میری لیے گناہ کہ قصداً کیے ہین اور ہنسی سی کئے ہین اور چوک کر کیے ہین اور جان کر کیے ہین اور یہہ سب
میری پاس موجود ہین یعنی یہہ عاجزی اور اقرار اپنی گناہون کا ہی نقل کیے یہہ بخاری مسلم نی اور ایک روایت مین
یہہ جملہ بھی زیادہ آیا ہی اَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَاَنْتَ الْمُؤَخِّرُ وَاَنْتَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ* خ م* تو ہی آگے
کرنے والا یعنی ساتھہ رحمت اور بخشش اپنی کی اور تو ہی پیچھے رکھنے والا رحمت سی اپنی اور تو ہر چیز پر قادر ہی نقل کیے یہہ بخاری مسلم نے

وِي اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي جِدِّي وَهَزْلِي وَخَطَائِي وَعَمْدِي وَكُلُّ ذٰلِكَ عِنْدِي ۔ مص ۔ یا اللہ بخش میرے
گناہ جو قصداً کئے ہیں اور ہنسی سے کئے ہیں اور چوک کر کئے ہیں اور جانکر کئے ہیں یہہ سب میرے پاس موجود ہیں نقل کی یہہ
ابی شیبہ نے اَللّٰهُمَّ اغْسِلْ عَنِّي خَطَايَايَ بِمَاءِ الثَّلْجِ وَالْبَرَدِ وَنَقِّ قَلْبِي مِنَ الْخَطَايَا كَمَا نَقَّيْتَ الثَّوْبَ الْاَبْيَضَ
مِنَ الدَّنَسِ وَبَاعِدْ بَيْنِي وَبَيْنَ خَطَايَايَ كَمَا بَاعَدْتَ بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ ۔ خ م ۔ یا اللہ دھو میرے گناہ
میرے ساتھہ پانی برف اور اولے کے اور پاک کر دل میرا گناہوں سے جیسے کہ پاک کیا تو نے کپڑے سفید کو میل سے اور دور کر
ڈال درمیان میرے اور درمیان گناہوں میرے کے جیسے کہ دوری کی تو نے درمیان مشرق و مغرب کے نقل کی یہہ بخاری مسلم نے
اَللّٰهُمَّ مُصَرِّفَ الْقُلُوبِ صَرِّفْ قُلُوبَنَا عَلَى طَاعَتِكَ ۔ م س ۔ یا اللہ پھیرنے والے دلوں کے پھیر دل ہمارے
طاعت اپنی پر نقل کی یہہ مسلم نسائی نے اَللّٰهُمَّ اهْدِنِي وَسَدِّدْنِي ۔ م ۔ یا اللہ راہ دکھا مجکو اور استقامت دے مجکو
راہ مستقیم پر نقل کی یہہ مسلم نے اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَسْئَلُكَ الْهُدٰى وَالسَّدَادَ ۔ م ۔ یا اللہ تحقیق میں مانگتا ہوں تجھسے
ہدایت اور استقامت نقل کی یہہ مسلم نے اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَسْئَلُكَ الْهُدٰى وَالتُّقٰى وَالْعَفَافَ وَالْغِنٰى
م ت ق ۔ یا اللہ تحقیق میں مانگتا ہوں تجھسے ہدایت اور پرہیزگاری اور پارسائی اور بے پروائی خلق سے اور تونگری دل کی
نقل کی یہہ مسلم ترمذی ابن ماجہ نے اَللّٰهُمَّ اَصْلِحْ لِي دِينِيَ الَّذِي هُوَ عِصْمَةُ اَمْرِي وَاَصْلِحْ لِي دُنْيَايَ الَّتِي
فِيهَا مَعَاشِي وَاَصْلِحْ لِي آخِرَتِي الَّتِي فِيهَا مَعَادِي وَاجْعَلِ الْحَيٰوةَ زِيَادَةً لِي فِي كُلِّ خَيْرٍ وَاجْعَلِ الْمَوْتَ
رَاحَةً لِي مِنْ كُلِّ شَرٍّ ۔ م ۔ یا اللہ سنوار میرے لئے دین میرا وہ جو بچاؤ ہے کام میرے کا اور سنوار میرے لئے دنیا میری کہ
جسمیں زندگانی میری ہے اور سنوار میرے لئے آخرت میری کہ جسمیں بازگشت میری ہے اور کر زندگانی کو سبب
زیادتی کا واسطے میرے ہر نیکی میں یعنی اوسکے سبب سے نیکی بہت کروں اور کر موت کو راحت میرے لئے ہر برائی سے
نقل کی یہہ مسلم نے ف ۔ دین بچاؤ کام کا اسلئے ہے کہ درستی تمام امور کی درستی دین سے ہوتی ہے اور [illegible]
اور مال میں اس سے حاصل ہوتا ہے اور باعث بچنے کا گناہوں سے اور عذاب آخرت کے سے [illegible]
دنیا کا وجہ معیشت کی حاصل ہونے سے ہے اور توفیق عبادت کی اور رضا [illegible] باعث [illegible] آخرت کا [illegible]

راحت ہر برائی سی کر یعنی اگر فتنہ ظاہر ہو کہ باعث گناہ کرنی اور ایمان سی نکل جانی کا ہو مجھی اوس سی پہلی بار کہ حیات
باؤن کذا ذکر الفخر اللّٰہُمَّ اغْفِرْ لِي وَارْحَمْنِي وَعَافِنِي وَارْزُقْنِي ﴿ه‍ ت﴾ وَاهْدِنِي ﴿ه‍ ت﴾ یا اللہ بخش مجکو
اور رحم کر مجپر اور عافیت دی مجکو اور روزی دی مجکو نقل کیے یہہ مسلم نی اور مسلم کی ایک روایت مین پہلی وعافنی
ہین آیا ہی اور سیدہی راہ دکہا مجکو رَبِّ أَعِنِّي وَلَا تُعِنْ عَلَيَّ وَانْصُرْنِي وَلَا تَنْصُرْ عَلَيَّ وَامْكُرْ لِي وَلَا
تَمْكُرْ عَلَيَّ وَاهْدِنِي وَيَسِّرِ الْهُدَى لِي وَانْصُرْنِي عَلَى مَنْ بَغَى عَلَيَّ رَبِّ اجْعَلْنِي لَكَ ذَكَّارًا لَكَ شَكَّارًا
لَكَ رَهَّابًا لَكَ مِطْوَاعًا لَكَ مُخْبِتًا إِلَيْكَ أَوَّاهًا مُنِيبًا رَبِّ تَقَبَّلْ تَوْبَتِي وَاغْسِلْ حَوْبَتِي وَأَجِبْ دَعْوَتِي
وَثَبِّتْ حُجَّتِي وَسَدِّدْ لِسَانِي وَاهْدِ قَلْبِي وَاسْلُلْ سَخِيمَةَ صَدْرِي ﴿ع ه حب مس مص ت﴾
ای رب میری مدد کر میری یعنی توفیق دی اپنی ذکر کی اور شکر کی اور اچھی عبادت کی اور نہ مدد کر دشمنون کی میری
یعنی نہ غالب کر مجپر اوسکو کہ منع کری تیری طاعت سی یعنی شیاطین الانس و جن کو اور مدد دی مجکو و ... نفس اور
شیطان اور سب دشمنون پر اور نہ مدد دی اونکو مجپر اور مکر کر میری لیی اونپر اور نہ مکر کر اونکی لیی میری ضرر پر اور
سیدہی راہ دکہا مجکو اور آسان کر راہ سیدہی چلنی میری لیی اور مدد دی مجکو اوس شخص پر کہ ظلم کیا مجپر ای
پروردگار میری کر مجکو کہ ہون تجکو بہت یاد کرنی والا تیرا بہت شکر کرنی والا تجسی بہت ڈرنی والا تیری بہت
اطاعت کرنی والا واسطی تیری ہی فروتنی کرنی والا طرف تیری بہت آہ و نالہ کرنی والا توبہ کرنی والا ای
رب میری قبول کر توبہ میری اور دہو گناہ میری اور قبول کر دعا میری اور ثابت رکہہ دلیل میری یعنی ایمان
یا جواب منکر نکیر کا اور سیدہی کر زبان میری یعنی سوای حق اور سچ بات کی زبان پر نہ آوی اور راہ دکہا دل میری کو
اور نکال کینہ میری سینہ کا نقل کیے یہہ چارون نی اور ابن حبان حاکم ابن ابی شیبہ نی ف مکر کہتی ہین فریب کو
اور اللہ تعالی کی مکر سی مراد ہی بہیجنا بلاؤن کا دشمنان دین پر ایسی جگہہ سی کہ گمان نہ رکہین کذا ذکر الفخر اللّٰہُمَّ
اغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَارْضَ عَنَّا وَتَقَبَّلْ مِنَّا وَأَدْخِلْنَا الْجَنَّةَ وَنَجِّنَا مِنَ النَّارِ وَأَصْلِحْ لَنَا شَأْنَنَا
كُلَّهُ ﴿مق ه‍﴾ یا اللہ بخش ہمکو اور رحم کر ہمپر اور راضی ہو ہمسی یعنی توفیق دی اپنی طاعت کی کہ باعث تیری رضا کی ہی

اور قبول کر ہمسی اعمال ہماری اور داخل کر ہمکو بہشت مین اور نجات دی ہمکو آگ سی اور سنوار ہماری لئی سب کام ہمارے
نقل کیے ہیں ابن ماجہ ابو داود نی اَللّٰھُمَّ اَلِّفْ بَیْنَ قُلُوْبِنَا وَاَصْلِحْ ذَاتَ بَیْنِنَا وَاھْدِنَا سُبُلَ السَّلَامِ
وَنَجِّنَا مِنَ الظُّلُمَاتِ اِلَی النُّوْرِ وَجَنِّبْنَا الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ وَبَارِكْ لَنَا فِیْ اَسْمَاعِنَا وَاَبْصَارِنَا
وَقُلُوْبِنَا وَاَزْوَاجِنَا وَذُرِّیَّاتِنَا وَتُبْ عَلَیْنَا اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ وَاجْعَلْنَا شَاكِرِیْنَ لِنِعْمَتِكَ مُثْنِیْنَ
بِهَا قَابِلِیْهَا وَاَتِمَّهَا عَلَیْنَا **د حب مس ط** یا اللہ الفت ڈال درمیان دلون ہماری کے یعنی باہم الفت
رکہین اور اصلاح کر درمیان ہماری اور دکہا ہمکو راہین سلامتی کے اور نجات دی ہمکو کفر کے اندہیرون سی طرف
ایمان کے روشنی کے اور بچا ہمکو گناہون سی جو کچہہ ظاہر ہوی اونمین سی یعنی جو ہو چکی ہین یا اونہین بخشدی اور
کچہہ چہپی ہین یعنی ابہی نہین ہوئی اونسی بچا اور برکت دی ہمارے لئی سماعتون ہماری مین اور بینائیون ہماری مین اور دلون
ہماری مین اور بیبیون ہماری مین اور اولاد ہماری مین اور قبول کر توبہ ہماری کیونکہ تحقیق توہی ہی توبہ قبول کرنی
والا مہربان اور کر ہمکو شکر کرنی والا نعمت اپنی کا تعریف کرنی والا اوسکا قبول کرنی والا اوسکا اور تمام کر اوسکو
ہم پر نقل کیے ہیں ابو داود ابن حبان حاکم طبرانی نی اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ الثَّبَاتَ فِی الْاَمْرِ وَاَسْئَلُكَ عَزِیْمَةَ
الرُّشْدِ وَاَسْئَلُكَ شُكْرَ نِعْمَتِكَ وَحُسْنَ عِبَادَتِكَ وَاَسْئَلُكَ لِسَانًا صَادِقًا وَّقَلْبًا سَلِیْمًا وَاَعُوْذُ
بِكَ مِنْ شَرِّ مَا تَعْلَمُ وَاَسْئَلُكَ مِنْ خَیْرِ مَا تَعْلَمُ وَاَسْتَغْفِرُكَ مِمَّا تَعْلَمُ اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ
ف حب مس مص یا اللہ تحقیق مین مانگتا ہون تجہسی ثابت رہنا امر دین مین اور مانگتا ہون تجہسی
قصد کرنا ہدایت کا اور مانگتا ہون تجہسی شکر نعمت تیری کا اور اچہی کرنی عبادت تیری اور مانگتا ہون تجہسی زبان
سچی اور دل سلامت یعنی پاک بری عقائد اور بری اخلاق سی اور پناہ مانگتا ہون ساتہہ تیری برائی اوس چیز کی کہ جانتا
ہی تو برائی اوسکی اور مانگتا ہون تجہسی بہلائی اوس چیز کی کہ جانتا ہی تو بہلائی اوسکی اور بخشش مانگتا ہون تجہسی
اوس گناہ سی کہ جانتا ہی تو یعنی اور مین نہین جانتا تحقیق توہی ہی جاننی والا پوشیدہ گیون کا نقل کی ہیں ترمذی
ابن حبان حاکم ابن ابی شیبہ نی اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ مَا قَدَّمْتُ وَمَا اَخَّرْتُ وَمَا اَسْرَرْتُ وَمَا اَعْلَنْتُ

وَمَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّيْ * مس آ * لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ * آ * یا اللہ بخش میری لئی وہ گناہ کہ پہلی آگی مینی اور پیچھی کئے
مینی اور جو پوشیدہ کئی مینی اور ظاہر کئی مینی اور وہ جو تو بہت جانتا ہی اونکو مجھسی نقل کیے یہہ حاکم احمد نے
اور ایک روایت احمد کی مین یہہ ہی نہین کوئی معبود مگر تو اَللّٰهُمَّ اقْسِمْ لَنَا مِنْ خَشْيَتِكَ مَا تَحُوْلُ بِهٖ بَيْنَنَا
وَبَيْنَ مَعَاصِيْكَ وَمِنْ طَاعَتِكَ مَا تُبَلِّغُنَا بِهٖ جَنَّتَكَ وَمِنَ الْيَقِيْنِ مَا تُهَوِّنُ بِهٖ عَلَيْنَا مَصَائِبَ
الدُّنْيَا یا اللہ نصیب کر ہماری لئی ڈر اپنی سی وہ چیز کہ حائل ہووی تو سبب اوسکی درمیان ہماری اور درمیان
گناہون اپنی کے یعنی اوس ڈر کی سبب سی تیری گناہون سی بچین اور نصیب کر ہمکو طاعت اپنی سی وہ چیز کہ
پہونچاوی تو سبب اوسکی بہشت اپنی مین اور نصیب کر یقین سی وہ چیز کہ آسان کری تو سبب اوسکی مصیبتین
دنیا کی **ف** یعنی یقین ذات اور صفات اپنی پر اور فرمائی ہوئی رسول مقبول پر ایسا دی کہ سختیان دنیا کی
آسان ہون مثلاً جسکو اللہ کی رزاق کا یقین ہوگا ہرگز فکر نہین کرنی کا اور بہروسا کریگا اور صبر یا جو کوئی
یقین کریگا کہ مصیبتین آخرت کی اشد ہین یہانکی مصیبتین ناپایدار ہین اوسکو یہان کی مصیبتین آسان ہوجاینگی
پس ایسا یقین عطا فرما آمین رب العالمین وَمَتِّعْنَا بِاَسْمَاعِنَا وَاَبْصَارِنَا وَقُوَّتِنَا مَا اَحْيَيْتَنَا
وَاجْعَلْهُ الْوَارِثَ مِنَّا * اور فائدہ مند کر ہمکو ساتھ شنوائیون ہماری کے اور بینائیون ہماری
اور قوت ہماری کی جب تلک کہ زندہ رکھی تو ہمکو اور کر فائدہ مند انکو وارث ہمارا **ف** یعنی باقی
رکھہ اوسکو اون لوگون مین کہ بعد میری ہونگی یا باقی رکھہ اوسکو اخیر عمر میری تلک وَاجْعَلْ ثَارَنَا
عَلٰى مَنْ ظَلَمَنَا وَانْصُرْنَا عَلٰى مَنْ عَادَانَا وَلَا تَجْعَلْ مُصِيْبَتَنَا فِيْ دِيْنِنَا وَلَا تَجْعَلِ الدُّنْيَا
اَكْبَرَ هَمِّنَا وَلَا مَبْلَغَ عِلْمِنَا وَلَا غَايَةَ رَغْبَتِنَا وَلَا تُسَلِّطْ عَلَيْنَا مَنْ لَا يَرْحَمُنَا * ت مس
مس * اور کر کینہ کشی ہماری اوس شخص پر کہ ظلم کیا ہی ہمپر یعنی ظالم ہی سی بدلا لین اور کسی پر زیادتی نکرین
اور مدد کر ہمکو اوس شخص پر کہ دشمنی کے ہمسی اور نکر مصیبت ہماری دین ہماری مین یعنی ایسی چیز مین مبتلا
کر باعث نقصان دین کی ہو اور نکر دنیا کو بہت بڑا غم ہمارا اور نہ نہایت علم ہماری کے اور نہ نہایت

رغبت ہماری کی اور نہ [مسلط کر] الٰہی ہمپر اوسکو کہ نہ رحم کرے ہمپر نقل کی یہہ ترمذی نسائی حاکم نے ف دعا کو نہایت
جامع ہے سب امور کا یعنی تمام و کمال دنیا کی فکر اور تدبیر میں نہ رہیں بلکہ دین تمام ہم و فکر ہو آخرت کی کذا ذکرہ القاری
نے مشکوٰۃ میں کہ کم تہی یہہ بات کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اوٹہیں مجلس سے یہاں تک کہ پڑہیں یہہ دعا
کہ اسطرح یاد ون اپنے سب کے یعنی اکثر اوقات مجلس میں یہہ پڑہتے تہے اَللّٰہُمَّ زِدْنَا وَلَا تَنْقُصْنَا وَاَکْرِمْنَا
وَلَا تُہِنَّا وَاَعْطِنَا وَلَا تَحْرِمْنَا وَآثِرْنَا وَلَا تُؤْثِرْ عَلَیْنَا وَاَرْضِنَا وَارْضَ عَنَّا ت س مس
یا اللہ زیادہ دے ہمکو علم اور عمل اور نعمتیں اپنی اور نہ کم کر نعمتیں ہمسے اور بزرگ قدر رکہہ ہمکو اور نہ سبک کر ہمکو اور دے
ہمکو خیر و برکت دنیا اور آخرت کی اور نہ محروم کر ہمکو اور پسند کر ہمکو اور غالب کر دشمنان دین پر اور نہ پسند کر
کسیکو ہمپر اور راضی کر ہمکو اپنی تقدیر پر اور راضی ہو ہمسے ساتہہ عبادت کی اگرچہ کم ہو نقل کی یہہ ترمذی نسائی حاکم نے
اَللّٰہُمَّ اَلْہِمْنِیْ رُشْدِیْ وَاَعِذْنِیْ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ ت یا اللہ ڈال میرے دل میں ہدایت میری اور بچا مجہے
برائی نفس میری کی سے نقل کی یہہ ترمذی نے اَللّٰہُمَّ قِنِیْ شَرَّ نَفْسِیْ وَاعْزِمْ لِیْ عَلٰی اَرْشَدِ اَمْرِیْ اَللّٰہُمَّ اغْفِرْ لِیْ
وَمَا عَلِمْتُ مَا اَسْرَرْتُ وَمَا اَعْلَنْتُ وَمَا اَخْطَأْتُ وَمَا عَمَدْتُ وَمَا جَہِلْتُ مس حب یا اللہ
بچا مجہکو برائی نفس میری کی سے اور حکم کر میرے لئے اور بہلائی کام میرے کی یا اللہ بخش میرے
لئے وہ گناہ کہ پوشیدہ کئے میں اور جو ظاہر کئے میں نے اور جو چوک کر کئے میں نے اور جو جانکر کئے
میں اور جو نادانی سے کئے میں نے نقل کی یہہ حاکم نسائی ابن حبان نے اَسْأَلُ اللّٰہَ
الْعَافِیَۃَ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ ت مانگتا ہوں میں اللہ تعالیٰ سے عافیت دنیا
اور آخرت میں نقل کی یہہ ترمذی نے اَللّٰہُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُکَ فِعْلَ الْخَیْرَاتِ
وَتَرْکَ الْمُنْکَرَاتِ وَحُبَّ الْمَسَاکِیْنِ وَاَنْ تَغْفِرَ لِیْ وَتَرْحَمَنِیْ وَاِذَا اَرَدْتَ
بِقَوْمٍ فِتْنَۃً فَتَوَفَّنِیْ غَیْرَ مَفْتُوْنٍ وَاَسْأَلُکَ حُبَّکَ وَحُبَّ مَنْ یُّحِبُّکَ
وَحُبَّ عَمَلٍ یُّقَرِّبُ اِلٰی حُبِّکَ ت مس یا اللہ تحقیق میں مانگتا ہوں

مجھے توفیق بھلائیوں کی کرنی کی اور چھوڑنی برائیوں کے اور دوستی محتاجوں کے یعنی میں اونکو دوست رکھوں
یا وہ مجھے دوست رکھیں اور یہہ کہ بخشے تو مجکو اور رحم کرے مجپر اور جب چاہے تو ساتھ کسی قوم کی فتنہ پس مار مجکو
غیر فتنہ زدہ اور مانگتا ہوں تجسے محبت تیری اور محبت اوسکی کہ دوست رکھتا ہے تجکو اور مانگتا ہوں محبت
اوس عمل کے کہ نزدیک کرے طرف محبت تیری کے نقل کے یہہ ترمذی حاکم نے **ف** روایت ہے مشکوۃ
کے باب المساجد میں حاصل و مختصر اوسکا یہہ ہے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ اللہ تعالی نے مجکو فرمایا
تین بار کہ اے محمد کس چیز کی ثواب لیجانے میں فرشتے آپس میں جھگڑتے ہیں یعنی وہ کہتے ہیں لیجاوں اور وہ کہتا ہے
میں لیجاؤں پھر مجھے علم اوسکا دیا کہا میں نے کفارات کی لئے جھگڑتے ہیں فرمایا اللہ تعالی نے کیا ہیں وہ کہا
میں نے قدم رکھنے طرف جماعت کی اور بیٹھنا مسجدوں میں بعد نماز کی یعنی دوسری نماز کی منتظر اور پورا کرنا
وضو کا وقتوں سخت میں یعنی مثل سردی وغیرہ کی فرمایا پھر کس چیز کی لئے جھگڑتے ہیں عرض کیا میں نے درجے
لئے فرمایا وہ کیا ہیں کہا میں نے کھانا کھلانا اور نرم کلام کرنا اور نماز تہجد کی اوس حال میں کہ لوگ سوتے ہیں پھر
اللہ تعالی نے فرمایا مانگ تو پھر دعا مانگی میں نے اور ایک روایت میں ہے کہ اللہ تعالی نے فرمایا کہ اے محمد جب نماز
کی بعد یہہ دعا پڑھا کر مگر اوس روایت میں کچھہ الفاظ بنسبت اسکی کم ہیں اور بعض لفظوں میں فرق ہے
اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ حُبَّكَ وَحُبَّ مَنْ يُّحِبُّكَ وَالْعَمَلَ الَّذِيْ يُبَلِّغُنِيْ حُبَّكَ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ حُبَّكَ
اَحَبَّ اِلَيَّ مِنْ نَفْسِيْ وَاَهْلِيْ وَمِنَ الْمَاءِ الْبَارِدِ ت مش یا اللہ تحقیق میں مانگتا ہوں تجسے محبت
تیری اور محبت اوسکی کہ دوست رکھے تجکو اور محبت اوس عمل کے کہ پہونچا دے مجکو محبت تیری کو یا اللہ کر
محبت اپنی بہت پیاری طرف میری محبت جان میری کیلئے اور اہل میرے کیلئے اور ٹھنڈے پانی کیلئے نقل کی یہہ ترمذی حاکم نے
ف محبت ٹھنڈے پانی کے دلپر ہوتی ہے ایسی ہی تیری محبت دلپر کیوں فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ
یہہ دعا داؤد علیہ السلام کی ہے كذا في المشكوة اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِيْ حُبَّكَ وَحُبَّ مَنْ يَّنْفَعُنِيْ
حُبُّهٗ عِنْدَكَ اَللّٰهُمَّ فَمَا رَزَقْتَنِيْ مِمَّا اُحِبُّ فَاجْعَلْهُ قُوَّةً لِّيْ فِيْمَا تُحِبُّ یا اللہ نصیب کر مجکو محبت اپنی اور محبت

اوس شخص کے کہ نفع دی مجکو محبت اوس کی بیچ تیرے پاس یا اللہ جیسی کہ نصیب کی تونی مجکو وہ چیز کہ دوست رکہتا ہون
پس کر اوسکو سبب قوت میری کا اوس چیز مین کہ دوست رکہتا ہی تو ف یعنی امن اور عافیت وغیرہ کہ عطا کیا
ہی اوسکو سبب شکر اور طاعت کا کہ خرچ کرون اوسکو تیری راہ مین اور خوشنودی تیری مین اَللّٰهُمَّ
مَا زَوَيْتَ عَنِّيْ مِمَّا اُحِبُّ فَاجْعَلْهُ فَرَاغًا لِّيْ فِيْمَا تُحِبُّ ۔ ت یا اللہ اور وہ چیز کہ باز رکہی تونی مجسے
نہ دی اوس چیز سی کہ دوست رکہتا ہون مین پس کر اوسکو سبب فراغت میری کا بیچ اوس چیز کی کہ دوست
رکہتا ہی تو نقل کیے یہہ ترمذی نی ف یعنی مال وغیرہ جو نہین دیا ہی اوسکو باعث مشغولی عبادت اپنی کا کر
کہ بغیر مانع کی تیری عبادت ہی مین مشغول رہون اَللّٰهُمَّ مَتِّعْنِيْ بِسَمْعِيْ وَبَصَرِيْ وَاجْعَلْهُمَا الْوَارِثَ
مِنِّيْ وَانْصُرْنِيْ عَلٰى مَنْ يَظْلِمُنِيْ وَخُذْ مِنْهُ بِثَارِيْ ۔ ت مس مر یا اللہ فائدہ مند کر مجکو
ساعت میری کی اور بینائی میری کی اور کر اونکو وارث مجسی یعنی باقی آخر عمر تلک اور مدد دی مجکو اوپر اوس
شخص کے کہ ظلم کری مجپر اور لی اوس سی کینہ اور بدلہ میرا نقل کیے یہہ ترمذی حاکم بزار نی یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ ثَبِّتْ
قَلْبِيْ عَلٰى دِيْنِكَ ۔ ت س مس اص ۔ ای پہیرنے والی دلون کی ثابت رکہہ دل میرا دین اپنی پر نقل
کی یہہ ترمذی نسائی حاکم احمد ابو یعلی نے اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ اِيْمَانًا لَّا يَرْتَدُّ وَنَعِيْمًا لَّا يَنْفَدُ
وَمُرَافَقَةَ نَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ اَعْلٰى دَرَجَةِ الْجَنَّةِ جَنَّةِ الْخُلْدِ ۔ س حب
مس ۔ یا اللہ تحقیق مین مانگتا ہون تجسی وہ ایمان کہ متغیر نہو یعنی ثابت رہی اور وہ نعمت کہ نہ فانی ہو نعمت
بہشت کی کہ ہمیشہ باقی رہیگی اور رفاقت نبی اپنی کے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم بیچ بلند تر درجہ
بہشت کی کہ نام اوسکا جنۃ الخلد ہی نقل کیے یہہ نسائی ابن حبان حاکم نی ف یہہ معنی نہین ہین کہ اونکا
درجہ ملی بلکہ یہہ چاہتا ہون کہ توفیق اچہی عملون کی ہو تا رفاقت اور خدمتگاری اونکی نصیب ہو اور آمین
رب العالمین کذا ذکر المصنف اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ صِحَّةً فِيْ اِيْمَانٍ وَّاِيْمَانًا فِيْ حُسْنِ خُلُقٍ
وَنَجَاحًا تَتْبَعُهٗ فَلَاحًا وَّرَحْمَةً مِّنْكَ وَعَافِيَةً وَّمَغْفِرَةً مِّنْكَ وَرِضْوَانًا ۔ ط مس

تحقیق مین مانگتا ہون تجہسی صحت ایمان مین اور ایمان ہیچ نیک خلق کے اور مراد یہ ہی کہ پیچہی لادی تو اوسکی چہٹکارا
اور رحمت تجہسی یعنی توفیق طاعت کی اور عافیت اور بخشش تجہسی اور خوشنودی نقل کیے یہہ نسائی حاکم
نی اَللّٰهُمَّ انْفَعْنِي بِمَا عَلَّمْتَنِي وَعَلِّمْنِي مَا يَنْفَعُنِي وَارْزُقْنِي عِلْمًا تَنْفَعُنِي بِهٖ مس مس ت یا اللہ فائدہ دی مجکو ساتہہ اوس چیز کے
کہ سکہائی تو نی یعنی علم پر عمل نصیب کر اور سکہا مجکو وہ چیز کہ فائدہ دی مجکو یعنی اوسی قدر سیکہون کہ فائدہ مند ہو اور نصیب کر مجکو وہ
علم کہ نفع دیتی مجکو ساتہہ اوسکی نقل کی یہہ حاکم نسائی نے اَللّٰهُمَّ انْفَعْنِي بِمَا عَلَّمْتَنِي وَعَلِّمْنِي مَا يَنْفَعُنِي وَزِدْنِي عِلْمًا اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ
عَلٰى كُلِّ حَالٍ وَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ حَالِ اَهْلِ النَّارِ ت ق مص یا اللہ نفع دی مجکو ساتہہ اوس چیز کی کہ سکہائی تو نی مجکو اور سکہا
مجکو وہ چیز کہ نفع دی مجکو اور زیادہ کر مجکو علم شکر ہی اللہ تعالیٰ کا ہر حال اور پناہ مانگتا ہون ساتہہ اللہ تعالیٰ کی حال دوزخ والون
کیسی نقل کیے یہہ ترمذی ابن ماجہ ابن ابی شیبہ نی ف اسمین اشارہ ہی اوپر شکر کرنی کی نعمت ایمان پر کہ فرض کبہی اگر دنیا مین
کوئی تمام بلاؤن مین گرفتار ہو تو نجات پانا دوزخ سی کفایت کرتا ہی نعمت ہونی مین اور واجب کرتا ہی شکر کو کذا ذکر الفرح
اَللّٰهُمَّ بِعِلْمِكَ الْغَيْبَ وَقُدْرَتِكَ عَلَى الْخَلْقِ اَحْيِنِي مَا عَلِمْتَ الْحَيٰوةَ خَيْرًا لِّي وَتَوَفَّنِي اِذَا عَلِمْتَ الْوَفَاةَ خَيْرًا لِّي
وَاَسْاَلُكَ خَشْيَتَكَ فِي الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ وَكَلِمَةَ الْاِخْلَاصِ فِي الرِّضٰى وَالْغَضَبِ وَاَسْاَلُكَ نَعِيْمًا لَا
يَنْفَدُ وَقُرَّةَ عَيْنٍ لَا تَنْقَطِعُ وَاَسْاَلُكَ الرِّضٰى بِالْقَضَاءِ وَبَرْدَ الْعَيْشِ بَعْدَ الْمَوْتِ وَلَذَّةَ النَّظَرِ
اِلٰى وَجْهِكَ وَالشَّوْقَ اِلٰى لِقَائِكَ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ ضَرَّاءَ مُضِرَّةٍ وَفِتْنَةٍ مُضِلَّةٍ اَللّٰهُمَّ زَيِّنَّا
بِزِيْنَةِ الْاِيْمَانِ وَاجْعَلْنَا هُدَاةً مُهْتَدِيْنَ س مس آ ط یا اللہ بحق جاننی اپنی کے علم غیب کو اور
بحق قدرت اپنی کے خلق پر زندہ رکہہ مجکو جب تلک کہ جانی تو زندگانی بہتر میری لئی اور مار مجکو جب جانی تو
مرنی کو بہتر میری لئی اور مانگتا ہون تجہسی ڈر تیرا باطن و ظاہر مین اور مانگتا ہون کہنا کلمہ حق کا خوشی اور غضب مین
اور مانگتا ہون تجہسی وہ نعمت کہ فنا نہو اور ٹہنڈک آنکہہ کی کہ نہ منقطع ہو اور مانگتا ہون تجہسی راضی ہونا ساتہہ تقدیر
اور خنکی زندگانی کی پیچہی مرنی کی یعنی راحت ہمیشگی کی برزخ اور قیامت مین اور لذت دیکہنی کی طرف منہہ تیری کی یعنی آخرت مین اور شوق طرف ملنی تیری کی
کے اور پناہ مانگتا ہون تجہسی سختی ضرر کرنیوالی سی یعنی بیماری یا فقر سی کہ جسمین صبر نہو اور فتنہ گمراہ کرنیوالی سی یعنی زیادتی مال و جاہ کے کہ گمراہ کری یا اللہ آراستہ کر ہم کو

پیچھا ہمارا ساتھہ زینت ایمان کے اور کر ہمکو راہ دکھانے والی راہ پانے والی نقل کیا یہہ نسائی حاکم احمد طبرانی نے ف
ہوں نہ کہنا حق کا یعنی حق ہی کہوں خواہ خلق مجھسے راضی ہوں یا ناراض یا اپنی خوشی خفگی میں حق بات کہوں
مثل عوام کی نہ ہوں کہ خفگی میں برا کہتی ہیں اور خوشی میں خوشامد کرتی ہیں اور ٹھنڈک آنکھوں کی یعنی
لذت اون کی یا باقی رہنا اولاد کا بعد اوسکی یا مراد ہی ہمیشگی نماز کی اور اولی یہہ ہی کہ مراد
دونوں جہان کے مراد لیں اور راہ پانے والی یعنی جیسی اوروں کو اچھی راہ بتاوں آپ بہی اوسپر عمل
کریں نہ ایسی نہوں خود را فضیحت و دیگری را نصیحت کذا ذکر الفخر رح ایکبار حضرت عمار صحابی نے نماز پڑہائی
لیکن نماز میں اختصار کیا کسی نے کہا کہ تمنے تخفیف کی نماز میں تو انہوں نے کہا کہ مجھے کچھہ ضرر نہیں ہی کہ میں نے اوس میں
دعا پڑہی ہی کہ سنی میں نے رسولخدا صلی اللہ علیہ وسلم سی پہر یہہ دعا پڑہی اللهم بعلمك الغيب آخر تک
کذا فی النسائی اور شیخ عبدالحق رح نے لکہا ہی کہ ظاہر یہہ ہی کہ التحیات کی بعد پڑہتی ہونگی اللّٰهُمَّ اِنِّي
اَسْئَلُكَ مِنَ الْخَيْرِ كُلِّهٖ عَاجِلِهٖ وَاٰجِلِهٖ مَا عَلِمْتُ مِنْهُ وَمَا لَمْ اَعْلَمْ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنَ الشَّرِّ كُلِّهٖ عَاجِلِهٖ وَ
اٰجِلِهٖ مَا عَلِمْتُ مِنْهُ وَمَا لَمْ اَعْلَمْ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ مِنْ خَيْرِ مَا سَاَلَكَ عَبْدُكَ وَنَبِيُّكَ وَاَعُوْذُ
بِكَ مِنْ شَرِّ مَا عَاذَ مِنْهُ عَبْدُكَ وَنَبِيُّكَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ الْجَنَّةَ وَمَا قَرَّبَ اِلَيْهَا مِنْ
قَوْلٍ اَوْ عَمَلٍ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنَ النَّارِ وَمَا قَرَّبَ اِلَيْهَا مِنْ قَوْلٍ اَوْ عَمَلٍ وَاَسْئَلُكَ اَنْ تَجْعَلَ كُلَّ
قضاء قضیته لِيْ خَيْرًا ق حب مس یعنی یا اللہ تحقیق میں مانگتا ہوں تجھسی تمام بہلائیاں اس جہان میں
جو کچھہ کہ جانتا ہوں میں اوسمیں سے اور جو کچھہ کہ نہیں جانتا ہوں میں اور پناہ پکڑتا ہوں ساتھہ تیری تمام برائیوں
اس جہان میں اور اوس جہان میں جو کچھہ کہ جانتا ہوں میں اونسی اور جو کچھہ کہ نہیں جانتا ہوں یا اللہ تحقیق میں
تجھسی بہلائی اوس چیز کی کہ مانگی تجھسی بندی تیری نے اور نبی تیری نے اور پناہ مانگتا ہوں ساتھہ تیری برائی
اوس چیز کی سی کہ پناہ مانگی اوس سے بندی تیری نے اور نبی تیری نے یا اللہ تحقیق میں مانگتا ہوں تجھسی بہشت اور
چیز کہ نزدیک کری طرف اوسکی کلام ہو یا کام اور پناہ مانگتا ہوں ساتھہ تیری دوزخ سی اور اوس چیز کی کہ نزدیک

عاذ بہ عبدك
اعاذ منه
بك عبدك

ہی طرف اوسکی کلام ہو یا کام اور مانگتا ہوں تجھسے یہہ کہ کرے تو ہر تقدیر میری لئے بہتر نقل کے یہہ ابن ماجہ ابن
حبان حاکم نے وَاَسْئَلُكَ مَا قَضَيْتَ لِي مِنْ اَمْرٍ اَنْ تَجْعَلَ عَاقِبَتَهُ رُشْدًا + مس + اور مانگتا ہوں میں
تجھسے یہہ کہ جو کچھہ حکم کیا تونے میری لئے کسی امر سے کرے تو انجام اوسکا اچھا نقل کے یہہ حاکم نے اَللّٰهُمَّ اَحْسِنْ عَاقِبَتَنَا
فِي الْاُمُوْرِ كُلِّهَا وَاَجِرْنَا مِنْ خِزْيِ الدُّنْيَا وَعَذَابِ الْاٰخِرَةِ + حب مس + یا اللہ اچھا کر انجام
کاموں میں اور بچا ہمکو رسوائی دنیا اور عذاب آخرت کیسے نقل کے یہہ ابن حبان حاکم نے اَللّٰهُمَّ احْفَظْنِي بِالْاِسْلَامِ
قَائِمًا وَاحْفَظْنِي بِالْاِسْلَامِ قَاعِدًا وَاحْفَظْنِي بِالْاِسْلَامِ رَاقِدًا وَلَا تُشْمِتْ بِي عَدُوًّا وَلَا
حَاسِدًا اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَسْئَلُكَ مِنْ كُلِّ خَيْرٍ خَزَائِنُهُ بِيَدِكَ + مس حب + یا اللہ نگاہ رکہہ مجہکو
ساتھہ اسلام کی کہڑی ہوئی اور نگاہ رکہہ مجہکو ساتھہ اسلام کی بیٹھی ہوئی اور نگاہ رکہہ مجہکو ساتھہ اسلام کی سوتی
اور نہ خوش کر بسبب مصیبت میری کے دشمن کو اور نہ حاسد کو یا اللہ تحقیق میں مانگتا ہوں تجھسے ہر بہلائی کہ خزانی
اوسکی بیچ ہاتہہ تیری کی ہیں نقل کے یہہ حاکم ابن حبان نے اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا اَنْتَ اٰخِذٌ
بِنَاصِيَتِهِ وَاَسْئَلُكَ مِنَ الْخَيْرِ الَّذِي هُوَ بِيَدِكَ كُلِّهِ + حب + یا اللہ تحقیق میں پناہ پکڑتا ہوں ساتھہ
برائی اوس چیز کیسے کہ تو پکڑنے والا ہے بال پیشانی اوسکی کی یعنی تیری قبضہ قدرت میں ہے اور مانگتا ہوں تجھسے تمام
بھلائیاں جو کہ تیری ہاتہہ میں ہیں نقل کی یہہ ابن حبان نے اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْئَلُكَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِكَ وَعَزَائِمَ مَغْفِرَتِكَ
وَالسَّلَامَةَ مِنْ كُلِّ اِثْمٍ وَالْغَنِيْمَةَ مِنْ كُلِّ بِرٍّ وَالْفَوْزَ بِالْجَنَّةِ وَالنَّجَاةَ مِنَ النَّارِ + مس طب +
یا اللہ تحقیق ہم مانگتے ہیں تجھسے اعمال کہ واجب کریں رحمت تیری کو اور لازم کریں بخشش تیری کو اور سلامتی
ہر گناہ سے اور غنیمت ہر نیکی سے اور مراد پانی ساتھہ بہشت کی اور نجات آگ سے نقل کے یہہ حاکم طبرانی نے
اَللّٰهُمَّ لَا تَدَعْ لَنَا ذَنْبًا اِلَّا غَفَرْتَهُ وَلَا هَمًّا اِلَّا فَرَّجْتَهُ وَلَا دَيْنًا اِلَّا قَضَيْتَهُ وَلَا حَاجَةً
مِنْ حَوَائِجِ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ اِلَّا قَضَيْتَهَا يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ + ط طب + یا اللہ نہ چھوڑ ہمارے لیے
کوئی گناہ مگر کہ بخشدے تو اوسکو اور نہ چھوڑ کوئی فکر مگر کہ دور کرے تو اوسکو اور نہ کوئی قرض مگر کہ ادا کرے تو اوسکو

اور نہ کوئی حاجت حاجتوں دنیا اور آخرت کیسی مگر کہ روا کری تو اوسکو ای بہت رحم کرنی والی سب رحم کرنی والوں سی نقل کے یہہ طبرانی نی کبیر مین اور کتاب الدعا مین اَللّٰهُمَّ اَعِنَّا عَلٰى ذِكْرِكَ وَشُكْرِكَ وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ * مس آ * یا اللہ مدد کر ہماری اپنی ذکر کرنی پر اور اپنی شکر کرنی پر اور اپنی اچھی عبادت کرنی پر یعنے اسطرح عبادت کرین گویا تجکو دیکھتی ہین نقل کے یہہ حاکم احمد نی اَللّٰهُمَّ اَعِنِّي عَلٰى ذِكْرِكَ وَشُكْرِكَ وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ * د ت * یا اللہ مدد کر میری ذکر کرنی اپنی پر اور شکر کرنی اپنی پر اور اچھی کرنی عبادت اپنی پر نقل کیے یہہ بزار نی اَللّٰهُمَّ قَنِّعْنِي بِمَا رَزَقْتَنِي وَبَارِكْ لِي فِيهِ وَاخْلُفْ عَلٰى كُلِّ غَائِبَةٍ لِي بِخَيْرٍ مس * یا اللہ قناعت دی مجکو ساتھہ اوس چیز کی کہ نصیب کی تو نی مجکو یعنی تہوڑی ہو یا بہت اور برکت دی مجہی اوسمین اور خلیفہ ہو ہر چیز میری پر کہ غائب ہی یعنی مال و اہل میری حفاظت اپنی مین رکہہ نقل کی یہہ حاکم نی اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ عِيشَةً نَقِيَّةً وَمِيتَةً سَوِيَّةً وَمَرَدًّا غَيْرَ مُخْزٍ وَلَا فَاضِحٍ مس * یا اللہ تحقیق مین مانگتا ہون تجہسی زندگانی پاکیزہ اور مرنا اچھا یعنی با ایمان اور پہرنا کہ خوار نہو یعنی دن حشر کی اور نہ فضیحت کرنی والا نقل کے یہہ حاکم نی اَللّٰهُمَّ إِنِّي ضَعِيفٌ فَقَوِّنِي فِي رِضَاكَ ضَعْفِي وَخُذْ إِلَى الْخَيْرِ بِنَاصِيَتِي وَاجْعَلِ الْإِسْلَامَ مُنْتَهٰى رِضَائِي اَللّٰهُمَّ إِنِّي ضَعِيفٌ فَقَوِّنِي وَإِنِّي ذَلِيلٌ فَأَعِزَّنِي وَإِنِّي فَقِيرٌ فَارْزُقْنِي * مس مص * یا اللہ تحقیق مین ضعیف ہون پس قوت دی بیچ حاصل کرنی خوشی اپنی کے ناتوانی میری کو اور کہینچ طرف بہلائی کے بال پیشانی میری کی اور کر اسلام کو نہایت رضا اور حاصل مقصود میرا نہ امور دنیا کو یا اللہ تحقیق مین ضعیف ہون پس قوی کر مجکو اور تحقیق مین ذلیل ہون پس عزت دی مجکو اور تحقیق مین محتاج ہون پس رزق دی مجکو نقل کے یہہ حاکم ابن ابی شیبہ نی اَللّٰهُمَّ أَنْتَ الْأَوَّلُ فَلَا شَيْءَ قَبْلَكَ وَأَنْتَ الْآخِرُ فَلَا شَيْءَ بَعْدَكَ أَعُوذُ بِكَ مِنْ كُلِّ دَابَّةٍ نَاصِيَتُهَا بِيَدِكَ وَأَعُوذُ بِكَ مِنَ الْإِثْمِ وَالْكَسَلِ وَعَذَابِ الْقَبْرِ وَفِتْنَةِ الْقَبْرِ وَأَعُوذُ بِكَ مِنَ الْمَأْثَمِ وَالْمَغْرَمِ اَللّٰهُمَّ نَقِّنِي مِنْ خَطَايَايَ كَمَا نَقَّيْتَ الثَّوْبَ الْأَبْيَضَ مِنَ الدَّنَسِ اَللّٰهُمَّ بَاعِدْ بَيْنِي وَ

خطایای کما باعدت بین المشرق والمغرب هذا ما سأل محمد ربه ✻ طس ✻ یا اللہ تو ہی
پہلی تہا پس نہیں کوئی چیز پہلی تیری اور تو ہی آخر ہی پس نہیں کوئی چیز پیچہی تیری اور پناہ پکڑتا ہوں ساتھہ
تیری ہر زمین کے چلنے والی سے کہ بال پیشانی اوسکی کی تیری ہاتھہ میں ہیں یعنی تیری اختیار میں ہی اور پناہ
مانگتا ہوں میں ساتھہ تیری گناہ سے اور کاہلی سے اور عذاب قبر اور فتنہ قبر سے اور پناہ مانگتا ہوں
ساتھہ تیری گناہ کے جگہہ حاضر ہونی سے اور قرض سے [illegible] پاک کر مجھکو [illegible] میری سے جیسے کہ
پاک کیا تو نی کپڑا سفید میل سے یا اللہ دور کر [illegible] میری اور [illegible] جیسی
دوری کی تو نی درمیان مشرق اور مغرب کی یہہ وہ دعا ہی کہ مانگی محمد صلی اللہ علیہ وسلم نی اپنی رب
سی یعنی یہہ بھی حضرت نی دعا ہی میں کہا نقل کی یہہ طبرانی نی کبیر و اوسط میں اللّٰهُمَّ اِنِّي اَسْئَلُكَ خَيْرَ
الْمَسْئَلَةِ وَخَيْرَ الدُّعَاءِ وَخَيْرَ النَّجَاحِ وَخَيْرَ الْعَمَلِ وَخَيْرَ الثَّوَابِ وَخَيْرَ الْحَيٰوةِ وَخَيْرَ الْمَمَاتِ
وَثَبِّتْنِي وَثَقِّلْ مَوَازِيْنِي وَحَقِّقْ اِيْمَانِي وَارْفَعْ دَرَجَتِي وَتَقَبَّلْ صَلٰوتِي وَاغْفِرْ خَطِيْئَتِي وَ
اَسْئَلُكَ الدَّرَجَاتِ الْعُلٰى مِنَ الْجَنَّةِ اٰمِيْنَ اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَسْئَلُكَ فَوَاتِحَ الْخَيْرِ وَخَوَاتِمَهُ
وَجَوَامِعَهُ وَاَوَّلَهُ وَاٰخِرَهُ وَظَاهِرَهُ وَبَاطِنَهُ وَالدَّرَجَاتِ الْعُلٰى مِنَ الْجَنَّةِ اٰمِيْنَ اَللّٰهُمَّ
اِنِّي اَسْئَلُكَ خَيْرَ مَا اٰتِي وَخَيْرَ مَا اَفْعَلُ وَخَيْرَ مَا اَعْمَلُ وَخَيْرَ مَا بَطَنَ وَخَيْرَ مَا ظَهَرَ وَالدَّرَجَاتِ
الْعُلٰى مِنَ الْجَنَّةِ اٰمِيْنَ اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَسْئَلُكَ اَنْ تَرْفَعَ ذِكْرِي وَتَضَعَ وِزْرِي وَتُصْلِحَ اَمْرِي
وَتُطَهِّرَ قَلْبِي وَتُحَصِّنَ فَرْجِي وَتُنَوِّرَ قَلْبِي وَتَغْفِرَ لِي ذَنْبِي وَاَسْئَلُكَ الدَّرَجَاتِ الْعُلٰى
مِنَ الْجَنَّةِ اٰمِيْنَ اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَسْئَلُكَ اَنْ تُبَارِكَ لِي فِي سَمْعِي وَفِي بَصَرِي وَفِي رُوْحِي وَفِي
خُلُقِي وَفِي خَلْقِي وَفِي اَهْلِي وَفِي مَحْيَايَ وَفِي مَمَاتِي وَفِي عَمَلِي وَتَقَبَّلْ حَسَنَاتِي وَاَسْئَلُكَ الدَّرَجَاتِ
الْعُلٰى مِنَ الْجَنَّةِ اٰمِيْنَ ✻ منہ طس ✻ یا اللہ تحقیق میں مانگتا ہوں تجہسی بہتر سوال
یعنی بہترین سوال کے گنیں اور اچھی دعا اور اچھی مراد پانی اور اچھی عمل اور اچھا ثواب اور اچھی زندگانی اور اچھا

سیرا اور ثابت رکھ مجکو یعنی اسلام پر اور بہاری کر تو جہہ اعمال میری کی یعنی میزان اعمال مین اور ثابت
رکھ ایمان میرا اور بلند کر درجہ میرا اور قبول کر نماز میری اور بخش گناہ میرے اور مانگتا ہون تجسے درجے
بلند بہشت کی قبول کر یا اللہ تحقیق مین مانگتا ہون تجسے بہتری بہلائی کے اور انتہائین اوسکی اور بہلائیان
جامع یعنی جو کہ دین و دنیا مین نفع دین اور اول اوسکا اور آخر اوسکا اور ظاہر اوسکا اور باطن اوسکا اور درجے
بلند بہشت کی قبول کر یا اللہ تحقیق مین مانگتا ہون تجسے بہلائی اوس چیز کی کہ لاتا ہون مین یعنی عبادتین اور
بہلائی اوس چیز کی … ہون مین اعضا سے … بہلائی اوس چیز کی کہ کرتا ہون مین دل سے اور بہلائی اوس چیز کی
کہ پوشیدہ ہے … اور اوسکا آخر ہے اور بہلائی اوس چیز کی کہ ظاہر ہے یعنی واقع ہوئی دنیا مین اور درجے
بلند بہشت کی قبول کر یا اللہ تحقیق مین مانگتا ہون تجسے یہہ کہ بلند کرے تو ذکر میرا اور دور کرے تو بوجہ گناہ میرے
… اور پاک کرے تو دل میرا اور محفوظ رکھے تو ستر میرا یعنی بدکاری سے اور روشن کرے تو
دل میرا اور بخشے تو میرے لیئے گناہ میرے اور مانگتا ہون تجسے درجے بلند بہشت کی قبول کر یا اللہ تحقیق مین مانگتا ہون
تجسے یہہ کہ برکت دے تو میرے لیئے سماعت میری مین اور بینائی میری مین اور روح میری مین اور ظاہر میرے مین
اور باطن میرے مین اور اہل و عیال میرے مین اور زندگانی میری مین اور مرنے میرے مین اور عمل میرے مین اور قبول کر
نیکیان میری اور مانگتا ہون تجسے درجے بلند بہشت کی قبول کر نقل کی یہہ حاکم نے اور طبرانی نے کبیر اور اوسط
مین اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ اَوْسَعَ رِزْقِكَ عَلَيَّ عِنْدَ كِبَرِ سِنِّيْ وَانْقِطَاعِ عُمُرِيْ * مس طس * یا اللہ کر بہت
فراخ روزی اپنی مجپر نزدیک بڑہاپے میری کی اور تمام ہونے عمر میری کے نقل کی یہہ حاکم نے اور طبرانی نے
اوسط مین اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ ذُنُوْبِيْ وَخَطَايَايَ وَعَمْدِيْ * حب * یا اللہ بخش میرے لیئے گناہ میرے
اور چوک میری اور دانستہ گناہ میرے نقل کی یہہ ابن حبان نے يَا مَنْ لَا تَرَاهُ الْعُيُوْنُ وَلَا …
وَلَا يَصِفُهُ الْوَاصِفُوْنَ وَلَا تُغَيِّرُهُ الْحَوَادِثُ وَلَا يَخْشَى الدَّوَائِرَ يَعْلَمُ مَثَاقِيْلَ الْجِبَالِ …
الْبِحَارِ وَعَدَدَ قَطْرِ الْاَمْطَارِ وَعَدَدَ وَرَقِ الْاَشْجَارِ وَعَدَدَ مَا اَظْلَمَ عَلَيْهِ اللَّيْلُ

فِيهِ النَّهَارُ وَلَا تُوَارِي مِنْهُ سَمَاءٌ سَمَاءً وَلَا أَرْضٌ أَرْضًا وَلَا بَحْرٌ مَا فِي

قَعْرِهِ وَلَا جَبَلٌ مَا فِي وَعْرِهِ اجْعَلْ خَيْرَ عُمْرِي آخِرَهُ وَخَيْرَ عَمَلِي خَوَاتِمَهُ وَخَيْرَ أَيَّامِي يَوْمَ

أَلْقَاكَ فِيهِ ط طس ای وہ شخص کہ نہین دیکھ سکتیں [illegible] اونہین پہونچتی ہین کنہ ذات

اور صفات اوسکی کو گمان اور نہین تعریف کرسکتی [illegible] کرنی والی اور نہین متغیر کرتی ہین اوسکو

حادثی اور نہین ڈرتا ہی وہ گردشون زمانی کسی جانتا ہی [illegible] ان پہاڑونکی اور [illegible] دریاون کی اور

گنتی بوندیون مینہہ کی اور گنتی پتی درختون کی اور گنتی [illegible] اندہیرا کیا [illegible] رات [illegible]

[illegible] پہرون یعنی سب چیزین دنیا کی اور نہین چہپا سکتا اوس [illegible] دوسرا آسمان کو یعنی

علم مین بہر حال سامنی موجود ہی اور نہ چہپاتی ہی ایک زمین دوسری زمین کو اور نہ دریا اوسی کو

ہی اور نہ پہاڑ اوس چیز کو کہ اندر اوسکی ہی یعنی کانین اور جیسی کر اچہی عمر میری آخر عمر کو

عمل کو اور بہتر دنون میری کا اوسدن کو کہ ملاقات کرون مین تجہسی اوسمین نقل [illegible]

يَا وَلِيَّ الْإِسْلَامِ وَأَهْلِهِ ثَبِّتْنِي بِهِ حَتَّى أَلْقَاكَ ط ای مددگار اسلام [illegible] مسلمانون کے

ثابت رکہہ مجکو اسلام پر یہان تلک کہ ملون مین تجہسی نقل کی یہہ طبرانی نی اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ الرِّضَا

بِالْقَضَاءِ وَبَرْدَ الْعَيْشِ بَعْدَ الْمَوْتِ وَلَذَّةَ النَّظَرِ إِلَى وَجْهِكَ وَالشَّوْقَ إِلَى لِقَائِكَ فِي غَيْرِ

ضَرَّاءَ مُضِرَّةٍ وَلَا فِتْنَةٍ مُضِلَّةٍ ط طس یا اللہ تحقیق مین مانگتا ہون تجہسی راضی ہونا

اوپر تقدیر کے اور ٹہنڈک زندگانی کے بعد مرنی کی اور لذت نظر کے

منہہ تیری کے اور شوق طرف ملنی تیری کے بیچ غیر حالت سخت ضرر دینی والی کے

فتنہ گمراہی مین ڈالنی والی کے نقل کیے یہہ طبرانی نے کبیر و اوسط

مین اَللّٰهُمَّ أَحْسِنْ عَاقِبَتَنَا فِي الْأُمُورِ كُلِّهَا

وَأَجِرْنَا مِنْ خِزْيِ الدُّنْيَا وَعَذَابِ الْآخِرَةِ ط

یا [illegible] پہاڑ کر انجام ہمارا سب کاموں مین اور بچا ہمکو رسوائی دنیا اور عذاب آخرت کیسی نقل کے یہہ [illegible]
نی [illegible] ن کان ذلك دعاءه ومات قبل أن يصيبه البلاء ✻ ط ✻ جبکی ہو وی یہہ دعا یعنی الل[illegible]
احسن عاقبتنا تو مرتا ہی پہلی اسکے کہ پہنچی اسکو بلا نقل کے یہہ طبرانی نی ف یعنی جو اسی دعا پر مداومت
[illegible] دم زیست محفوظ رہتا ہی اوس بلاوں سی کہ سبب رسوائی دارین کی ہو اور کہا مصنف نی کہ یہہ حدیث
بزرگ قدر ہی تو یہہ کہ مداومت کیجاوے اسپر پس تحقیق یہہ مجرب ہی کذا ذکر العلي اللهم إني أسألك
غناي وغنا مولاي [illegible] ✻ ط ✻ یا اسد تحقیق مین مانگتا ہون تجہسی بے پروائی اپنی خلق سی اور بی پروائی
دوستون او [illegible] ہونی الارشاد گاروں اپنی کی نقل کے یہہ احمد طبرانی نے اللهم إني أسألك
عيشة نقية وميتة سوية ومردا غير مخزي ولا فاضح ✻ ط ✻ یا اسد تحقیق مین مانگتا ہون
[illegible] پاکیزہ اور مرنا اچہا اور پہرنا کہ خوار ہو اور نہ فضیحت کرنی والا نقل کی یہہ طبرانی نی اللهم
[illegible] وادخلني الجنة ✻ ط ✻ یا اسد بخش مجکو اور رحم کر مجپر اور داخل کر مجکو بہشت
مین نقل کے [illegible] بزار نی اللهم بارك لي في ديني الذي هو عصمة أمري وفي آخرتي التي إليها
مصيري وفي دنياي التي فيها بلاغي واجعل الحيوة زيادة لي في كل خير واجعل الموت
راحة لي من كل شر ✻ م ✻ یا اسد برکت دی میری لئی دین میری مین وہ جو ہی بچاو کام میری کا اور آخرت
میری مین کہ جسکی طرف پہرنا میرا ہی اور دنیا میری مین کہ جسمین وسیلہ میرا ہی یعنی اعمال کہ وسیلہ نجات آخرت کے
ہین اور کر زندگانی کو سبب زیادتی کا میری لئی ہر نیکی مین اور کر موت کو سبب آرام کا میری لئی
سی نقل کے یہہ بزار نی اللهم اجعلني صبورا واجعلني شكورا واجعلني في عيني صغيرا
وفي أعين الناس كبيرا ✻ م ✻ یا اسد کر مجکو بہت صبر کرنی والا اور کر مجکو بہت شکر کرنی والا اور کر
مجکو بیچ انکہوں میری کی چہوٹا یعنی نا مغرور نہ آدمی اور بیچ انکہوں آدمیوں کی بڑا یعنی نا ذلیل نقل کی
یہہ بزار نی اللهم إني أسألك الطيبات وترك المنكرات وحب المساكين وأن تتوب

وَاِنْ اَرَدْتَ بِعِبَادِكَ فِتْنَةً اَنْ تَقْبِضَنِي اِلَيْكَ غَيْرَ مَفْتُوْنٍ * مت * یا اللہ تحقیق میں مانگتا
ہون تجہسے پاکیزہ چیزین یعنی رزق حلال یا اچھی عمل اور چہوڑنا بُری باتون کا اور دوستی محتاجون کی
اور یہہ کہ توفیق توبہ کی دے تو مجکو اور اگر چاہے تو ساتھ بندون اپنے کی فتنہ یعنی بلا اور نافرمانی چاہے
اور پہیر تو مانگتا ہون یہہ کہ اوٹہا لے تو مجکو طرف اپنی غیر فتنہ زدہ یعنی پہلے اوترنے بلا سے نقل کی یہہ ترمذی نے
اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَسْئَلُكَ عِلْمًا نَافِعًا وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ عِلْمٍ لَا يَنْفَعُ * ط طس * یا اللہ تحقیق
مین مانگتا ہون تجہسے علم نفع دینے والا اور پناہ مانگتا ہون ساتھ تیرے اوس علم سے کہ نہ نفع دے نقل کی
یہہ طبرانی نے کبیر و اوسط مین اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَسْئَلُكَ عِلْمًا نَافِعًا وَعَمَلًا مُتَقَبَّلًا * طس * یا اللہ تحقیق
مین مانگتا ہون تجہسے علم فائدہ مند اور عمل مقبول نقل کی یہہ طبرانی نے اوسط مین اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِي
اَرْضِنَا بَرَكَتَهَا وَزِيْنَتَهَا وَسَكَنَهَا * طس * یا اللہ برکت دے زمین ہماری مین برکت [illegible] اور زینت
اوسکی یعنی جو چیز سبب زینت کی ہے یعنی تر و تازہ کر اور رکہہ سبب خاطر جمعی و چین پانے اوسکا یعنی [illegible]
پہنچ اونکی نفس اونکی آرام پکڑین نقل کی یہہ طبرانی نے اوسط مین اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَسْئَلُكَ بِاَنَّكَ الْاَوَّلُ
فَلَا شَيْءَ قَبْلَكَ وَالْاٰخِرُ فَلَا شَيْءَ بَعْدَكَ وَالظَّاهِرُ فَلَا شَيْءَ فَوْقَكَ وَالْبَاطِنُ فَلَا
شَيْءَ دُوْنَكَ اَنْ تَقْضِيَ عَنَّا الدَّيْنَ وَاَنْ تُغْنِيَنَا مِنَ الْفَقْرِ * مص * یا اللہ تحقیق میں
مانگتا ہون تجہسے بوسیلہ اسکی کہ تحقیق تو اول ہے پس نہین تہی کوئی چیز پہلے تیری اور تو آخر ہے پس نہین کوئی چیز
پیچہے تیری اور تو ظاہر ہے پس نہین کوئی چیز اوپر تیری اور تو پوشیدہ ہے پس نہین کوئی چیز نیچے تیرے یہہ کہ
ادا کرے تو ہمسے قرض اور یہہ کہ بے پروا کرے تو ہمکو محتاجگی سے نقل کی یہہ ابن ابی شیبہ نے اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَسْئَلُكَ
لِاَرْشَدِ اَمْرِي وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِي * حب * یا اللہ تحقیق مین راہنمائی چاہتا ہون تجہسے ان
کامون کی کہ مناسب و بہتر ہون میری لئے اور پناہ پکڑتا ہون ساتھ تیرے برائی نفس اپنی کیسے نقل کی یہہ
ابن حبان نے اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَسْتَغْفِرُكَ لِذَنْبِي وَاَسْتَهْدِيْكَ لِاَرْشَدِ اَمْرِي وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ فَتُبْ

عَلَیَّ اِنَّکَ اَنْتَ رَبِّیْ اَللّٰهُمَّ فَاجْعَلْ رَغْبَتِیْ اِلَیْکَ وَاجْعَلْ غِنَایَ فِیْ صَدْرِیْ وَبَارِکْ لِیْ فِیْمَا رَزَقْتَنِیْ
وَتَقَبَّلْ مِنِّیْ اِنَّکَ اَنْتَ رَبِّیْ ۔ مصن ۔ یا اللہ تحقیق مین بخشش مانگتا ہون تجسی گناہون اپنی کی لئی اور رجوع کرتا
ہون تجسی واسطی مقاصد حال اپنی کی یعنی سب امور اپنی مین میانہ روی چاہتا ہون کہ کمی زیادتی نہ ہو اور توبہ کرتا ہون
طرف تیری پس قبول کر میری کیونکہ تحقیق تو ہی ہی رب میرا یا اللہ پس کر رغبت میری طرف اپنی یعنی سواے تیری اور کی
خواہش نہ رکھون اور کر بی پرواہی میری سینہ میری مین اور برکت دی میری لئی اون چیزین کہ نصیب کی تو نی مجکو اور قبول
کر مجسی استغفار و طاعت کیونکہ تحقیق تو ہی ہی پروردگار میرا نقل کی ہی ابن ابی شیبہ نی یَا مَنْ اَظْهَرَ الْجَمِیْلَ وَسَتَرَ
الْقَبِیْحَ یَا مَنْ لَا یُؤَاخِذُ بِالْجَرِیْرَةِ وَلَا یَهْتِکُ السِّتْرَ یَا عَظِیْمَ الْعَفْوِ یَا حَسَنَ التَّجَاوُزِ یَا وَاسِعَ الْمَغْفِرَةِ
یَا بَاسِطَ الْیَدَیْنِ بِالرَّحْمَةِ یَا صَاحِبَ کُلِّ نَجْوٰی یَا مُنْتَهٰی کُلِّ شَکْوٰی یَا کَرِیْمَ الصَّفْحِ یَا عَظِیْمَ الْمَنِّ یَا
مُبْتَدِئَ النِّعَمِ قَبْلَ اسْتِحْقَاقِهَا یَا رَبَّنَا وَیَا سَیِّدَنَا وَیَا مَوْلَانَا وَیَا غَایَةَ رَغْبَتِنَا اَسْئَلُکَ یَا اللّٰهُ اَنْ لَا تَشْوِیْ
خَلْقِیْ بِالنَّارِ ۔ مصن ۔ ای وہ شخص کہ ظاہر کی خوبی اور نیکی بندون کی اور ڈھانکی برائی ای وہ شخص کہ نہین گرفتار کرتا
بسبب گناہون کی یعنی بمجرد صادر ہونی اونکی کی مواخذہ نہین کرتا بلکہ بامید توبہ توقف فرماتا ہی بلکہ اکثر درگذر کرتا ہی
اور نہین پردہ دری کرتا کسی کی ای بہت عفو کرنی والی ای اچھی درگذر کرنی والی ای عام کرنی والی بخشش کی ای
کھولنی والی ہاتھون قدرت کی ساتھ رحمت کی یعنی بہت دیتا ہی ای صاحب ہر راز کی یعنی ہر راز دار کا راز اور نہان
جانتا ہی ای جا ہی پہونچنی ہر شکوہ کی ای اچھی درگذر کرنی والی گناہون سی ای بہت دینی والی ای ابتدا کرنی
نعمتون کی پہلی مستحق ہونی اونکی کی یعنی پہلی طاعت و عبادت کرنی سی دیتا ہی ای پروردگار ہماری اور ای صاحب
ہماری اور ای مالک ہماری اور ای نہایت رغبت ہماری کی یعنی تیری برابر کوئی چیز پیاری نہین مانگتا ہون
تجسی ای اللہ یہہ کہ جلاوی تو صورت میری ساتھ آگ کی نقل کی یہہ حاکم نی یا منتہی کل شکوی
اسپر کہ سواے اوسکی کسی پر دروازہ شکایت کا نہ کہولی جیسی حضرت یعقوب علیہ السلام نی فرمایا اِنَّمَا اَشْکُوْ
بَثِّیْ وَحُزْنِیْ اِلَی اللّٰهِ یعنی مین تو کہولتا ہون اپنا احوال اور غم اللہ ہی پاس کذا ذکر الفخر

ـق الحمد عظم حلمك فعفوت فلك الحمد بسطت يدك فاعطيت فلك الحمد ربنا وجهك
اكرم الوجوه وجاهك اعظم الجاه وعطيتك افضل العطية واهناها تطاع ربنا فتشكر
وتعصى ربنا فتغفر وتجيب المضطر وتكشف الضر وتشفي السقيم وتغفر الذنب وتقبل
التوبة ولا يجزي بآلائك احد ولا يبلغ مدحتك قول قائل * ص مو مص * اور اے
ہدایت تیری کا پس سیدھی راہ دکھائی تو نے پس تیری ہی لئے تعریف ہے بڑی ہوئی بردباری تیری پس بخشا
بندوں کو پس تیری ہی لئے تعریف ہے فراخ ہوا دست قدرت تیرا ساتھ انعام کے پس دیا تو نے ہر کسی کو پس تیری ہی
لئے تعریف ہے اے رب ہمارے ذات مقدس تیری بہت بزرگ ہے ذاتوں کی اور مرتبہ تیرا بہت بڑا ہے مرتبوں کا
اور بخشش تیری افضل بخششوں کی ہے اور بہت گوارا انکی اطاعت کیا جاتا ہے تو اے رب ہمارے پس شکر کیا جاتا ہے
اور نافرمانی کیا جاتا ہے تو اے رب ہمارے پس بخشتا ہے اور قبول کرتا ہے تو دعا عاجز کی اور دور کرتا ہے
اور شفا دیتا ہے بیمار کو اور بخشتا ہے گناہ کو اور قبول کرتا ہے توبہ اور نہیں بدلہ دیتا ہے نعمتوں تیری کا کوئی
اور نہیں پہنچ سکتا تعریف تیری کو کلام کسی کلام کرنے والے کا نقل کیے ہیں ابو یعلیٰ نے اور موقوفاً ابن ابی
شیبہ نے اللهم اني اسئلك من فضلك ورحمتك فانه لا يملكها الا انت ط * یا الٰہی
تحقیق میں مانگتا ہوں تجھ سے فضل تیرا اور رحمت تیری پس تحقیق نہیں مالک ہے رحمت کا کوئی مگر تو نقل کی ہے طبرانی نے
اللهم اغفر لي ما اخطأت وما تعمدت وما اسررت وما اعلنت وما جهلت وما علمت
ط * یا اللہ بخش میری لئے گناہ کہ چوک کر کئے میں نے اور وہ کہ قصداً کئے میں نے اور وہ کہ پوشیدہ کئے میں نے اور وہ
کہ ظاہر کئے میں نے اور وہ کہ نادانستہ کئے میں نے اور وہ کہ دانستہ کئے میں نے نقل کیے ہیں احمد اور طبرانی نے اللهم اغفر
لنا ذنوبنا وظلمنا وهزلنا وجدنا وخطأنا وعمدنا وكل ذلك عندنا ط * یا اللہ بخش ہمارے
لئے گناہ ہمارے اور ظلم ہمارے اور بیہودگیاں ہماری اور قصداً گناہ ہمارے اور چوک ہماری اور دانستہ گناہ
ہمارے اور یہ سب گناہ موجود ہیں نزدیک ہمارے نقل کی ہے احمد طبرانی نے اللهم اغفر لي خطاياي وعمدي

هزلي وجدي ولا تحرمني بركة ما اعطيتني ولا تفتني فيما احرمتني ؕ طس ؕ يا الله بخش میری
چوک میری اور دانستہ گناہ میری اور بیہودگیاں میری اور قصداً گناہ میری اور محروم نکر مجھکو برکت اوس چیز کی
کہ دی تونی مجھکو اور نہ فتنہ مین ڈال مجھکو بیچ اوس چیز کی کہ محروم کیا تونی مجھکو یعنی نہ دینی کو سبب فتنہ کا نہ
بی بیمبری وغیرہ کرون نقل کی یہہ طبرانی نی اوسط مین اَللّٰهُمَّ اَحْسَنْتَ خَلْقِي فَاَحْسِنْ خُلُقِي ؕ حا
حسن ؕ یا اللہ اچھی کی تونی صورت میری پس اچھی کر سیرت میری نقل کی یہہ احمد ابو یعلی نی رَبِّ اغْفِرْ
وَارْحَمْ وَاهْدِنِي السَّبِيلَ الْاَقْوَمَ ؕ اَحص ؕ ای رب میری بخش اور رحم کر اور دکھا مجھکو راہ سیدہی
یعنی دین کی نقل کے یہہ احمد ابو یعلی نے سَلُوا اللّٰهَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ فَاِنَّ اَحَدًا لَمْ يُعْطَ بَعْدَ الْيَقِيْنِ
خَيْرًا مِنَ الْعَافِيَةِ ؕ ت س ق حب مس ؕ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نی مانگو اللہ تعالی سی
بخشش اور عافیت کیونکہ تحقیق کوئی شخص نہین دیا گیا ہی پیچھی ایمان کی کوئی چیز بہتر عافیت سی یعنی بعد دولت
ایمان کی درجہ عافیت ہی کا ہی نقل کیے یہہ ترمذی نسائی ابن ماجہ ابن حبان حاکم نی یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ عَلِّمْنِي
شَيْئًا اَدْعُو اللّٰهَ بِهٖ فَقَالَ سَلْ رَبَّكَ الْعَافِيَةَ فَمَكَثْتُ اَيَّامًا ثُمَّ جِئْتُ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ
عَلِّمْنِي شَيْئًا اَسْئَلُهُ رَبِّي عَزَّ وَجَلَّ فَقَالَ يَا عَمِّ سَلِ اللّٰهَ الْعَافِيَةَ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ؕ
ط ؕ حضرت عباس روایت کرتی ہین کہ عرض کیا مینی ای رسول اللہ سکہاؤ مجھکو کچھ تا دعا کرون مین اللہ
سی ساتھ اوسکی پس فرمایا مانگ پروردگار اپنی سی عافیت پس ٹھیرا مین چند روز پھر حاضر ہوا مین
کی مینی یا رسول اللہ سکہاؤ مجھکو کچھ تا مانگون مین اوسکو اپنی پروردگار عز و جل سی پس فرمایا ای چچا میری
اللہ سی عافیت دنیا اور آخرت مین نقل کی یہہ طبرانی نی يَا عَمِّ اَكْثِرِ الدُّعَاءَ بِالْعَافِيَةِ ؕ ط
ای چچا میری بہت دعا کر ساتھ عافیت کی نقل کے یہہ طبرانی نی مَا سَاَلَ اللّٰهَ الْعِبَادُ شَيْئًا
اَفْضَلَ مِنْ اَنْ يَغْفِرَ لَهُمْ وَيُعَافِيَهُمْ ؕ مر ؕ نہ مانگی اللہ تعالی سی بندون نی کوئی چیز بہتر اس سی کہ
بخشی اللہ اونکو اور عافیت دی اونکو نقل کی یہہ بزار نی يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَلَا تُعَلِّمُنِي دَعْوَةً اَدْعُو بِهَا

بِنَفْسِي قَالَ بَلٰى قُوْلِيْ اَللّٰهُمَّ رَبَّ النَّبِيِّ مُحَمَّدٍ اِغْفِرْ لِيْ ذَنْبِيْ وَاَذْهِبْ غَيْظَ قَلْبِيْ وَاَجِرْنِيْ مِنْ مُضِلَّاتِ الْفِتَنِ مَا اَحْيَيْتَنَا * عرض کیا ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے یا رسول اللہ سکھا دیجئے مجکو ایک دعا کہ دعا کرون مین ساتھہ اوسکی اپنی لیئے فرمایا ہان سکھاتا ہون کہہ اے اللہ پروردگار نبی کی محمد صلی اللہ علیہ وسلم مین بخش میری لئے گناہ میری اور دور کر غصہ دل میری کا یعنی وہ چیزین کہ غصہ دلاتی ہین مثل حسد وغیرہ کی دور کر اور بچا مجکو گمراہ کرنی والی فتنون سے جب تلک زندہ رکہی تو ہمکو نقل کی یہہ احمد نے

لَا يَقُوْلَنَّ اَحَدُكُمْ اَللّٰهُمَّ لَقِّنِّيْ حُجَّتِيْ فَاِنَّ الْكَافِرَ يُلَقَّنُ حُجَّتَهُ وَلٰكِنْ يَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ لَقِّنِّيْ حُجَّةَ الْاِيْمَانِ عِنْدَ الْمَمَاتِ * ط * نہ کہی ایک تم مین کا یا اللہ سمجہا مجکو دلیل میری اسلئے کہ تحقیق کافر بہی سمجہایا جاتا ہی دلیل اپنی یعنی دلیل باطل پس نہ چاہت مانگی ولیکن کہی یا اللہ سمجہا مجکو دلیل ایمان کے یعنی کلمہ طیب وغیرہ نزدیک مرنیکی نقل کے یہہ طبرانی نے

فَضْلُ الصَّلٰوةِ وَالسَّلَامِ

عَلَى النَّبِيِّ عَلَيْهِ اَفْضَلُ الصَّلٰوةِ وَالسَّلَامِ * یہہ بیان ہی فضیلت درود و سلام بہیجنے کا اوپر بہتر درود و سلام ہووی مَا جَلَسَ قَوْمٌ مَجْلِسًا لَمْ يَذْكُرُوا اللّٰهَ فِيْهِ وَلَمْ يُصَلُّوْا عَلٰى نَبِيِّهِمْ اِلَّا كَانَ عَلَيْهِمْ حَسْرَةً يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَاِنْ دَخَلُوا الْجَنَّةَ لِلثَّوَابِ * حب آ دت س تر * نہ بیٹہی کوئی قوم کسی مجلس مین کہ نہ یاد کیا اللہ کو اوسمین اور نہ درود بہیجا نبی اپنی پر مگر کہ ہوگی یہہ مجلس اونپر سبب حسرت کی دن قیامت کی اور اگرچہ داخل ہووین بہشت مین واسطی ثواب کی نقل کے یہہ ابن حبان احمد ابو داؤد و ترمذی نسائی حاکم نی ف للثواب متعلق حسرت کی ہی یعنی قیامت کو جب ثواب ذکر اور درود کا دیکہینگے پشیمان ہوئینگی کہ کاشکی تمام عمر اپنی اسمین صرف کرتی حنفی رح نی لکہا ہی کہ ظاہر حدیث سی یہہ سمجہا جاتا ہی کہ ہر شخص اہل مجلس مین سی یہہ دونون کام کری اگر ایک سی بہی فوت ہوگا تو باعث حسرت کا اسکو ہوگا کرنا ایک کا اوروں کو کفایت نہین کرتا اور ملا علی قاری رح نی لکہا ہی کہ جو شخص نہ کریگا اوسکو حسرت ہوگی اسکو نہین ہونیکی اَكْثِرُوْا عَلَيَّ مِنَ الصَّلٰوةِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ فَاِنَّ صَلٰو

مَعْرُوْضَةٌ عَلَيَّ * د س ق حب * فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بہت بھیجو مجھپر درود دن
جمعہ کی پس تحقیق درود تمہارا عرض کیا جاتا ہی مجھپر نقل کیے یہہ ابوداؤد نسائی ابن ماجہ ابن حبان نے
ف معنی حدیث کی یہہ ہین کہ درود بہت بھیجا کرو خصوصًا دن جمعہ کی کہ درود تمہارا جب پڑھتے
ہو مجھپر عرض ہوتا ہی اور جمعہ کو بطریق اولی بسبب اسکی فضیلت کی اور مناسبت ہی اسکو حضرت سے کہ
یہہ سید الایام ہی اور حضرت سید الاولین والآخرین ہین اور ادنی درجہ کثرت کا تین سو بار
ہی کذا ذکر الشیخ اسحق رح لَيْسَ يُصَلِّيْ عَلَيَّ اَحَدٌ يَوْمَ الْجُمُعَةِ اِلَّا عُرِضَتْ عَلَيَّ صَلٰوتُهٗ * د ر مس
نہین درود بھیجتا ہی مجھپر کوئی دن جمعہ کی مگر کہ عرض کیا جاتا ہی مجھپر درود اوسکا یعنی جلدی پہنچتا ہے ف اور دنون
کی شاید کچھہ توقف ہی ہوتا ہو نقل کیے یہہ حاکم نے مَا مِنْ اَحَدٍ يُسَلِّمُ عَلَيَّ اِلَّا رَدَّ اللّٰهُ عَلَيَّ رُوْحِيْ
حَتّٰى اَرُدَّ عَلَيْهِ السَّلَامَ * د * نہین کوئی سلام بھیجتا ہی مجھپر مگر کہ پہیرتا ہی اللہ مجھپر روح میری
یہان تلک کہ جواب دیتا ہون اوسکو سلام کا نقل کیے یہہ ابوداؤد نے ف اسپر یہہ شبہ آتا ہی کہ عقیدہ
اہل سنت کا ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم عالم برزخ مین زندہ ہین اور اس حدیث سے معلوم ہوا کہ زندہ
نہین ہین وقت سلام کی روح آجاتی ہی جواب اسکا یہہ ہی کہ روح پہیر آنی سے مراد یہہ ہی کہ حضور جناب باریتعالی
مین جو حضرت کی روح مبارک مستغرق ہوتی ہی اوس سے افاقت دیکر ادہر متوجہ کرتی ہین تا جواب سلام کا
دے پس یہہ مراد نہین ہی کہ بدن سے روح مبارک جدی ہی اوسوقت آجاتی ہی کذا ذکر الفخر اَوْلَى النَّاسِ
بِيْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَكْثَرُهُمْ عَلَيَّ صَلٰوةً * ت حب * قریب تر آدمیون کا ساتھہ میرے دن قیامت کے
یعنی رتبہ مین بہت بھیجنے والا اونکا ہی مجھپر درود کو دنیا مین نقل کیے یہہ ترمذی ابن حبان نے اَلْبَخِيْلُ مَنْ
ذُكِرْتُ عِنْدَهٗ فَلَمْ يُصَلِّ عَلَيَّ * ت س حب مس * بخیل وہ ہی کہ ذکر کیا جاوے مین
پاس اوسکی یعنی نام لیا جاوے میرا پس نہ درود بھیجے نقل کیے یہہ ترمذی نسائی ابن حبان حاکم نے
اَكْثِرُوا الصَّلٰوةَ عَلَيَّ فَاِنَّهَا زَكٰوةٌ لَّكُمْ * مس * بہت بھیجو درود مجھپر تحقیق [illegible]

ہماری لئی یعنی سبب زیادتی اجر اور بڑہنی مال اور پاکی گناہون کا ہی نقل کے یہہ ابویعلی نے رَغِمَ اَنْفُ رَجُلٍ ذُکِرْتُ
عِنْدَهٗ فَلَمْ یُصَلِّ عَلَیَّ ۔ ت حب ر ط ۔ خاک مین بہری ناک اوس شخص کے یعنی خوار اور ہلاک ہووے
وہ کہ ذکر کیا جاؤن مین اوسکی پاس پس نہ درود بہیجی مجہپر نقل کے یہہ ترمذی ابن حبان بزار طبرانی نی ف
ظاہر اس حدیث سی یہہ معلوم ہوتا ہی کہ جب نام مبارک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا مجلس مین لیا جاوی ہر بار درود
بہیجی مگر علما رح نی لکہا ہی کہ ایک بار واجب ہی اور ہر بار مستحب اور افضل ہے کذا ذکرالفخر رح مَنْ ذُکِرْتُ
عِنْدَهٗ فَلْیُصَلِّ عَلَیَّ ۔ س طس ص ی ۔ جسکی پاس ذکر کیا جاؤن مین پس چاہئی کہ درود بہیجی مجہپر
نقل کے یہہ نسائی نے اور طبرانی نی اوسط مین اور ابویعلی ابن سنی نی فَاِنَّهٗ مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ وَاحِدَةً
صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ عَشْرًا ۔ ی ۔ پس تحقیق جو کوئی درود بہیجی مجہپر ایکبار درود بہیجتا ہی اللہ یعنی رحمت بہیجتا ہے
اوسپر دس بار نقل کی یہہ ابن سنی نی مَنْ ذَکَرَنِیْ فَلْیُصَلِّ عَلَیَّ ۔ ص ۔ جو کوئی یاد کری مجکو اور نام لی میرا
پس چاہئی کہ درود بہیجی مجہپر نقل کے یہہ ابویعلی نے اِنَّ لِلّٰهِ مَلٰٓئِکَةً سَیَّاحِیْنَ یُبَلِّغُوْنِیْ عَنْ اُمَّتِی السَّلَامَ
